ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور

February 2018 Rs.60/-

جسمانی امراض سے صحت
آپ کا ماہ کیسا گزرے گا؟
تسخیرات وعملیات کی روحانی دنیا
تسخیر جنات
برج حوت
حب کا ایک زوداثر عمل
بیماریاں اور ان کا علاج
الحمد شریف
عمل غائبانہ موکل
لکی نمبرز
آئیں دماغ لڑائیں
کرشماتی نمبرز
مقدر کا سکندر





مسائل کا نورانی حل

لوحِ شرف قمر	روزمرہ زندگی سے متعلق کسی بھی معاملہ کے فوری روحانی حل کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔
لوحِ شرف شمس	عزت، شہرت، کامیابی، حکومت، سیاست، حصول عہدہ، اعلیٰ پوزیشن، نوکری میں استحکام اور ترقی، اولادِ نرینہ، سرکاری نوکری
لوحِ شرف عطارد	تعلیم، حافظہ اور زبان دانی، کاروبار تجارت اور رزق، نوکری، دماغی امراض، اندرون و بیرون ملک سفر
لوحِ شرف زہرہ	عوام و خواتین میں مقبولیت، تسخیر محبوب، رجوع خلقت، شادی، خوبصورتی اور کشش پیدا کرنے کے لیے
لوحِ شرف مریخ	مخالفین پر غلبہ، دشمنوں کو شکست، مقدمہ یا لڑائی میں کامیابی، سحری و آسیبی امراض سے بچاؤ، تحفظ صحت، قوت جسمانی اور مردانہ حیوانی طاقت۔
لوح شرف مشتری	مال و دولت، تجارت و کاروبار میں اضافہ، جائیداد، انعامی بانڈ، لاٹری، خاتمہ غربت مالی۔
لوحِ شرف زحل	جب چلتے کام رکنے لگ جائیں اور کام ہوتے ہوتے رہ جائیں تو آپ کو اس لوح کی ضرورت ہے۔ مختلف قسم کی ناکامیوں اور پریشانیوں سے تحفظ کے لیے۔ وراثتی جائیداد کا مسئلہ
لوح خوش قسمتی	جب مسائل کا کوئی حل نظر نہ آئے تو عمومی خوش قسمتی کے لیے واحد علاج، بہترین مثبت اثرات۔
لوح بدنظری	بچہ کا ایک دم دودھ یا پڑھائی چھوڑ دینا، کاموں نوکری کا اچانک خاتمہ یا خرابی، چلتے کاروبار کی بندش، اچانک بیماری کا جکڑ لینا، بھوک کا خاتمہ، مرتبہ سے بلاوجہ گرنا۔
زعفرانی نقوش	بیماری چاہے کوئی بھی ہو اور کتنی پرانی یا موذی کیوں نہ ہو، ایک کورس اپنا اثر دیکھائے گا۔
طلسم تسخیر و حاجت	رزق، دولت، شادی، تسخیر مطلوب، تسخیر خلق، حصول عہدہ، انعامی بانڈ، تسخیر دشمن، حصول اولاد، صحت، جادو سحر سے حفاظت، حفظ و امان یا کسی بھی مطلب و مقصد کے لیے حاصل کر سکتے ہیں۔
لوح نورانی و کبیر	حروف نورانی کی یہ لوح نوکری، روزگار، بزنس، اولاد، سفر، خوش قسمتی، صحت تندرستی، تعلیم حافظہ عقل و دانش، روحانیات، ردسحر، تحفظ یا جو بھی کوئی اور نیک مقصد ہو اس کے لیے موثر۔
لوح زچگی	زچہ و بچہ کی حفاظت، ان کو سحر، جادو، ٹونا اور ہر قسم کے سحری اور جسمانی نقائص اور اثرات سے حفاظت۔

ماھنامہ
راھنمائے عملیات
لاھور

سرپرست
خالد اسحاق راٹھور ایم اے ہسٹری

ایڈیٹر
عبدالباسط راٹھور

سب ایڈیٹر
عبدالحی راٹھور

قیمت
راھنمائے عملیات -/60 فی شمارہ
راھنمائے عملیات (12 شمارہ) -/850 روپے سالانہ
راھنمائے عملیات (12 شمارہ) - 55 ڈالرز سالانہ
(بذریعہ ڈاک)

خالد روحانی جنتری	250/-
خالد ہندی جنتری	250/-

جملہ حقوق
جملہ حقوق بحق خالد روحانی جنتری خالد ہندی جنتری اور راھنمائے عملیات محفوظ ہیں۔ کسی بھی تحریر و مواد کو ادارہ کی تحریری اجازت کے بغیر شائع نہیں کیا جا سکتا۔ ایسا کرنے پر کاپی رائٹ ایکٹ کے تحت کارروائی کا حق ادارہ کو حاصل ہے۔

ویب سائٹ
www.khalidrathore.com

ای میل
kirathor@yahoo.com

فیس بک
Rehnuma-e-amliyat
Eastern Artist

دفتری اوقات کار
صبح 11:00 تا شام 06:00 تک
تعطیل اتوار و دیگر حکومتی اعلانات کے مطابق

فون نمبرز
0300-8442060
0321-4753240
0300-4783518
042-36293245
042-36374864

ترسیل زر:
آن لائن بنک اکاونٹ
A/C # 05570017139203
Khalid Ishaq Rathore, Habib Bank Limited, Allama Iqbal Road, Lahore, Pakistan.

بیرون ملک۔
Western Union, Xpress money, Ria

منی آرڈر
خالد اسحاق راٹھور راٹھور مینشن مکان نمبر 2 گلی نمبر 11 محمد نگر گڑھی شاہو لاہور پاکستان۔

ایزی پیسہ
عبدالباسط راٹھور
Account & Phone No.
03464387683

عبدالحی راٹھور
Account & Phone No.
03464387682

موبی کیش
Account & Phone No.
03008442060

فہرست مضامین

محبان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	3
دنیا ستاروں کی روشنی میں	6
عملیاتی، روحانی وظائف و اعمال	8
خالد روحانی جنتری فروری 2018	10
کونسی نظرات موثر ہیں کون سی نہیں؟	11
جسمانی امراض سے صحت	12
آپ کا ماہ کیسا گزرے گا؟	15
تسخیرات و عملیات کی روحانی دنیا	25
تسخیر جنات	26
برج حوت	33
حب کا ایک زوداثر عمل	36
بیماریاں اور ان کا علاج	38
الحمد شریف	42
عمل غائبانہ موکل	44
لکی نمبرز	48
آئیں دماغ لڑائیں	49
کرشماتی نمبرز	49
مقدر کا سکندر	50
مہورت	51
آج کا دن کیسا گزرے گا؟	54

ناشر۔ شائستہ خالد راٹھور
پرنٹر۔ الامین ٹریڈرز لاہور
جلد 21 شمارہ 12

خالد اسحاق راٹھور مکان نمبر 2 گلی نمبر 11 محمد نگر گڑھی شاہو لاہور

جواہرات

زندگی کے عمومی مسائل کے حل، حصول صحت، روزگار اور رزق میں برکت و وسعت، مختلف امراض سے نجات، معاشرتی عزت و وقار و مرتبہ میں اضافہ، روحانی و عملیاتی مسائل کے حل، تعلیمی سلسلوں میں رکاوٹوں کے خاتمے اور ذہن کو علم کی طرف متوجہ کرنے، اعلیٰ تعلیم کے واسطے، بندش، جادو، ٹونے سے بچنے، سحر کے علاج وغیرہ کے لیے اور زائچہ پیدائش کے حوالے سے موزوں پتھر کا انتخاب کروائیں۔ ستاروں کی نحوست ہو یا عمومی نحوست، ناکامیابی اور پریشانی کو دور کرنے کے واسطے پتھر و جواہرات استعمال کرنا زندگی میں کامیابیوں کو بڑھائے گا۔

اصل پتھر مناسب قیمت پر ادارہ "راہنمائے عملیات" سے مکمل اعتماد کے ساتھ حاصل کریں۔

رابطہ:۔ خالد اسحاق راٹھور، گلی نمبر 11، مکان نمبر 2، نزد جامعہ نعیمیہ، محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور

فون نمبرز:۔ 042-36374864, 0300-8442060

رسول محبان صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت ثُمامہ بن اُثال رضی اللہ عنہ

ان صفحات کو ان محبان رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے مخصوص کیا گیا جن کی زندگی نبی اکرم ﷺ کی خدمت اور اسلام کی سربلندی کے لیے بسر ہوئی۔

رسول اللہ ﷺ نے ۶ ھ میں دعوت دین کو وسیع کرنے کے لیے عرب وعجم کے حکمرانوں کو آٹھ دعوتی خطوط لکھے۔ ان حکمرانوں میں ایک ثمامہ ابن اثال حنفی بھی تھا۔ یہ ایک بااثر اور اہم شخصیت کا مالک تھا۔ دور جاہلیت میں عرب کا ایک حکمران، بنوحنیفہ کا ایک سربرآوردہ رئیس اور علاقہ یمامہ کے ان بادشاہوں میں سے تھا جن کی کوئی بات ٹھکرائی نہیں جاتی لہذا اسے بھی خط لکھا گیا۔

جب ثمامہ کے پاس رسول اللہ ﷺ کا پیغام پہنچا تو اس نے اس کے ساتھ نہایت توہین آمیز اور غیر ذمہ دارانہ رویہ اپنایا۔ جھوٹے پندار اور جاہلانہ غرور نے اس کو گناہ پر جما دیا اور اس نے دعوت حق سے اپنے کان بند کر لیے۔ پھر شیطان اس پر سوار ہو گیا اور اسے رسول اللہ ﷺ کو قتل کر کے ان کی دعوت کو نیست ونابود کر دینے پر انگیختہ کرتا رہا۔ اس کام کے لیے وہ آپؐ کی بے خبری اور مناسب موقع کی تلاش میں تھا، لیکن اس کے چچا نے عین وقت پر اس کو اس منصوبے پر عمل کرنے سے روک دیا۔ ثمامہ اگرچہ رسول اللہ ﷺ کے ارادۂ قتل سے باز آ گیا، لیکن وہ صحابہ رضی اللہ عنہ کو قتل کرنے کے ارادے سے دست بردار نہیں ہوا۔ وہ برابر ان کی تاک میں لگا رہا اور آخر کار چند صحابہ پر قابو پانے میں کامیاب ہو گیا اور ان کو نہایت دردناک طریقے سے قتل کر ڈالا۔ اس وجہ سے رسول اللہ ﷺ نے صحابہ میں اس بات کا اعلان فرما دیا کہ وہ جہاں کہیں ملے، قتل کر دیا جائے۔ صحابہؓ کے قتل اور نبی کریم ﷺ کے اس اعلان کے کچھ ہی دنوں بعد ثمامہ نے عمرہ کا ارادہ کیا اور اس ارادے سے وہ اپنے علاقہ یمامہ سے مکہ کی سمت روانہ ہوا۔ وہاں پہنچ کر وہ کعبہ کا طواف اور اس میں رکھے بتوں کے لیے قربانی کا ارادہ رکھتا تھا۔ لیکن اپنے اس سفر کے دوران میں وہ مدینہ کے قریب ایک راستے سے گزرتے ہوئے اچانک ایک ایسی آفت میں پھنس گیا جس کا اسے وہم وگمان تک نہیں تھا۔ ہوا یہ کہ رسول ﷺ کے بھیجے ہوئے کچھ مسلمانوں پر مشتمل ایک فوجی دستے نے جو اس خطرے کے پیش نظر کہ کہیں کوئی شرپسند رات کی تاریکی سے فائدہ اٹھا کر مدینہ کے باشندوں کو نقصان نہ پہنچا دے ثمامہ کو دیکھا اور اسے گرفتار کر لیا (حالانکہ ان میں سے کوئی بھی اس کو پہچانتا نہ تھا) اور اس کو مدینہ لائے، اور مسجد کے ایک ستون سے باندھ دیا اور اس بات کا انتظار کرنے لگے کہ رسول اللہ ﷺ بہ نفس نفیس خود اس کے بارے میں کوئی فیصلہ صادر فرمائیں۔ جب آپؐ نے مسجد میں داخل ہونے کا ارادہ فرمایا تو نظر ثمامہ پر پڑی، آپؐ نے صحابہ سے دریافت فرمایا:

''جانتے ہو تم لوگوں نے کس کو گرفتار کیا ہے؟''۔ ''نہیں اے اللہ کے رسول ﷺ! ہم اس سے واقف نہیں ہیں''۔ صحابہؓ نے عرض کیا۔ ''یہ قبیلہ بنی حنیفہ کا سردار ثمامہ ابن اثال ہے۔ اس کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آنا''۔ آپ ﷺ واپس گھر تشریف لے گئے اور گھر والوں سے کہا کہ ''تمہارے پاس جو بھی کھانا ہو، اسے جمع کر کے ثمامہ ابن اثال کے پاس بھیج دو''۔ پھر دوبارہ آپؐ ثمامہ کو اسلام کی طرف مائل کرنے کے خیال سے اس کے پاس تشریف لے گئے اور اس سے پوچھا کہ ''ثمامہ! تمہارا کیا خیال ہے۔ تم ہماری طرف سے کس قسم کے سلوک کی توقع رکھتے ہو؟''

''میں آپ کے متعلق اچھا گمان اور آپ سے اچھے برتاؤ کی اُمید رکھتا ہوں، لیکن اگر آپ میرے قتل کا فیصلہ کرتے ہیں تو ایک ایسے شخص کو قتل کرائیں گے جو قتل کا مجرم ہے اور اگر احسان کر کے مجھے چھوڑ دیں تو ایک احسان شناس کو اپنا ممنون کرم پائیں گے، اور اگر آپ کو مال کی خواہش ہے تو

حضرت ثُمامہ بن اُثال رضی اللہ عنہ دنیا کے سب سے پہلے مسلمان تھے جو تلبیہ پڑھتے ہوئے مکہ میں داخل ہوئے تھے۔ قریش کے لوگ اس غیر متوقع آواز کو سن کر سہم گئے اور غضبناک ہو کر دوڑے۔

وہ بھی فرمایئے، جتنا مال چاہیں گے، دیا جائے گا'' اس نے جواب دیا۔

اس گفتگو کے بعد رسول اللہ ﷺ نے ثمامہ کو اس کے حال پر چھوڑا اور دو روز تک اس سے کوئی تعرض نہیں کیا۔ اس دوران کھانا اور اونٹنی کا دودھ اسے برابر دیا جاتا رہا۔ دو دن بعد رسول اللہؐ پھر اس کے پاس تشریف لائے اور وہی سوال کیا۔

''ثمامہ! تمہارا کیا خیال ہے۔ تم ہم سے کس قسم کے سلوک کی توقع رکھتے ہو؟'' ..... اس نے جواب دیا: ''میرے پاس کہنے کی وہی باتیں ہیں جو اس سے پہلے میں کہہ چکا ہوں۔ اگر آپ میرے اوپر احسان کرتے ہیں تو ایک ایسے شخص پر احسان کریں گے جو اس کی قدر پہنچانتا ہے، اور اگر میرے قتل کا فیصلہ کرتے ہیں تو آپ کا یہ فیصلہ حق بہ جانب ہوگا کیونکہ میں آپ کے آدمیوں کو قتل کر کے اس کا مستحق قرار پا چکا ہوں اور اگر آپ کو مال کی خواہش ہے تو بتایئے، جو چاہیں گے آپ کو پیش کیا جائے گا''۔

اس موقع پر نبی ﷺ نے اس سے مزید کچھ نہیں کہا بلکہ اس کو چھوڑ کر چلے گئے، البتہ اگلے روز نبی کریم ﷺ پھر اس کے پاس گئے اور پھر وہی سوال دوہرایا: ''ثمامہ! تم کو ہماری طرف سے کس برتاؤ کی اُمید ہے؟''۔ اور اس نے بھی حسب سابق وہی جواب دیا کہ ''اگر آپ میرے اوپر احسان کرتے ہیں تو ایک احسان شناس شخص پر احسان کریں گے، اور اگر مجھے قتل کرا دیتے ہیں تو میں اس کا مستحق ہوں، اور اگر آپ کو مال کی ضرورت ہو تو فرمایئے۔ آپ کا مطلوبہ مال میں آپ کو پیش کر دوں گا''۔

اس سوال و جواب کے بعد رسول اللہ ﷺ نے صحابہؓ کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا کہ ''ثمامہ کو رہا کر دو''۔ اور حسب ارشاد اس کی زنجیریں کھول دیں گئیں۔ رہائی پا کر ثمامہ مسجد سے نکلا اور مدینہ کے باہر بقیع کے قریب واقع کھجوروں کے ایک باغ میں گیا جس میں کنواں تھا۔ اپنی سواری کو اسی کنویں کے پاس بٹھا کر اس کے پانی سے خوب اچھی طرح غسل کیا اور پاک صاف ہو کر پھر اسی راستے سے چل کر مسجد میں واپس آ گیا۔ اس نے مسجد میں مسلمانوں کی ایک مجلس کے قریب پہنچ کر بہ آواز بلند کلمہ شہادت پڑھ کر اپنے اسلام کا اعلان کیا۔ پھر رسول اللہ ﷺ کی طرف متوجہ ہو کر بولا ''اے محمد ﷺ اللہ کی قسم! روئے زمین پر کوئی چہرہ میرے نزدیک آپ کے چہرے سے زیادہ مبغوض اور قابل نفرت نہ تھا۔ مگر اب یہ مجھے ہر چہرے سے زیادہ محبوب ہے اور اللہ کی قسم! آپ کے دین سے زیادہ قابل نفرت میرے نزدیک کوئی دین نہ تھا۔ لیکن اب یہ مجھے تمام ادیان سے زیادہ پسندیدہ ہے اور اللہ کی قسم! آپ کے شہر سے زیادہ ناپسندیدہ میرے نزدیک کوئی دوسرا شہر نہیں تھا مگر اب آپ کا یہ شہر مجھے تمام شہروں سے زیادہ پسند ہے''۔ (۱)

تھوڑی دیر رک کر پھر بولے ''میں نے آپ کے کچھ ساتھیوں کو قتل کیا ہے۔ اس کی تلافی کے لیے آپ میرے اوپر کیا عائد کرتے ہیں؟'' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ''ثمامہ! اس سلسلے میں تمہارے اوپر نہ قصاص ہے نہ دیت۔ کیونکہ اسلام نے تمہاری تمام سابقہ زیادتیوں اور غلط کاریوں کو حرف غلط کی طرح محو کر دیا ہے''۔ پھر نبی ﷺ نے اسلام لانے کی وجہ سے جنت کی خوشخبری دی۔ ان کا چہرہ فرط مسرت سے چمک اٹھا۔ کہنے لگے کہ ''اللہ کی قسم! میں نے آپ کے جتنے صحابہ کو قتل کیا ہے اس سے کئی گنا تعداد میں مشرکین کو قتل کروں گا اور اپنی ذات کو، اپنی تلوار کو اور ان لوگوں کو جو میرے ماتحت اور ہم نوا ہیں آپ کی اور آپ کے دین کی نصرت و تائید کے لیے وقف کرتا ہوں''۔

قدرے توقف کے بعد پھر کہا ''اے اللہ کے رسول ﷺ! آپ کے سواروں نے مجھے اس وقت گرفتار کیا تھا جب میں عمرہ کی نیت سے نکلا تھا تو آپ کے خیال میں اب مجھے اس سلسلے میں کیا کرنا چاہیے؟'' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ''تم مکہ جا کر عمرہ ادا کر لو۔ (۲) مگر یہ عمرہ اب تم اللہ اور اس کے رسول کی شریعت کے مطابق ادا کرو گے''۔ پھر نبی ﷺ نے مناسک حج اور افعال عمرہ کی تعلیم دی۔

جناب ثمامہ ابن اثالؓ عمرہ کی ادائیگی کے لیے روانہ ہوئے، جب بطن مکہ میں پہنچے تو وہیں کھڑے ہو کر بلند آواز سے تلبیہ کو پڑھنا شروع کر دیا:۔

''میں حاضر ہوں، اے اللہ! میں حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں، میں حاضر ہوں، بیشک ساری تعریفیں اور تمام نعمتیں تیرے لیے ہیں اور اقتدار تیرا ہے، تیرا کوئی شریک نہیں''۔ (۳)

وہ دنیا کے سب سے پہلے مسلمان تھے جو تلبیہ پڑھتے ہوئے مکہ میں داخل ہوئے تھے۔ قریش کے لوگ اس غیر متوقع آواز کو سن کر سہم گئے اور غضبناک ہو کر دوڑے۔ انہوں نے اپنی تلواریں بے نیام کر لیں۔ آواز کی طرف لپکے تاکہ اس شخص پر ٹوٹ پڑیں جو ان کی کچھار میں گھس آیا تھا۔ وہ لوگ ثمامہؓ کی طرف بڑھے تو انہوں نے تلبیہ کی آواز اور تیز کر دی۔ وہ ان کی طرف نہایت لاپرواہی اور بے خوفی کے ساتھ دیکھ رہے تھے۔ ایک قریشی جوان نے تیر چلا کر ان کو قتل کرنا چاہا۔ مگر دوسروں نے اس کو یہ کہتے ہوئے ایسا کرنے سے روک دیا کہ ''تیرا برا ہو، جانتا ہے کہ یہ کون ہے؟ یہ یمامہ کا بادشاہ ثمال ابن اثال ہے۔ اگر تم نے اس کو کوئی نقصان پہنچایا تو اس کے قبیلے والے ہمارے یہاں غلے کی برآمد روک کر ہم کو بھوکوں مار دیں گے''۔ پھر وہ لوگ

اپنی تلواریں میان میں کر کے جناب ثمامہؓ کے سامنے آئے اور ان سے بولے ''ثمامہ! یہ تم کو کیا ہو گیا ہے۔ کیا تم بے دین ہو گئے ہو اور تم نے اپنا اور اپنے آباؤ واجداد کا دین ترک کر دیا ہے؟''۔

''نہیں، میں بے دین نہیں ہوا بلکہ میں نے سب سے اچھے دین، محمد ﷺ کے دین کی پیروی اختیار کر لی ہے''۔ جناب ثمامہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا اس کے بعد انہوں نے کہا کہ ''اس گھر والے کی قسم! میرے پاس واپس جانے کے بعد یمامہ کے گیہوں کا ایک دانہ اور وہاں کی پیداوار کا کوئی حصہ اس وقت تک تمہارے یہاں نہیں پہنچ سکتا جب تک کہ تم سب کے سب محمد ﷺ کا اتباع نہ اختیار کر لو (۴)۔

جناب ثمامہؓ نے قریش کی آنکھوں کے سامنے رسول اللہ ﷺ کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق عمرہ کے ارکان ادا کیے۔ انہوں نے غیر اللہ اور بتوں کے لیے نہیں، اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لیے قربانی کے جانور ذبح کیے اور واپس اپنے وطن گئے۔ واپس آ کر انہوں نے اپنے قبیلہ والوں کو قریش کے یہاں غلے کی سپلائی روک دینے کا حکم دیا۔ قبیلہ والوں نے ان کے اس حکم کی تعمیل کی اور اہل مکہ کے یہاں اپنی پیداوار کی سپلائی بند کر دی۔ یہ اقتصادی پابندیاں جو بتدریج سخت تر ہوتی گئیں کے نتیجہ میں فاقہ کشی عام ہو گئی اور یہاں کے لوگوں کا بھوک سے مرجانے کا شدید خطرہ لاحق ہو گیا تو انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو لکھا ''ہم آپ کے متعلق پہلے سے یہ بات جانتے ہیں کہ آپ صلہ رحمی کرتے اور دوسروں کو اس کی تاکید کرتے ہیں۔ مگر اس وقت ہم جس صورت حال کا سامنا کر رہے ہیں وہ یہ ہے کہ آپ نے ہمارے ساتھ قطع رحمی کا طرز عمل اختیار کر رکھا ہے۔ آپ نے باپوں کو تلوار سے قتل کیا اور بیٹوں کو بھوکوں مار رہے ہیں۔ ثمامہ ابن اثال نے غلے کی برآمد پر پابندی لگا کر ہمیں سخت تکلیف اور پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے۔ اگر آپ مناسب سمجھیں تو اس کو لکھ دیں کہ وہ غلہ وغیرہ ہماری ضرورت کی چیزوں پر عائد کردہ پابندی ختم کر دیں''۔

رسول اللہؐ کے لکھ دینے پر جناب ثمامہؓ نے بندش ختم کر دی۔ اور غلے کی سپلائی جاری کر دی۔

جناب ثمامہ ابن اثالؓ زندگی بھر اپنے دین کے وفادار اور نبی کریم ﷺ کے ساتھ کیے ہوئے عہد کے پابند رہے۔ مسیلمہ کذاب نے جب نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا تو آپؐ اس کے سامنے ڈٹ گئے۔ انہوں نے اپنی قوم کو بھی سمجھایا کہ ''بنو حنیفہ کے لوگو! خبردار! اس گمراہ کن دعوت کو ہرگز قبول نہ کرنا جس میں نور ہدایت کا دور دور تک پتہ نہیں۔ اللہ کی قسم! یہ شقاوت و بدبختی ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے ہم میں سے ان لوگوں پر مسلط کیا ہے جو اسے اختیار کریں، اور زبردست امتحان و آزمائش ہے ان لوگوں کے لیے جو اس سے اجتناب کریں''۔ انہوں نے مزید فرمایا ''بنو حنیفہ والو! ایک وقت میں دو نبی نہیں ہو سکتے۔ محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں، ان کے بعد کوئی نبی نہیں، نہ ان کی نبوت میں کسی کو شریک کیا گیا ہے''۔

''ح۔م اس کتاب کا نزول اللہ کی طرف سے ہے جو زبردست ہے، سب کچھ جاننے والا گناہ معاف کرنے والا اور توبہ قبول کرنے والا ہے۔ سخت عذاب دینے والا اور بڑا صاحب فضل ہے۔ کوئی معبود اس کے سوا نہیں۔ اسی کی طرف سب کو پلٹنا ہے''۔ (المومن ۳-۱)۔

پھر فرمایا کہ کہاں اللہ تعالیٰ کا یہ عظیم کلام اور کہاں مسیلمہ کذاب کا قول:۔

''اے مینڈک! تم چاہو ٹرٹر کرتے رہو۔ اپنی اس ٹرٹر سے نہ تم پینے سے روک سکتے نہ پانی کو گدلا کر سکتے ہو''۔

پھر وہ اپنے قبیلے کے ان لوگوں کو لے کر الگ ہو گئے جو اسلام پر ثابت قدم رہ گئے تھے اور اللہ کی راہ میں جہاد اور اس کے دین کو زمین پر غالب کرنے کے لیے مرتدین کے ساتھ جنگ وقتال میں مشغول ہو گئے۔

اللہ تعالیٰ جناب ثمامہ ابن اثالؓ کو اسلام اور مسلمانوں کی طرف سے بہترین جزا دے اور اس جنت سے نوازے جس کا وعدہ متقیوں سے کیا گیا ہے، آمین۔

حوالہ جات

(۱) صحیح بخاری، کتاب المغازی، حدیث ۴۳۷۲/ صحیح مسلم، کتاب الجہاد، باب ربط الاسیر۔ (۲) صحیح بخاری، کتاب المغازی، حدیث ۴۳۷۲/ صحیح مسلم، کتاب الجہاد، باب ربط الاسیر۔ (۳) یہ تلبیہ یعنی لبیک کہنے کے مسنون الفاظ صحیح بخاری، کتاب الحج، حدیث ۱۵۴۹ میں موجود ہیں۔ (۴) ایضاً۔۔ مگر صحیحین میں عبارت میں قدرے فرق ہے۔

☆☆☆

کھانسی، خرابی گلہ

زبرجد

گلے کی خرابی کا مسئلہ ہے یا کبھی زیادہ اور کبھی کم کھانسی کی شکایت رہتی ہے تو علاج کے ساتھ زبرجد کی انگوٹھی یا لاکٹ بنا کر دیں۔

دنیا ستاروں کی روشنی میں

از: عبدالباسط راٹھور

ملکی اور بین الاقوامی حالات [redacted] سٹاک مارکیٹ کا جائزہ

پاکستان

اس ماہ کے پہلے دو عشرے حکومت کے لیے قدرے بہتر وقت کی طرف اشارہ کر رہے ہیں۔ حکومت کے اٹھائے گئے اقدامات سے عوامی مقبولیت میں اضافہ ہوگا۔ البتہ آخری عشرے میں اپوزیشن جماعتوں کی طرف سے تنقید اور الزام تراشیوں میں اضافہ دیکھنے کو ملے گا۔

ملک میں صحت کے نظام میں بہتری لانے کے ساتھ ساتھ اس سے متعلقہ قانون سازی پر بھی خصوصی توجہ دی جائے گی اور انسانی جانوں کے ساتھ کھیلنے والے جعلی ڈاکٹروں اور کمپنیوں کے خلاف سخت کاروائی بھی متوقع ہے۔ ملک میں نچلے طبقے میں شرح بے روزگاری میں کمی آئے گی۔ نومولود میں ہونے والی بیماریوں پر خصوصی توجہ دی جائے گی نیز نومولود کی شرح اموات میں خاصی کمی آئے گی۔ ملک میں تعلیم پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ بنیادی اور اعلیٰ درجے کی تعلیم میں اصلاحات متوقع ہیں۔ ہمسایہ ممالک کے ساتھ تعلقات میں کشیدگی بڑھے گی۔ دوست ممالک کے ساتھ تعلقات مزید مستحکم ہوں گے اور آپس میں تجارتی سرگرمیاں بڑھیں گی۔ دوست ممالک کی پاکستان کے اندر سرمایہ کاری بھی بڑھنے کی توقع ہے نیز بعض دیگر ممالک بھی پاکستان میں سرمایہ کاری کرنے کو اہمیت دیں گے۔

ملک میں پانی کے مسائل بڑھتے ہوئے نظر آئیں گے۔ نیز ملک کے معدنی ذخائر سے فائدہ اٹھانے کے لیے کوئی جامع حکمت عملی بنتی ہوئی نظر نہیں آتی۔ جاری اور مستقبل کے منصوبے وقتی فائدہ یا دوسرے ممالک کو فائدہ پہنچاتے تو نظر آتے ہیں مگر پاکستان کی معیشت کے لیے اتنے فائدہ مند نہ ہوں گے جتنے دوسروں کے لیے۔



وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی صاحب کے لیے یہ وقت قدرے بہتری اور شہرت میں اضافے کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ ملک کی معاشی صورتحال کی بہتری کے حوالے سے کافی سرگرم رہیں گے۔ دوسرے ممالک کے ساتھ بہتر تعلقات استوار کرنے پر خصوصی توجہ دیں گے۔

وزیر اعلیٰ میاں شہباز شریف صاحب کی زیادہ تر توجہ ہسپتالوں کے نظام میں بہتری اور وسعت پر ہوگی۔ اس کے ساتھ ساتھ صوبے میں جیلوں اور قانون ساز اداروں کی بہتری پر بھی توجہ دی جائے گی۔ گو وزیر اعلیٰ کے صاف پانی کا پروگرام ایک دفعہ مکمل ناکامی کا شکار ہو چکا ہے۔ مگر کوا کبی صورتحال میں تبدیلی ان کی توجہ دوبارہ اس طرف مبذول کرواتی نظر آتی ہے اور اس سال اس صاف پانی کے حوالے سے دوبارہ اور بہتر حکمت عملی کے ساتھ کام شروع ہونے کی توقع ہے۔ جس میں انہیں کامیابی ملنے کی بھی توقع ہے۔

وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ صاحب کے لیے یہ ماہ کچھ مشکلات اور تنقید میں اضافے کا باعث بنے گا۔ عوام قدرے غیر مطمئن نظر آئے گی۔ ترقیاتی کاموں کی رفتار بھی نسبتاً سست روی کا شکار رہے گی۔ صوبے میں حادثات سے ہونے والی اموات میں بھی اضافہ دیکھنے کو ملے گا۔ البتہ اسٹریٹ کرائم کی روک تھام کے حوالے سے مثبت انداز میں کام ہوگا۔

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ پرویز خٹک صاحب کے مخالفین میں اضافہ ہوتا ہوا دکھائی دے رہا ہے۔ ان کے مخالفین ان کو براہ راست تنقید کا نشانہ بنانے کی بجائے ان کے کاموں میں رکاوٹ ڈالنے اور ان کی پارٹی کو

نقصان پہنچانے کی کوشش کریں گے۔ صوبے میں فصلوں کی پیداوار متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔

میاں نواز شریف صاحب کے لیے جاری کوا کبی صورتحال عدالتی کاروائیوں کے حوالے سے قدرے بہتری لاتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ البتہ اس عرصے میں ان کے لیے گئے فیصلوں میں جذباتیات کا عنصر کافی زیادہ ہوگا۔ نیز اداروں پر تنقید بڑھے گی جس سے انہیں بالواسطہ طور پر نقصان ہوگا۔

عمران خان صاحب فی الحال مشکلات میں پھنسے ہوئے نظر آئیں گے اور کوئی بھی اہم فیصلہ لینے سے قاصر رہیں گے۔ مشاورت سے لیے گئے فیصلے قدرے بہتر ثابت ہوں گے۔ عوامی رابطوں کی مہم ایک بار پھر زور پکڑتی ہوئی نظر آئے گی۔

آصف علی زرداری صاحب کے لیے جاری صورتحال قدرے بہتر وقت کو ظاہر کر رہی ہے۔ مقبولیت میں اضافہ ہوگا اور عوامی رابطوں کی مہم میں بھی تیزی آئے گی۔

اسٹاک مارکیٹ

ماہ کا پہلا عشرہ قدرے مندی کے رجحان کو ظاہر کر رہا ہے۔ البتہ آخری دو عشرے اونچ نیچ کے ساتھ قدرے بہتری لے کر آئیں گے۔

مالیاتی ادارے

پہلے عشرہ میں قدرے مندی کا رجحان رہے گا۔ دوسرے عشرہ میں اونچ نیچ رہے گی۔ آخری عشرہ قدرے تیزی کو ظاہر کر رہا ہے۔

آئل اینڈ گیس سیکٹر

مجموعی طور پر تیزی کا رجحان رہے گا۔ البتہ آخری ہفتے میں اتار چڑھاؤ زیادہ ہوگا۔

انرجی سیکٹر

مجموعی طور پر تیزی دیکھنے کو ملے گی۔

ٹیلی کام سیکٹر

پہلے دو عشرے اتار چڑھاؤ کے ساتھ بہتری کو ظاہر کر رہے ہیں۔ البتہ ماہ کا اختتام قدرے مندی پر ہوگا۔

سیمنٹ سیکٹر

پہلے دو ہفتے قدرے تیزی کو ظاہر کر رہے ہیں۔ اس کے بعد اتار چڑھاؤ کے ساتھ مندی کا رجحان رہے گا۔

فوڈ سیکٹر

مجموعی طور پر تیزی کا رجحان رہے گا۔ خصوصاً آخری ہفتے میں۔

بین الاقوامی حالات

امریکہ

معاشی حالات میں بہتری آئے گی۔ نیز بے روزگاری کی شرح میں بھی کمی ہوگی۔ فصلوں کی پیداوار متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ دوسرے ممالک کے ساتھ تعلقات میں کشیدگیاں بڑھیں گی اور تناؤ کو کم کرنے کی بجائے مزید اضافے کے اسباب پیدا کیے جائیں گے۔

برطانیہ

معاشی سرگرمیوں میں بہتری آئے گی۔ ملک میں تعلیم کے نظام میں مزید بہتری لانے کی کوشش کی جائے گی۔ ہمسایہ ممالک کے ساتھ تجارتی تعلقات بڑھیں گے۔ دنیا مین امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنانے میں خصوصی کردار ادا کیا جائے گا۔

چین

دوست ممالک کے ساتھ تجارتی تعلقات بڑھیں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ ہمسایہ ممالک کے ساتھ تعلقات بہتر بنانے اور ذرائع آمدورفت اور نقل وحرکت میں آسانی پیدا کرنے کے حوالے سے منصوبے تشکیل دیئے جائیں گے۔ ملک میں فصلوں کی پیداوار میں اضافہ ہوگا۔

انڈیا

ہمسایہ ممالک کے ساتھ کشیدگیاں بڑھیں گی۔ ملک میں بے روزگاری کی شرح میں کمی متوقع ہے۔ معدنی ذخائر سے فائدہ اٹھانے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے۔

☆☆☆

پُراعتماد گفتگو

ہر انسان کے لیے اس کو لاحق تکلیف ہی سب سے زیادہ دردناک ہوتی ہے۔ وہ جن کی زبان فر فر چلتی ہے شاید ان کے لیے یہ بات اہم نہ ہو لیکن جن پر کسی دوسرے سے بات کرنا یا اپنا مطلب بیان کرنا عذاب جاتا ہے ان کو اس تکلیف سے نجات کا راستہ ایک صورت میں مل سکتا ہے اور وہ ہے کامیابی اور دولت کو کب سے منسوب جواہر ''پکھراج''۔ لیکن صرف وہ پکھراج اس مرض میں مفید رہے گا جو اپنے اندر نیلے رنگ کی شعاعیں لیے ہوئے ہو۔ یعنی نیلا رنگ کھلا کھلا اور دیکھنے میں خوبصورت ہو، بند قسم کا مفید نہ ہے۔

نیلا پکھراج

اس ماہ کے خاص

عملیاتی روحانی وظائف و اعمال

تحریر: عبدالباسط راٹھور

نظرات کواکب پر مضامین کا ایک خاص سلسلہ

اعصابی طاقت کے لیے

عطارد تسدیس زحل

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	20-02-2018	22-02-2018	22-02-2018
وقت	11:56	01:24	14:49

اعصابی کمزوری کو دور کرنے کے لیے اس دفعہ آپ کے لیے مجرب عمل پیش کیا جارہا ہے۔ عموماً بہت سی دیگر بیماریوں کی وجہ سے یا ذہنی بے سکونی کی وجہ سے بھی انسان اعصابی کمزوری کا شکار ہوجاتا ہے۔ بہرحال وجہ جو بھی ہو۔ آپ اس عمل سے بھرپور فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

اسماء الحسنٰی:۔

یا اللہ یا سلام یا اول یا حی یا قیوم

بادی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا سلام یا اول یا حی یا قیوم

۴۱۴	۴۰۰	۴۰۷	۴۱۱
۴۰۶	۴۱۲	۴۱۳	۴۰۱
۴۰۹	۴۰۵	۴۰۲	۴۱۶
۴۰۳	۴۱۵	۴۱۰	۴۰۴

یا اللہ یا سلام یا اول یا حی یا قیوم

خاکی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا سلام یا اول یا حی یا قیوم

۴۰۰	۴۱۴	۴۱۱	۴۰۷
۴۱۲	۴۰۶	۴۰۱	۴۱۳
۴۰۵	۴۰۹	۴۱۶	۴۰۲
۴۱۵	۴۰۳	۴۰۴	۴۱۰

یا اللہ یا سلام یا اول یا حی یا قیوم

آبی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا سلام یا اول یا حی یا قیوم

۴۱۴	۴۰۰	۴۰۷	۴۱۱
۴۰۶	۴۱۲	۴۱۳	۴۰۱
۴۰۹	۴۰۵	۴۰۲	۴۱۶
۴۰۳	۴۱۵	۴۱۰	۴۰۴

یا اللہ یا سلام یا اول یا حی یا قیوم

بادی چال والے نقش کو مریض کو پہننے کے لیے دیں۔ آبی چال سے 3 عدد نقش تیار کریں۔ ہر نقش 7 دن پینے کے لیے دیں۔ خاکی چال سے تیار کیے گئے نقش کو زمین میں اس طرح دفنائیں۔ (مریض کا استعمال شدہ کپڑا لے کر اس میں سوا کلو بڑا گوشت اور نقش رکھ کر دفنائیں)۔

اس عمل کو شروع کریں تو مریض کے تمام وظائف بند کرادیں اور

صرف درج بالا اسماء الحسنیٰ 33 دفعہ پڑھنے کے لیے دیں۔ اول و آخر تین دفعہ درود شریف بھی پڑھیں۔

صدقہ:۔

3 عدد پرندے آزاد چھوڑیں۔

بخور:۔

صندل اور لوبان کی اگربتی سلگائیں۔

بھاگے ہوئے کی واپسی

عطارد تسدیس مریخ

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	02-02-2018	03-02-2018	04-02-2018
وقت	21:12	20:58	20:26

اگر آپ کا کوئی بچہ گھر سے بھاگ گیا ہے یا آپ کا جیون ساتھی کام کے سلسلے میں بیرون ملک جا کر واپس نہیں آ رہا ہے یا دیگر کسی وجوہات کی بنا پر شریک حیات گھر سے جا چکا ہو تو ایسے تمام معاملات میں یہ نقش آپ کے لیے نہایت مفید اور زود اثر ثابت ہوگا۔

نقش کی طرف آنے سے پہلے اس بات پر بھی زور دوں گا کہ والدین کو چاہیے کہ وہ اس بات پر بھی غور کریں کہ ان کے مزاج یا رویہ میں ایسی کیا بات تھی جو ان کا بچہ گھر سے بھاگ گیا۔ اسی طرح کے معاملات میں زیادہ تر بچے گھر والوں کی طرف سے ہونے والے برے سلوک کا شکار نظر آتے ہیں۔ اس طرف توجہ اس لیے بھی دلوائی گئی ہے۔ کیونکہ ادارے کا مقصد آپ کی روحانی راہنمائی کے ساتھ ساتھ آپ کی اصلاح کرنا بھی مقصود ہے۔

اسماء الحسنیٰ:۔

یا اللہ یا معید یا جامع یا محی یا حکیم

بادی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا معید یا جامع یا محی یا حکیم

۴۴۳	۴۳۹	۴۳۲	۴۴۱
۴۳۳	۴۴۵	۴۴۴	۴۳۸
۴۴۸	۴۳۴	۴۳۷	۴۴۱
۴۳۶	۴۴۲	۴۴۷	۴۳۵

یا اللہ یا معید یا جامع یا محی یا حکیم

آبی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا معید یا جامع یا محی یا حکیم

۴۴۳	۴۳۹	۴۳۲	۴۴۶
۴۳۳	۴۴۵	۴۴۴	۴۳۸
۴۴۸	۴۳۴	۴۳۷	۴۴۱
۴۳۶	۴۴۲	۴۴۷	۴۳۵

یا اللہ یا معید یا جامع یا محی یا حکیم

بادی نقش کو گھر میں موجود درخت کے ساتھ لٹکا دیں۔ اگر درخت موجود نہ ہو تو کسی اونچی دیوار پر لٹکا دیں۔ آبی چال سے 3 عدد نقش تیار کریں اور آٹے کے پیڑے میں ڈال کر پانی میں بہا دیں۔

درج بالا اسماء الحسنیٰ کی 3 تسبیحاں پڑھنا اپنا معمول بنا لیں۔ انشاء اللہ کامیابی ملے گی۔

صدقہ:۔

بچوں کو کھانا کھلائیں۔

بخور:۔

مشک اگربتی اور بخور نورانی سلگائیں۔

بری تقدیر سے بچنے کے لیے

سخت مشکلات سے بچنے اور ظالموں کے ناحق ارادوں سے محفوظ رہنے کے لیے درج ذیل دعا کا ذکر کرنا اپنا معمول بنا لیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

اللھم انی اعوذ بک من جمہ البلاء ودرک الشقاء و سوء القضاء وشماتہ الاعداء. (حدیث)

ترجمہ:۔ اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں سخت مشقت سے، بدبختی کے لاحق ہونے، برے فیصلے اور دشمنوں کے خوش ہونے سے۔

☆☆☆

خالد روحانی جنتری.....فروری 2018 / جمادی الاول 1439 / ماگھ 2074

ماہانہ تقویم							امور قمر					لاہور		کراچی		پشاور		کوئٹہ		راولپنڈی		ملتان	
دن	فروری	جمادی الاول	ماگھ	دلو	سعد یا نحس	روزانہ نمبر	برج	ابتداء	منزل	ابتداء	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب
جمعرات	1	14	19	13	س	6			صرفہ	10:15	06:56	17:37	07:16	18:15	07:11	17:44	07:23	18:09	07:04	17:39	07:06	17:51
جمعہ	2	15	20	14	س	7	سنبلہ	00:12	عوا	07:16	06:55	17:38	07:15	18:16	07:10	17:45	07:23	18:10	07:04	17:40	07:05	17:52
ہفتہ	3	16	21	15	ن	8			سماک	04:43	06:54	17:39	07:15	18:17	07:10	17:46	07:22	18:11	07:03	17:41	07:05	17:53
اتوار	4	17	22	16	م	9	میزان	02:47	غفرہ	02:47	06:54	17:40	07:14	18:17	07:09	17:47	07:21	18:12	07:02	17:42	07:04	17:54
پیر	5	18	23	17	س	1			زبانہ	01:30	06:53	17:41	07:14	18:18	07:08	17:48	07:21	18:12	07:01	17:43	07:03	17:55
منگل	6	19	24	18	س	2	عقرب	08:56	اکلیل	00:57	06:52	17:42	07:13	18:19	07:07	17:49	07:20	18:13	07:01	17:44	07:03	17:56
بدھ	7	20	25	19	م	3			قلب	01:08	06:51	17:43	07:13	18:20	07:06	17:50	07:19	18:14	07:00	17:45	07:02	17:57
جمعرات	8	21	26	20	ن	4	قوس	18:53	شولہ	01:59	06:51	17:43	07:12	18:20	07:05	17:51	07:18	18:15	06:59	17:46	07:01	17:57
جمعہ	9	22	27	21	س	5			لغائم	03:25	06:50	17:44	07:11	18:21	07:05	17:52	07:18	18:16	06:58	17:47	07:00	17:58
ہفتہ	10	23	28	22	س	6			بلدہ	05:15	06:49	17:45	07:11	18:22	07:04	17:53	07:17	18:17	06:57	17:48	07:00	17:59
اتوار	11	24	29	23	ن	7	جدی	07:20	ذابح	07:20	06:48	17:46	07:10	18:22	07:03	17:54	07:16	18:17	06:56	17:48	06:59	18 00
پیر	12	25	30	24	ن	8			بلعہ	09:30	06:47	17:47	07:09	18:23	07:02	17:55	07:15	18 18	06:55	17:49	06:58	18:01
منگل	13	26	بھاگن	25	س	9	دلو	20:11	سعود	11:32	06:46	17:48	07:09	18:24	07:01	17:56	07:14	18:19	06:54	17:50	06:57	18:01
بدھ	14	27	2	26	س	1			اخبیہ	13:22	06:46	17:49	07:08	18:24	07:00	17:57	07:14	18:20	06:54	17:51	06:56	18:02
جمعرات	15	28	3	27	ن	2			مقدم	14:53	06:45	17:49	07:07	18:25	06:59	17:58	07:13	18:21	06:53	17:52	06:56	18:03
جمعہ	16	29	4	28	س	3	حوت	07:41	موخر	16:02	06:44	17:50	07:07	18:26	06:58	17:58	07:12	18:21	06:52	17:53	06:55	18:04
ہفتہ	17	30	5	29	س	4			رشا	16:45	06:43	17:51	07:06	18:26	06:57	17:59	07:11	18:22	06:51	17:54	06:54	18:05
اتوار	18	جمادی الثانی	6	حوت	ن	5	حمل	17:04	شرطین	17:04	06:42	17:52	07:05	18:27	06:56	18:00	07:10	18:23	06:49	17:55	06:53	18:05
پیر	19	2	7	2	س	6			بطین	16:58	06:41	17:53	07:04	18:28	06:55	18:01	07:09	18:24	06:48	17:56	06:52	18:06
منگل	20	3	8	3	ن	7			ثریا	16:26	06:40	17:54	07:03	18:28	06:53	18:02	07:08	18:24	06:47	17:57	06:51	18:07
بدھ	21	4	9	4	س	8	ثور	00:11	دبران	15:31	06:39	17:54	07:03	18:29	06:52	18:03	07:07	18:25	06:46	17:57	06:50	18:08
جمعرات	22	5	10	5	ن	9			ھقعہ	14:12	06:38	17:55	07:02	18:29	06:51	18:04	07:06	18:26	06:45	17:58	06:49	18:08
جمعہ	23	6	11	6	س	1	جوزا	05:07	ہنعہ	12:31	06:37	17:56	07:01	18:30	06:50	18:05	07:05	18:27	06:44	17:59	06:48	18:09
ہفتہ	24	7	12	7	س	2			ذراع	10:27	06:36	17:57	07:00	18:31	06:49	18:06	07:04	18:27	06:43	18:00	06:47	18:10
اتوار	25	8	13	8	س	3	سرطان	08:05	نثرہ	08:05	06:34	17:58	06:59	18:31	06:48	18:07	07:03	18:28	06:42	18:01	06:46	18:11
پیر	26	9	14	9	س	4			طرفہ	05:28	06:33	17:58	06:58	18:32	06:47	18:07	07:02	18:29	06:41	18:02	06:45	18:11
منگل	27	10	15	10	س	5	اسد	09:41	جبہ زہرہ	02:39 23:44	06:32	17:59	06:57	18:32	06:45	18:08	07:01	18:30	06:39	18:03	06:44	18:12
بدھ	28	11	16	11	ن	6			صرفہ	20:50	06:31	18:00	06:56	18:33	06:44	18:09	07:00	18:30	06:38	18:03	06:43	18:13

آسان عملیات کتاب

یہ کتاب دراصل اُن عملیات اور روحانی اعمال پر مبنی ہے جن کو خالد اسحاق راٹھور، ایڈیٹر، راہنمائے عملیات نے مختلف لوگوں کو اِن کے مسائل کے حل کے حوالے سے تعلیم کیا۔ یہ عملیات اور اس کے نقوش ہر درجہ موثر اور صاحب قلم کی سند لیے ہوئے ہیں۔ ہر عامل اور عام فرد کو اس سے فائدہ اُٹھانا چاہیے۔

تحریر و تحقیق: خالد اسحاق راٹھور

کون سی نظرات موثر ہیں کون سی نہیں؟

اس مضمون کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ نقوش وعملیات تیار کرنے والے عامل یا عام لوگ جن کو نجوم وعملیات کی معمولی سمجھ ہے یا بالکل نہیں ہے اس مضمون کی مدد سے صرف ایسے وقت میں نقش یا اعمال تیار کریں جو موثر ثابت ہوں، اور ان کا وقت، رقم اور محنت ضائع نہ ہو۔ بہت سے لوگ بلا علم ہر نظر کی ظاہری سعادت ونحوست پر اعمال تحریر کر دیتے ہیں جو کہ فائدہ مند ثابت نہیں ہوتے۔ سو راہنمائے عملیات کے قارئین کی خصوصی راہنمائی کے لیے ہر ماہ یہ مضمون تحریر کیا جاتا ہے۔ تا کہ کوئی بھی کواکبی نظر ہو آپ اس مضمون سے زیادہ سے زیادہ بہتر اور قوت اور طریق سے عمل تیار کر سکیں۔ یہ ایسے ہی ہے کہ زہرہ اور مشتری کی باہم سعد نظر کو ہر مسئلہ کا حل مانا جاتا ہے۔ لیکن اگر بلحاظ زائچہ بہ وقت اور نظر بلحاظ حساب قوی نہ ہو تو عمومی بیان کردہ احکامات کبھی پیدا نہ ہوں گے۔ اللہ آپ کو کامیابی عطا فرمائے۔

کواکبی نظر	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر	احکام نظر.....یعنی نقش، تعویذ و عمل تیار کریں یا نہ؟
عطارد تسدیس مریخ	02-02-18 21:12	03-02-18 20:58	04-02-18 20:26	سعد نظر ہے۔ اس وقت تیار کردہ اعمال ونقوش میں کامیابی کا عنصر 65 فی صد کے قریب ہوگا۔ زیادہ توقع نہ رکھیں۔
زہرہ تربیع مشتری	03-02-18 14:22	04-02-18 11:08	05-02-18 07:51	نظر گو ذاتی حوالے سے نحس ہے۔ تاہم فی الحال اثرات کے حوالے سے اعمال نحس کے لیے موثر نہیں۔ صبر کریں۔
شمس تربیع مشتری	10-02-18 02:36	11-02-18 04:21	12-02-18 06:02	بلحاظ نظر اعمال نحس کے لیے موثر نظر ہے۔ تاہم اعمال روحانی وعملیاتی امور میں کامیابی کی شرح 40/30 فی صد سے زیادہ نہ ہوگی۔
عطارد تربیع مشتری	13-02-18 13:27	14-02-18 03:39	14-02-18 17:47	نظری اعتبار سے تو بظاہر انتہائی نحس نظر ہے لیکن حقیقت میں یہ کسی بھی نحس کام کے لیے موثر نہیں۔
زہرہ تسدیس زحل	15-02-18 07:42	16-02-18 04:20	17-02-18 00:58	سعد وقت ہے جو بھی سعد عمل و لوح تیار کرنا چاہیں کر سکتے ہیں۔ کامیابی 70 فی صد کے قریب ہے۔
عطارد قران شمس	16-02-18 11:17	17-02-18 17:28	18-02-18 23:00	ایک ملا جلا وقت ہے۔ جس میں عام عامل کا کام کرنا زیادہ موزوں نہیں۔
عطارد تسدیس زحل	21-02-18 11:56	22-02-18 01:24	22-02-18 14:49	بلحاظ کواکب اور نظر صرف سعادت دیکھنے کو ملتی ہے تاہم بلحاظ زائچہ کواکبی پوزیشن درحقیقت ایسا نہیں ہے۔ کامیابی کا تناسب کچھ زیادہ نہ ہوگا۔
زہرہ تربیع مریخ	24-02-18 04:14	25-02-18 17:02	27-02-18 05:47	سعد اعمال کے لیے بظاہر اچھا وقت ہے۔ تاہم حقیقت میں ایسا نہیں۔ کوئی بھی مثبت سعد عمل اس وقت نہ کریں۔
شمس تسدیس زحل	24-02-18 20:55	25-02-18 22:47	27-02-18 00:38	ذاتی حوالے سے بھی اچھی نظر ہے اور جاری کواکبی امور کے حوالے سے بھی موثر ہے۔ الواح ونقوش تیار کرنے کے لیے موزوں وقت ہے۔

مرجان

مایوسی اور ناکامی کا خاتمہ

مرجان انسانی ذہن کو تبدیل کرنے، اس کو جلا بخشنے، مایوسی کو امید سے بدلنے، ناکامی کو کامیابی سے بدلنے، منفی سوچ کو مثبت سوچ سے بدلنے جیسے اثرات کا حامل ہے۔ آپ بھی اگر اپنے اندر ایسی مثبت تبدیلی چاہتے ہیں تو اس کو استعمال کریں۔

جسمانی امراض سے صحت

قسط نمبر:10

(جواہراتی طلسمات اوران کے سحری اثرات)

انفلوئنزا (Influenza)

پہلی جنگ عظیم کے اختتام پر دنیا بھر میں کھانسی، زکام اور بخار کی ایک ایسی وبا پھیلی جس نے لاکھوں افراد کو لقمہ اجل بنا دیا۔ یہ انفلوئنزا تھا جو اکثر وبائی شکل میں آتا ہے۔ یہ بیماری وائرس سے ہوتی ہے جو کہ مریض کے سانس کے ساتھ خارج ہوتا ہے۔ کھانسنے اور چھینکنے سے یہ زیادہ رقبہ میں پھیل کر تندرست افراد کو اپنی لپیٹ میں لے لیتا ہے۔ چنانچہ وباء کے دنوں میں باہر نہیں نکلنا چاہیے نیز بھیڑ بھاڑ والی جگہوں اور بند کمروں میں بیٹھنے سے پرہیز کیا جائے۔ مریض کی تھوک، رومال اور سانس سے پرہیز انسان کو بیماری سے بچاتا ہے۔ زیتون یا مچھلی کا تیل یا میتھر ے کھانے والے میں اس بیماری کے خلاف قوت مدافعت پیدا ہو جاتی ہے۔ مریض کے قریب جانے کے ایک دن سے دو دن میں مرض کا آغاز ہو جاتا ہے۔ سر درد، کمر درد، سردی اور بخار کے ساتھ شروعات ہوتی ہے۔ منہ خشک، گلا سرخ، بغیر بلغم کے شدید کھانسی اس کی دیگر علامات ہیں۔ پھیپھڑوں کی سوزش اور نمونیہ سے کھانسی، تنفسی نالیوں میں سوزش، چھاتی میں درد اور سانس لینے میں دقت محسوس ہوتی ہے اور پھیپھڑوں میں پھوڑا بن سکتا ہے۔ غذا نرم اور زود ہضم ہونی چاہیے۔ گوشت، بکرے کا شوربہ اور پھلکا مفید ہے۔ مربہ سیب، بہی، آملہ اور پیٹھا بھی مفید ہے۔

پتھروں سے علاج

سرخ مرجان اور لاجورد استعمال کریں۔

پاگل پن (Insanity)

یہ ایک دماغی مرض ہے۔ اس میں مبتلا انسان اپنی ذات اور ماحول سے بیگانہ ہو جاتا ہے۔ مریض کو فرضی خطرات کا احساس ہوتا ہے۔ خیالی آوازیں آتی ہیں اور ماحول سے قطع نظر بد زبانی اور بے ہودگی کا مظاہرہ کرتا ہے۔ بعض مریض یوں محسوس کرتے ہیں کہ کوئی ماورائی طاقت ان کی زندگی پر اثر کرتی ہے۔ وہ جو کچھ کرتے ہیں، وہ اس طاقت کی اطاعت میں ہوتا ہے ورنہ وہ خود مختار نہیں۔ جب کہ بعض مریض محسوس کرتے ہیں کہ بیرونی طاقتیں ان کی نگران ہیں۔ انہیں طاقتوں کی جانب سے ہمیشہ نقصان کا خدشہ رہتا ہے۔ بعض اوقات وہ کسی شخص کو انہی خیالات کے تحت بلاوجہ قتل تک بھی کر سکتے ہیں۔ یہ صورت حال بڑھتے بڑھتے خود مریض اور اس کے آس پاس کے لوگوں کے لیے خطرناک بن جاتی ہے۔ جب تک مریض دورہ کی کیفیت میں ہوتا ہے وہ یہ تسلیم کرنے کو تیار نہیں ہوتا کہ اس کا کوئی دشمن اس کے خلاف سازش میں مصروف نہیں بلکہ وہ ذہنی بیمار ہے۔ جنون کی یہ کیفیت کبھی کبھی وقتی ہوتی ہے۔ دورہ کا وقفہ گزر جائے تو مریض کئی روز عام انسانوں کی طرح زندگی گزارتا ہے۔ تاہم اس دوران کوئی معمولی سی بات اس کے جذبات کو بھڑکا کر جارحانہ قسم کا جنون پیدا کر سکتی ہے۔ مریض کو دوسروں کے لیے ضرر رساں ہونے سے بچانے کے لیے ضروری ہے کہ دماغی امراض کے ہسپتال میں داخل کرا دیا جائے۔

پتھروں سے علاج

زمرد، سرخ زمرد اور حجر القمر استعمال کریں۔

بے خوابی (Insomnia)

ایک تندرست شخص کو روزانہ کم و بیش آٹھ گھنٹے نیند کی ضرورت ہوتی ہے۔ بچوں کو اس سے زیادہ اور بوڑھوں کو اس سے کم ضرورت ہوتی ہے۔ اگر کسی وجہ سے ایک آدھ روز نیند پوری نہ ہو تو اگلے روز اس کی کمی پوری ہو جاتی ہے۔ ہر شخص ایک معقول عرصہ میں نیند میں جانے کا عادی ہوتا ہے اور اگر ایسا نہ ہو سکے تو اس کا مطلب ہے کہ وہ بے خوابی کا شکار ہے۔ بے خوابی تین قسم کی ہو سکتی ہے۔ مکمل، نامکمل اور انتہائی مختصر۔ چنانچہ علامات کو مدنظر رکھ کر علاج کرنا چاہیے بے خوابی کے اسباب مندرجہ ذیل ہو سکتے ہیں۔

1۔ طبعی:

بستر کی خرابیاں، کمرے میں ضرورت سے زیادہ سردی یا گرمی، شور، بھوک یا بسیار خوری، بدبو، کمرے میں مچھر، کھٹمل یا جوئیں وغیرہ۔

2۔ نفسیاتی:

پریشانیاں، ذہنی دباؤ، خواہشات، دہشت، انتظار، نفرت، احساس کمتری، جنسی مسائل، بستر میں کسی اور کی موجودگی وغیرہ۔

3۔ جسمانی:

بخار، دردیں، کان کی بیماریاں، دوران خون بالخصوص دل کی بیماریاں، دمہ، قبض، تبخیر معدہ، اعصابی بیماریاں، دماغی بیماریاں، جگر اور گردوں کی بیماریاں، کھانسی، زکام وغیرہ۔

پتھروں سے علاج

زمرد، حجر القمر اور زرد نیلم استعمال کریں۔

یرقان (Jaundice)

جگر میں صفراء پیدا ہوتا ہے اور پتے میں جمع رہتا ہے۔ خوراک کو ہضم کرنے کے لیے بالعموم اور چکنائیوں کو ہضم کرنے کے لیے بالخصوص صفراء کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر یہ صفراء آنتوں تک نہ جا سکے یا راستہ میں پتھری، سرطان یا رسولی کی وجہ سے رکاوٹ آ جائے تو صفراء پتے میں پڑا رہتا ہے۔ اس سے ایک تو ہضم کی خرابی پیدا ہوتی ہے۔ دوسرے صفراء کی غیر ضروری مقدار جسم میں داخل ہو کر پورے جسم کو زرد بنا دیتی ہے۔ جسم کی تمام جھلیوں اور آنکھوں میں بسنت کا رنگ نمایاں ہوتا ہے۔ جسم کمزور، پاخانہ سفید اور بھاری جب کہ زخم لگنے کی صورت میں خون بہت بہنے لگتا ہے۔ اگر ماں اور باپ کے خون میں مطابقت نہ ہو تو حمل ضائع ہو جاتا ہے اور اگر حمل ضائع نہ ہو تو بچہ پیدائشی طور پر یرقان کا مریض ہوتا ہے۔ اس بچے کے خون کے سرخ ذرات خون کی عدم تفاوت کی وجہ سے ٹوٹ کر یرقان کا باعث بنتے ہیں۔ یرقان وبائی صورت میں بھی پھیلتا ہے۔ ایک خاص قسم کا وائرس چھوت یا مریض کی استعمال شدہ سرنج اور برتنوں کے ذریعہ مریض سے تندرست افراد تک پہنچ جاتا ہے۔ آنکھوں میں زردی اور جگر کا بڑھنا اس مرض کی عام علامات ہیں۔ یرقان کے علاج سے لاپرواہی موت کے دھانے تک جا پہنچ سکتی ہے۔

پتھروں سے علاج

7 تا 8 رتی کا گہرا سرخ مرجان سرخ دھاگے کے ساتھ دائیں بازو پر باندھیں۔ 5 رتی کا ہلکا نیلا لاجورد دائیں ہاتھ کی درمیانی انگلی پر پہنیں۔ بائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی پر کاپر کی انگوٹھی حفظ ماتقدم کا کام دے گی۔

کالا آزار (Kala-Azar)

یہ سینڈ فلائی نامی مکھی کے کاٹنے سے ہوتا ہے جو کہ زیادہ تر افریقہ میں پائی جاتی ہے۔ جب یہ مکھی انسان کو کاٹتی ہے تو ایک خاص قسم کا وائرس جسم میں داخل کر دیتی ہے۔ اس کے داخلے کے 3 تا 4 دن کے بعد تیز بخار ہوتا ہے۔ سر اور کمر میں شدید درد ہوتا ہے اور متلی ہوتی ہے نیز روشنی بری لگتی ہے، آنکھوں سے پانی بہتا ہے اور آنکھیں ہلانے سے درد ہوتا ہے۔ مزید برآں نیند اور بھوک ختم ہو جاتی ہے اور کمزوری بہت زیادہ ہو جاتی ہے۔ اس مرض میں تلی کی جسامت کافی بڑھ جاتی ہے جب کہ وائرس تلی میں قیام پذیر ہوتا ہے۔ بتدریج خون کی کمی لاحق ہو جاتی ہے۔ ٹانگوں میں سوجن محسوس ہوتی ہے۔ وائرس خون کے علاوہ ہڈیوں کے گودے میں دیکھا جا سکتا ہے۔

پتھروں سے علاج

سرخ مرجان اور حجر القمر استعمال کریں۔ شدید بیماری کی صورت میں زمرد اضافی طور پر استعمال کریں۔

کوڑھ (Leprosy)

کوڑھ ایک متعدی مرض ہے جو اس کے مریض کے ساتھ کھانے پینے، اس کا لباس اور بار بار ہاتھ لگانے سے تندرست افراد کو ہو جاتا ہے۔ طب جدید نے جس طرح چیچک کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا ہے، اس طرح کوڑھ کے پھیلاؤ اور بچاؤ میں کامیاب نہیں ہو سکی۔ اس بیماری کا زخم جسم کے جس حصہ پر ظاہر ہو، اسے ہمیشہ کے لیے گلا کر ختم کر دیتا ہے۔ اس مرض میں جب دمہ بھی ہو تو بھیڑ کا خالص اور تازہ دودھ نیم گرم کر کے پلانا مفید ہوتا ہے۔ مریض کو دودھ اور گھی کا استعمال زیادہ کرنا چاہیے اور نمک مرچ کم از کم استعمال کرنی چاہیے۔ پرندوں کا گوشت جو اور جوار کی روٹی اور ان کا حریرہ، مچھلی، دودھ اور شہد سے روٹی، انجیر، انگور، خشک بادام کوڑھ کے مریض کے لیے مفید غذائیں ہیں۔

پتھروں سے علاج

گومید اور سرخ مرجان مشترکہ استعمال کریں یا گومید اور سفید مرجان اکٹھے استعمال کریں۔

برص (Leucoderma)

ہماری جلد میں قدرتی طور پر ہلکا سا رنگ شامل ہوتا ہے یہ کم وبیش ہر شخص میں پایا جاتا ہے لیکن بعض افراد میں یہ پیدائشی طور پر مفقود ہوتا ہے۔ چنانچہ نہ صرف ان کی پوری جلد سفید ہوتی ہے بلکہ بال بھی سفید اور آنکھیں گلابی ہوتی ہیں اور انہیں تیز روشنی میں دیکھنے میں دقت محسوس ہوتی ہے تاہم بعض افراد میں جلد کا رنگ بعض مقامات سے چھوٹے چھوٹے دھبوں کی صورت میں اڑ جاتا ہے تو یہ برص کہلاتا ہے۔

برص کے صحیح اسباب ابھی تک دریافت نہیں کیے جا سکے۔ بعض حکماء اس کا باعث مچھلی کے بعد دودھ پینے کو قرار دیتے ہیں اور بعض کے مطابق مچھلی مخصوص نسل کی ہوتی ہے جو برص کا باعث بنتی ہے۔ جسم پر اس قسم کے دھبے آتشک کی بیماری میں بھی بالخصوص عورتوں کو پڑتے ہیں جن کے لیے آتشک کے اصول علاج کو اپنایا جا سکتا ہے۔

پتھروں سے علاج

☆ الماس (ہیرا) نصف رتی، درمیانی انگلی میں پہنیں۔

☆ جگر کی خرابی سے ہو تو ہلکا نیلا لاجورد 5 رتی، درمیانی انگلی میں اور دائیں ہاتھ کی درمیانی انگلی میں نصف رتی الماس (ہیرا) پہنیں۔

☆ الماس (ہیرا) نصف رتی اور زمرد 4 رتی، درمیانی انگلی میں پہنیں۔

سرطان خون (Leukaemia)

یہ خون کا سرطان ہے۔ اس میں خون بنانے والی بافتوں میں موجود خلیات اپنی تعداد بڑھا لیتے ہیں اور ہڈیوں کے گودے میں ہائپر پلیزیا پیدا کر دیتے ہیں اور تلی، جگر اور لمف گلینڈز کو بڑھا دیتے ہیں۔ خلیات کے اتنی زیادہ تعداد میں بننے کی وجہ سے دورہ کرنے والے خون میں سفید خلیات کی تعداد بڑھ جاتی ہے۔ اس بیماری کی وجہ ابھی تک معلوم نہیں ہو سکی۔ لیوکیمیا حاد اور مزمن دونوں طرح کا ہو سکتا ہے۔ یہ مرض مریض کو موت کی وادی میں پہنچا کر چھوڑتا ہے۔

پتھروں سے علاج

سرخ مرجان اور گومید استعمال کریں یا لہسنیا، زرد نیلم اور گومید استعمال کریں۔

ملیریا (Malaria)

یہ بخار مچھر کی مادہ کے کاٹنے سے ہوتا ہے۔ یہ مچھر صاف کھڑے پانیوں میں انڈے دیتا ہے اور نباتات پر گزارا کرتا ہے۔ جب کہ مادہ جانوروں اور انسانوں کے خون پر پلتی ہے۔ مچھر کے کاٹنے سے تین قسم کا ملیریا بخار ہوتا ہے۔

☆ روزانہ ہونے والا بخار

☆ تیسرے روز ہونے والا بخار

☆ چوتھے روز ہونے والا بخار

مچھر کے کاٹنے کے دس روز بعد مریض کو سردی لگ کر بخار آتا ہے جو کہ 107 ڈگری تک ہو سکتا ہے۔ مریض کو بخار کے دوران ہذیان کا دورہ بھی پڑتا ہے۔ چھ گھنٹے بعد بخار خود بخود اتر جاتا ہے اور اس کے بعد تھکن کی وجہ سے نیند آ جاتی ہے اور پھر اگلے روز یا تیسرے روز دوبارہ بخار ہو جاتا ہے۔ ملیریا کے جراثیم انسانی خون میں داخل ہونے کے بعد خون کے سرخ ذرات میں داخل ہو جاتے ہیں۔ جس سے سرخ ذرات کم ہو کر خون کی شدید کمی ہو جاتی ہے اور بعض اوقات پیشاب میں خون آنے لگتا ہے۔ خون کی کمی کے ساتھ تلی بڑھ جاتی ہے اور چہرے پر داغ پڑ جاتے ہیں۔ اس بخار کے دوران خاص پرہیز کی ضرورت نہیں۔ تاہم بخار کے بعد کی کمزوری کو مقویات سے پورا کریں۔

پتھروں سے علاج

سرخ مرجان اور حجر القمر استعمال کریں۔

جاری ہے---

طلسمات زہرہ

محبت کے متوالوں کے لیے ایک نایاب کتاب۔ یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلا حصہ محبت اور تسخیر کے موضوع پر ایک عربی کتاب کے ترجمے پر مشتمل ہے۔ جبکہ دوسرا حصہ ان ابواب پر مشتمل ہے جو خالد اسحاق راٹھور نے محبت، تسخیر، شادی، اتفاق، تفریق، الفت وغیرہ جیسے امور پر تحریر کئے ہیں۔ اپنے نفس مضمون کے اعتبار سے یہ کتاب محبت و تسخیر کے حوالے سے آپ کے ہر مسئلے کا حل لیے ہوئے ہے۔ نئے ایڈیشن میں چند اہم مضامین کا خصوصی اضافہ کیا گیا ہے۔ ایک جامع اور آسان فہم کتاب۔

علم نجوم کی روشنی میں آپ کا ماہ کیسا گزرے گا

عبدالحئی راٹھور

حمل

عرصہ حکومت	21 مارچ تا 20 اپریل
منسوبی کوکب	مریخ
منسوبی حروف	ا، ل، ع، ی
خوش قسمت اعداد	9'7'2'1
خوش قسمت پتھر	مرجان، یاقوت
خوش قسمت دن	ہفتہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	لال، نارنجی، ہلکا آسمانی

یکم تا 8 فروری

وہ افراد جو کسی کام کے سلسلے میں بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں اُنہیں چاہیے کہ ان دنوں میں سفر سے باز رہیں، کیونکہ ان کو اپنے مقصد میں کامیابی نہ ملے سکے گی۔ ملازمت پیشہ افراد جن کو اپنے سے کم درجہ کے ملازمین کی طرف سے پریشانیوں کا سامنا ہے ان کی پریشانیاں کم ہو جائیں گی۔ قریبی رشتے داروں اور ہمسایوں سے ملنا جلنا ہوگا۔ رواں دنوں میں آپ اپنی ذات پر خاصی توجہ دیں گے اور اپنے پر اخراجات بھی زیادہ کریں گے۔ آپ اپنا مال رفاعی کاموں کی بجائے فضول یا بے مقصد کاموں میں خرچ کریں گے۔ قرضہ لینے کی کوشش کر رہے تھے تو رواں عرصہ میں آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام ہیں تو کوشش کریں پورے ہو جائیں گے۔

9 تا 16 فروری

سفر کرتے نظر آ رہے ہیں یہ سفر ذاتی کام کے سلسلے میں بھی ہو سکتا ہے اور عمرہ وغیرہ کے لیے بھی۔ اپنی خواہشات کو عملی شکل دینے کے لیے آپ کو سخت محنت کرنا ہوگی۔ کاروباری اور انعامی سکیموں سے منسلک افراد کی منافع حاصل کرنے کی تمنا پوری نہ ہو سکے گی۔ دوران ڈرائیونگ احتیاط کی ضرورت ہے۔ حادثہ کا اندیشہ ہے۔ شریک حیات کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ ذہنی پریشانی کا شکار ہیں تو وہ بھی دور ہو جائے گی۔ پانی کا استعمال کم رہے گا۔ نیز صحت میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ خط و کتابت اور انٹرنیٹ کا استعمال زیادہ کریں گے۔ علوم مخفی کی طرف رجحان بڑھے گا۔ (اس حوالے سے ہمارے ادارے کی کتب اور کورسز آپ کے لیے مددگار ثابت ہوں گے)۔

17 تا 24 فروری

آپ کا برج؟

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں یا کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہوگا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں:.....

☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں کہ کون سا برج آپ کا ہے۔ اگلے صفحات میں ہر برج کے ساتھ اس کا عرصہ حکومت بھی تحریر ہے۔

☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔

☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کر دیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

رجعتِ کواکب

جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت رجعت و نحوست سیارگان کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ دیں۔

يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نَحُوْسَةِ الْكَوَاكِبِ وَ رُجُوْعِهٖ وَ وَبَالِهٖ وَ سُوْءِ نَظْرِهٖ بِحَقِّ يَا اللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ۔

عددی جدول

ا، ی، ق، غ	۱
ب، پ، ک، گ، ر، ڑ	۲
ج، چ، ل، ش	۳
د، ڈ، م، ت، ٹ	۴
ھ، ن، ث	۵
و، س، خ	۶
ز، ژ، ع، ذ	۷
ح، ف، ض	۸
ط، ص، ظ	۹

مثال

اکبر	ا	ک	ب	ر	
	۱	۲	۲	۲	=۷

آپ کی اکثر خواہشات عملی شکل اختیار کرتی نظر آ رہی ہیں۔ بڑے بہن بھائیوں اور یار دوستوں سے ملنا جلنا ہوگا۔ نیز اگر وہ کسی مسئلے یا پریشانی کا شکار ہوتے ہیں تو آپ ان کی مدد کریں گے۔ اندرون شہر سفر کے دوران اپنے سامان کی حفاظت کریں، چوری ہونے کا اندیشہ ہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔ کسی کام کے سلسلے میں یا عمرہ کرنے کے لیے بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ ممکن ہے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ شریک حیات گھر کی تزئین و آرائش پر بھی توجہ دے گی۔ ننھیالی رشتے داروں سے ملنا جلنا کم رہے گا۔ اگر ان سے وابستہ کوئی کام ہے تو وہ بھی التواء کا شکار رہے گا۔

25 تا 28 فروری

حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں وہ حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ اگر ان کو کام میں کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ پریشانی بھی دور ہو جائے گی۔ گاڑی، موٹر سائیکل وغیرہ ہے تو آپ کے ان پر اخراجات ہوں گے۔ خاندان یا عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو حل نہ ہو سکیں گے۔ سیر و تفریح یا تجارت کے لیے اندرون ملک سفر کرنے کے لیے یہ وقت بہتر ہے۔ شریک حیات اور اولاد کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔ رشتے داروں اور یار دوستوں کے ساتھ گھومنے پھرنے کے لیے جانا ہوگا۔ نیز اس سے کسی قسم کی مدد کی ضرورت ہے تو یہ آپ کے کام بھی آئیں گے۔

سعد تاریخیں	1-9-10-14-15-24-28
نحس تاریخیں	5-12
لکی نمبر	8-0-6

عرصہ حکومت	21 اپریل تا 20 مئی
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ب،
خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	ہیرا/نیلم
خوش قسمت دن	جمعرات/جمعہ/ہفتہ
خوش قسمت رنگ	سفید/لائٹ بلیو

یکم تا 8 فروری

انعامی بانڈ اور لاٹری کے ذریعے دولت کا حصول ہوگا۔ سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں سے تعلقات بہتر رہیں گے۔ لیکن ان سے وابستہ کام نہ ہو سکیں گے۔ آپ کا مزاج سنجیدہ رہے گا۔ آپ ذہنی پریشانی کا شکار بھی رہیں گے۔ کسی کو دیا ہوا قرض واپس ملنے کی توقع نہیں ہے۔ بیرون ملک جانے کی کوششیں کر رہے ہیں تو اپنی کوشش کو جاری رکھیں، بہتر نتائج سامنے آئیں گے۔ ان دنوں میں آپ کو اپنے دشمنوں سے کوئی خطرہ نہیں ہے، بلکہ آپ ان پر حاوی رہیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ شریک حیات گھریلو معاملات میں خاص توجہ دے گا/گی۔

9 تا 16 فروری

گھریلو معاملات میں اونچ نیچ رہے گی۔ آپ کی پریشانیوں میں مزید اضافہ ہوگا۔ عمومی طور پر مالی حالات بہتر رہیں گے۔ کاروباری افراد کو کام کو مستقل مزاجی بنیادوں پر قائم رکھنے کے لیے سخت محنت کرنا ہوگی۔ منگنی، نکاح کی رسومات کی ادائیگی کے لیے موثر وقت نہیں ہے۔ صحت یاب ہوتے نظر آ رہے ہیں نیز خوراک کی طرف بھی خاص دھیان دیں گے۔ حکومتی افسران سے وابستہ کام کے حل کی اُمید کرنا بے کار ہوگا۔ آپ کا بات چیت کا لہجہ نرم اور محبت بھرا رہے گا۔ وہ افراد جو رہائش کی تبدیلی کے بارے میں سوچ رہے ہیں یا وہ افراد جو نئی سواری یا موبائیل خریدنا چاہتے ہیں تو ان کو چاہیے کہ اس حوالے سے کوئی بھی حتمی فیصلہ نہ لیں، وہ فیصلہ پریشانی کے سوا کچھ نہ دے گا۔

17 تا 24 فروری

اولاد جوان ہے یا قابو سے باہر ہے تو ان سے معاملہ کرتے وقت دھیان کریں، ورنہ بات بڑھ جائے گی اور بدمزگی میں اضافہ ہوگا۔ حکومتی عہدیداروں کو خوش رکھیں اور ان سے ملنا جلنا رکھیں، کیونکہ آپ کو ان سے اس ہفتہ میں کام پڑے گا۔ انعامی سکیمیں، میچ اور بانڈ وغیرہ میں اپنا وقت اور پیسہ ضائع نہ کریں، کیونکہ آپ کوئی بڑا انعام حاصل کرنے میں کامیاب نہ ہو سکیں گے۔ پرانے دوست سے ملاقات کے امکانات ہیں اور نئے دوست بھی بنائیں گے۔ شادی بیاہ میں شرکت کم رہے گی جس کی وجہ سے خاندان کے لوگ گرمی کھائیں گے۔ انشورنس کے اُمور میں آپ کی دلچسپی رہے گی اور آپ اپنی کئی قیمتی اشیاء کی انشورنش بھی کروا سکتے ہیں۔ سواری یا گھر خریدنے کے حوالے سے یہ وقت مناسب نہیں ہے۔

25 تا 28 فروری

رواں دنوں میں آپ کی توجہ علوم مخفی کی طرف زیادہ رہے گی، سیکھنے کے لیے یہ وقت بہتر ہے۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ بھی دور ہو جائے گی۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے، نیز ان سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ بھی حل نہ ہو سکیں گے۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو ان دنوں میں سفر ممکن نہیں ہے۔ حکومتی عہدیداروں اور قانونی نوعیت کے درپیش مسائل حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ رشتے داروں اور یار دوستوں سے میل

جول کم رہے گا۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں پہلے کی نسبت بہتری آئے گی۔ آپ کے اخراجات میں کمی آتی نظر آ رہی ہے۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی اور تعلیم سے ہٹ کر جو کام کر رہے تھے ان پر توجہ کم دیں گے۔ ملازمین سے وابستہ کام مقررہ وقت پر حل نہ ہو سکیں گے۔

سعد تاریخیں	3-21-26
نحس تاریخیں	6-14-15
لکی نمبر	4-6-9

جوزا

عرصہ حکومت	21 مئی تا 20 جون
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	ک، ق
خوش قسمت اعداد	9'5'1
خوش قسمت پتھر	زمرد، پکھراج
خوش قسمت دن	منگل، بدھ، جمعرات
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، بسنتی

یکم تا 8 فروری

یہ ہفتہ نکاح، منگنی کے حوالے سے نحس ہے۔ آپ عدالتی معاملات میں التواء پیدا کرنے کی کوشش کریں، فائدہ میں رہیں گے۔ اس عرصہ میں آپ زیادہ تر نرم مزاجی کا مظاہر کریں اور معاملات کو پیار سے حل کرنے کی کوشش کریں گے۔ والدہ کا مزاج خوشگوار رہے گا۔ اخراجات کو پورا کرنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ شریک حیات سے وابستہ خواہشات پوری نہ ہو سکیں گی۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو رواں دنوں میں نقصان کا سامنا کرنا پڑے گا۔ صحت میں بہتری آئے گی۔ آپ کی اکثر اُمیدیں پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں، لیکن اس کے لیے آپ کو لوگوں کے ساتھ اپنے معاملات بہتر رکھنے ہوں گے۔

9 تا 16 فروری

علوم مخفی کی گہرائیوں میں داخل ہونے کے لیے کوشاں رہیں گے۔ سیر و تفریح کی خواہش میں شدت پیدا ہو گی نیز امکانات قوی ہیں کہ آپ سیر و تفریح کے لیے جائیں۔ ظاہری اور خفیہ دشمن آپ کے خلاف سازشیں کرتے نظر آ رہے ہیں۔ اخراجات پر قابو نہ پا سکیں گے۔ چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔ بہن بھائیوں کے ساتھ مل بیٹھ کر کھائیں پیش گے۔ کسی پریشانی یا مسئلہ کے حل کے لیے ان سے ضرور رابطہ کریں۔ انشاء اللہ یہ آپ کا مسئلہ یا پریشانی دور کر دیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ پیار و محبت میں اضافہ ہو گا۔ طالب علموں کا بھی تعلیم کی طرف رجحان بڑھے گا۔

17 تا 24 فروری

کسی ذاتی کام کے سلسلے میں اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو یہ وقت مناسب نہیں ہے۔ انٹرلیول اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کو چاہیے کہ تعلیم کی طرف بھرپور توجہ دیں۔ امتحان نزدیک ہے یا ہو رہے ہیں تو خیالی پلاؤ پکانے کی بجائے پڑھائی کی طرف توجہ دیں۔ کاروبار سے وابستہ افراد کے لیے کاروباری حوالے سے یہ وقت بہتر ہے، ان کے کام میں بہتری آئے گی۔ مال اور اشیاء کی لین دین کے حوالے سے بھی بہتر وقت ہے۔ اپنا مال رفاعی کاموں میں خرچ کریں گے۔ نکاح، منگنی وغیرہ اگر اس عرصے میں ہوتی ہے تو وہ کامیاب ثابت ہو گی۔ رواں دنوں میں آپ اپنی عقل کا استعمال ضرورت کے مطابق کرتے نظر نہیں آ رہے، مثلاً گھریلو مسائل کا فیصلہ وغیرہ۔

25 تا 28 فروری

آپ کی توجہ مذہبی کاموں کی طرف زیادہ رہے گی۔ اپنا مال رفاعی کاموں میں خرچ کریں گے۔ زمین و جائیداد اور گاڑی وغیرہ کی خرید و فروخت کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ اندرون یا بیرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں تو آپ کی یہ خواہش اس عرصے میں عملی شکل اختیار کرتی نظر آ رہی ہے۔ نیز اس سلسلے میں چھوٹے بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں کی طرف سے بھی مدد ملے گی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو یہ فائدہ مند نہ رہے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ آتی نظر آ رہی ہے۔ شراکتی اکاؤنٹ کا مسئلہ ہے تو کوشش کریں وہ حل ہو جائے گا۔ ساس ہیں تو آپ کے تعلقات اپنی بہو کے ساتھ بہتر نہ رہیں گے۔

سعد تاریخیں	1-5-14-15-24-28
نحس تاریخیں	9-10-17
لکی نمبر	1-7-3

سرطان

عرصہ حکومت	21 جون تا 22 جولائی
منسوبی کوکب	قمر
منسوبی حروف	ح، ھ
خوش قسمت اعداد	8'6'2
خوش قسمت پتھر	سفید موتی، ہیرا، مرجان
خوش قسمت دن	پیر، منگل، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سفید، بسنتی، پیلا

یکم تا 8 فروری

غیر ضروری اخراجات میں کمی آئے گی۔ انعامی سکیمیں، بانڈ نمبر وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کو اس سے بھی فائدہ ہو گا۔ خواہشات کو پورا کرنے کے لیے کوششیں کریں گے لیکن کامیابی نہ مل سکے گی۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ ممکن ہے۔ یہ سفر کاروبار کے سلسلے میں بھی ہو سکتا ہے اور اس سفر سے آپ کو فائدہ بھی ہو گا۔ ملازمت پیشہ افراد کو اپنے ساتھ کام کرنے والے افراد کی وجہ سے پریشانی کا سامنا ہو گا۔ گھریلو معاملات پر اپنی توجہ رکھیں، کیونکہ معاملات خراب ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ معاشرے میں عزت و وقار رکھنے والے لوگوں سے وابستہ کام حل ہو جائیں گے۔

9 تا 16 فروری

کسی سے رقم قرض کے طور پر لیتے ہیں یا کوئی اور اشیاء اُدھار پر لینے کی کوشش کرتے ہیں تو آپ کا کام آسانی سے حل ہو جائے گا۔ گھریلو معاملات بھی ٹھنڈے رہیں گے۔ اپنا وقت خاندان کے لوگوں کے ساتھ گزرانا پسند کریں گے۔ طالب علموں کا تعلیم کی طرف دھیان نظر نہیں آتا۔ انعامی سکیمیں، جوا وغیرہ کھیلتے ہیں تو نقصان ہی ہو گا۔ اُمیدوں وخواہشات کو پورا کرنے کے لیے آپ کوئی محنت کرتے نظر نہیں آتے۔ وہ افراد جو ذاتی کاروبار کا آغاز کرنا چاہتے ہیں ان کے لیے یہ وقت بہترین ہے۔ ملازمت پیشہ افراد اگر کہیں اور ہاتھ پاؤں مارتے ہیں تو اپنے مالی حالات میں بہتری لا سکتے ہیں۔

17 تا 24 فروری

آپ کے غیر اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ جس کی وجہ سے آپ کو مالی پریشانی کا سامنا ہو گا۔ قانونی نوعیت کے مسائل درپیش ہیں تو فیصلہ آپ کے مخالف ہو گا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ پہلے چند دنوں میں اگر آپ کی کوئی شے گم ہوئی تھی یا کسی کو دی تھی تو وہ واپس مل جائے گی۔ وراثتی جائیداد کا فیصلہ التواء کا شکار ہے تو اس عرصے میں بھی حل کی کوئی صورت نظر نہیں آ رہی ہے۔ آپ کو چاہیے کہ اپنا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر رکھیں، ورنہ لڑائی جھگڑا ہو سکتا ہے۔ وہ افراد جو دوسری شادی کے خواہش مند ہیں ان کے لیے اس عرصے میں رشتے آئیں گے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں، آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔

25 تا 28 فروری

شراکتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں اگر کسی مسئلہ کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تو وہ پریشانیاں دور ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ آپ کے لوگوں کے ساتھ [illegible] میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ آپ اپنے دشمنوں پر حاوی رہیں گے۔ قرضہ لینے کی کوشش کر رہے ہیں تو آپ کی کوششیں رنگ لاتی نظر آ رہی ہیں اور آپ کو اپنے مقصد میں بھی کامیابی مل جائے گی۔ انعامی سکیمیں، میچ، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گا۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات میں بہتری آئے گی۔

سعد تاریخیں	3-21-26
نحس تاریخیں	5-12-19-20
لکی نمبر	2-5-9

اسد

عرصہ حکومت	23 جولائی تا 23 اگست
منسوبی کوکب	شمس
منسوبی حرف	م
خوش قسمت اعداد	9'6'5'1
خوش قسمت پتھر	یاقوت مرجان
خوش قسمت دن	اتوار منگل بدھ ۔۔
خوش قسمت رنگ	سبز اسبز سرخ

یکم تا 8 فروری

آسان ذرائع سے پیسے کمانے کی خواہش رواں دنوں میں پوری نہ ہو سکے گی۔ اس حوالے سے اگر آپ کوشش کرتے ہیں تو آپ کو نقصان کے سوا کچھ حاصل نہ ہو گا۔ عمرہ کے سلسلے میں بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو اپنی کوششیں جاری رکھیں، سفر ممکن ہے۔ ہمسایوں کے ساتھ آپ کی بول چال بند رہے گی۔ زیورات، سواری یا کسی قیمتی شے کی خرید وفروخت کرتے ہیں تو وہ چیز یا قیمت اُمید کے مطابق مل جائے گی۔ ذاتی کاروبار سے وابستہ افراد کے لیے یہ عرصہ پریشان کن گزرے گا۔ محنت بھی کریں گے لیکن اُمید کے مطابق فائدہ حاصل نہ کر پائیں گے۔ اندرون ملک سفر کے دوران سامان چوری ہونے کا اندیشہ ہے۔ آپ اپنا مال رفاعی کاموں میں بھی خرچ کریں گے۔

9 تا 16 فروری

خاندان کے لوگوں اور شریک حیات سے مختلف باتوں پر اختلاف رہے گا۔ ذہن پر دباؤ رہے گا اور ذہن مختلف خیالات کا مرکز بنا رہے گا۔ کاروباری افراد کے لیے یہ وقت انتہائی کڑا ثابت ہو گا۔ اس دوران آپ کی جمع پونجی بھی استعمال ہوتی نظر آتی ہے۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ آپ اپنی عبادات کی ادائیگی کا خاص خیال رکھیں گے۔ اولاد کو گھومانے پھیرانے کے لیے لے کر جائیں گے۔ سواری یا جائیداد کی فروخت کے لیے مناسب وقت نہیں ہے۔ ممکن ہے کہ آپ کو دھوکہ دینے کی کوشش کی جائے۔ اُمیدوں کو پورا کرنے کے لیے محنت کرتے دکھائی دے رہے ہیں۔

17 تا 24 فروری

اس عرصہ میں آپ کے اخراجات آپ کی آمدنی اور جمع پونجی کو ختم کرنے میں لگے ہوں گے۔ آمدن کے حصول میں آپ کو دشواریاں پیش آئیں گی۔ آپ کاروبار جان اعلیٰ تعلیم کے حصول کی طرف رہے گا۔ اس سلسلے میں آپ دوسروں سے رابطہ کریں گے۔ اساتذہ آپ کے ساتھ شفقت سے پیش آئیں گے۔ خواہشات پوری کرنے کے لیے ضرورت سے زائد اخراجات کرنے پڑیں گے۔ شریک کار کے ساتھ اپنے معاملات کو بہتر انداز میں چلانے کا موقع ملے گا۔ شادی شدہ لوگوں کے تعلقات شریک حیات سے بہتر ہو جائیں گے۔ ذاتی سواری کے حصول میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اگر پرانی سواری بیچ کر نئی لینا چاہتے ہیں تو اس میں گھاٹا پڑ جائے گا۔

25 تا 28 فروری

صحت کے حوالے سے اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو یہ پریشانی دور ہوتی نظر آ رہی ہے۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے

گی۔شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں اگر کسی مسئلہ کا سامنا ہے تو کوشش کرنے سے وہ پریشانی دور ہو جائے گی۔شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔آپ کا رویہ پیار محبت والا رہے گا۔ آپ کا اپنے یار دوستوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا رہے گا۔حکومتی اداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ ذاتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہو گا۔مقدمہ وغیرہ جیسے قانونی نوعیت کے مسئلہ کا شکار ہیں تو اس کا فیصلہ آپ کے حق میں نہ ہوگا۔

سعد تاریخیں	1-9-10-19-20-24-28
نحس تاریخیں	6-14-15
لکی نمبر	2-4-7

عرصہ حکومت	24 اگست تا 22 ستمبر
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	پ، غ
خوش قسمت اعداد	6'5'3
خوش قسمت پتھر	پنا، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، سفید

یکم تا 8 فروری

رواں دنوں میں شریک حیات اور ساس کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کام حل ہو جائیں گے۔قرضہ لینا چاہتے ہیں تو اس سلسلے میں بہن بھائیوں سے بھی رابطہ کریں۔قرضہ مل جائے گا یا بہتر مشورہ ملنے کے امکانات بھی ہیں۔اس عرصہ میں وراثتی جائداد کا فیصلہ آپ کے حق میں نہ ہو سکے گا۔ملازمین سے وابستہ کام ضرورت کے مطابق حل ہو جائیں گے۔رواں عرصہ میں سواری اور زمین کی خرید و فروخت کرنا نقصان دہ رہے گا۔ ذاتی کاروبار سے وابستہ افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ان کو نئے آرڈر بھی ملیں گے۔بینکوں سے وابستہ کام میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔

9 تا 16 فروری

ظاہری اور خفیہ دشمن آپ کے خلاف سازشیں کرتے نظر آتے ہیں، نیز ان میں سے چند ایک کو یہ عملی شکل بھی دیں گے۔آپ کے پاس موقع ہے کہ گھریلو معاملات کو قابو میں کریں۔اور معاملات کو سلجھانے کی کوشش کریں۔قرض دی ہوئی رقم اگر مقررہ وقت پر نہیں ملی تو اب آپ کوشش کریں تو رقم واپس ملنے کی توقع ہے۔اندرون ملک سفر کرنا آپ کے لیے مسائل کا باعث بنتا نظر آتا ہے۔کاروباری افراد کی بھی کام میں مصروفیت بڑھے گی۔گاہکوں کا آنا جانا رہے گا۔جسمانی بیماری کا شکار ہوتے نظر آتے ہیں۔آپ کو اکثر برے خواب آئیں گے۔ سفید چنے بطور صدقہ کسی ضرورت مند کو دے دیں۔

17 تا 24 فروری

یہ عرصہ غیر ضروری اخراجات میں اضافے کو ظاہر کر رہا ہے۔ دشمنوں کی وجہ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔پرندے اور جانور رکھنے کا شوق اجاگر ہوگا۔کاروباری افراد کو کام میں نقصان ہونے کا اندیشہ ہے۔اپنی عزت و شہرت کا خود خیال رکھیں۔لوگوں کی وجہ سے بدنام نہ ہوں۔ انعامی سکیمیں کھیلنے والے افراد رواں دنوں میں انعام حاصل کرتے نظر آ رہے ہیں۔ یار دوستوں اور رشتے داروں کی مدد درکار ہے تو وہ آپ کے کام آتے نظر آ رہے ہیں۔رواں دنوں میں مختلف قسم کی پریشانیوں میں گرفتار رہیں گے۔سواری یا مکان کی خرید و فروخت کے لیے مناسب وقت نہیں ہے۔

25 تا 28 فروری

ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں اگر کسی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تو وہ مسئلہ آپ کی خواہش کے مطابق حل ہوتا نظر آ رہا ہے۔اولاد کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ دور ہوتی نظر آ رہی ہے۔ کاروباری حضرات کو کام میں چھوٹی موٹی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔انعامی سکیمیں، میچ، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس میں اُمید کے مطابق فائدہ نہ ہو سکے گا۔یار دوستوں اور بڑے، بہن بھائیوں کے ساتھ ملنا جلنا کم رہے گا۔آپ کے تعلقات ساس اور شریک حیات کے ساتھ بہتر رہیں گے۔آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا، نیز مال رفاعی کاموں میں خرچ کرتے نظر نہیں آ رہے۔عمرہ یا زیارت کے لیے جانا چاہتے ہیں تو وہ ممکن نہیں ہے۔قانونی نوعیت کے درپیش مسائل حل نہ ہو سکیں گے۔ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام ہیں تو وہ حل ہو جائیں گے۔

سعد تاریخیں	3-21-26
نحس تاریخیں	9-10-17
لکی نمبر	1-9-0

عرصہ حکومت	23 ستمبر تا 23 اکتوبر
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ت، ژ، ط
خوش قسمت اعداد	9'6'4'1
خوش قسمت پتھر	ہیرا، سفید موتی
خوش قسمت دن	جمعہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	پیلا، نارنجی، گندمی

یکم تا 8 فروری

اس ہفتے کے آغاز سے ہی آپ کے تعلقات اپنے چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ خراب رہیں گے۔تعلقات میں خرابی میں جتنا ہاتھ ان کا ہو گا اُتنا آپ کا بھی ہوگا۔وہ افراد جو بیرون ملک جانے کی کوشش کر رہے ہیں یا خواہش مند ہیں اُن کو چاہیے کہ اپنی کوششیں تیز کر دیں، کیونکہ ان کی یہ خواہش عملی شکل اختیار کرتی نظر آ رہی ہے۔وہ افراد جنہوں نے قرضہ لے رکھا ہے ادائیگی نہ کرنے کی وجہ سے

مشکلات کا سامنا ہوگا۔ غیر ضروری اخراجات کو قابو کرنے میں کامیاب رہیں گے۔ طالب علم غیر نصابی سرگرمیوں اور کھیل کود میں بھی دلچسپی رکھیں گے۔ وہ افراد جو بلڈ پریشر اور شوگر کے مریض ہیں ان کو چاہیے کہ یہ پرہیزی خوراک لیں۔

9تا 16فروری

سفر کرنے کے لیے بہتر وقت ہے۔ نیز تجارت کے سلسلے میں سفر کرنا مالی فائدہ لاتا نظر آ رہا ہے۔ صحت خراب ہے تو علاج جاری رکھیں، ورنہ بیماری طوالت اختیار کر جائے گی۔ انداز گفتگو میں سختی کا عنصر شامل رہے گا۔ انعامی سکیمیں، جوا وغیرہ کھیلتے ہیں تو کوئی خاص فائدہ حاصل نہ کر سکیں گے۔ اُمیدوں اور خواہشات کو پورا کرنے کے لیے سخت محنت کرنا ہوگی۔ عبادات کی ادائیگی کا خاص خیال رکھیں گے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف بڑھے گی۔ یار دوستوں کے ساتھ گھومنے پھرنے کا پلان بنائیں گے لیکن کسی وجہ سے آپ جا نہ پائیں گے۔

17تا24فروری

خفیہ دشمنوں کی طرف سے کافی تنگی ملے گی۔ بیرون ملک سفر کے حوالے سے آپ کو مسائل کا سامنا ہوگا۔ نخیالی رشتے داروں سے وابستہ کام حل ہو جائیں گے۔ نیز اسی حوالے سے والدہ کا تعاون بھی ملے گا۔ گھریلو ماحول خوشگوار رہے گا۔ شریک حیات کے ساتھ بھی اچھا وقت گزرے گا اور باہم سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ وہ ملازمت پیشہ افراد جو بہتر نوکری کی تلاش میں ہیں یا ترقی کے خواہش مند ہیں ان کی یہ خواہش پوری نہ ہو سکے گی۔ رواں دنوں میں آپ کو ہائی بلڈ پریشر رہے گا۔ اس کی وجہ ذہنی پریشانی ہوگی۔ شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کے لیے یہ بہتر وقت ہے۔ شریک کار کی طرف سے بھی مالی فائدہ ملتا نظر آ رہا ہے۔

25تا28فروری

انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ ان کو اپنے بڑے بہن بھائیوں سے تعلیم کے سلسلے میں بہتر مشورہ بھی ملتا نظر آ رہا ہے۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ حکومتی اداروں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائیں گے۔ اولاد اور شریک حیات کے درمیان ان بن تھی تو وہ دور ہو جائے گی۔ قرضہ لینے کی کوشش کر رہے ہیں تو وہ ملتا نظر نہیں آ رہا ہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، جوا وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے فائدہ اُمید کے مطابق نہ ہو سکے گا۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ ضرورت کے مطابق نہ ہوگا۔

سعد تاریخیں	1-9-10-14-15-24-28
نحس تاریخیں	12-19-20
لکی نمبر	9-7-8

عرصہ حکومت	24 اکتوبر تا 22 نومبر
منسوبی کواکب	مریخ، پلوٹو
منسوبی حروف	ذ، ض، ظ، ن
خوش قسمت اعداد	8'3'2'1
خوش قسمت پتھر	مرجان، روبی
خوش قسمت دن	اتوار، پیر، منگل، جمعرات
خوش قسمت رنگ	لال، سفید، کریم کلر

یکم تا 8 فروری

یہ ہفتہ آپ کی زندگی میں گھریلو مسائل کے اضافے کو لے کر آ رہا ہے۔ شریک حیات کے ساتھ اسی بات پر تلخی پیدا ہوگی کہ آپ کا گھریا سواری اچھی اور بڑی کیوں نہیں۔ چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ ان کی طرف سے آپ کو اچھی خبریں ملیں گی۔ وہ افراد جو بیرون ملک سفر کے لیے جانا چاہتے ہیں ان کے معاملات بہتر انداز میں طے ہوں گے۔ رواں دنوں میں آپ تفریح کے پلان بنائیں گے، لیکن جا نہ پائیں گے۔ مالی معاملات کو بہتر کرنے کے منصوبے بنائیں گے اور آسان ذرائع سے آمدن حاصل کرنے کی کوشش کریں گے، لیکن کوئی خاص کامیابی نہ مل سکے گی۔ نخیالی رشتے داروں سے ملنا جلنا ہوگا۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو ان سے بھی رابطہ کریں، مدد ملتی نظر آ رہی ہے۔

9تا 16فروری

ملازمت پیشہ افراد کو کام کے حوالے سے کسی قسم کی پریشانی کی کوئی بات نہیں ہے۔ آپ کے ساتھ کام کرنے والے لوگ آپ کے خلاف سازشیں کرنے کی کوشش کریں گے۔ لیکن آپ ان سے مقابلے کی پوزیشن میں رہیں گے۔ کاروبار سے منسلک افراد کو فائدہ حاصل کرنے کے لیے سخت محنت کرنا پڑے گی۔ صحت اور خوراک پر خاص توجہ دیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ ذہنی پریشانی کا شکار بھی رہیں گے۔ اخراجات بے قابو ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ سواری یا جائیداد کی فروخت کے لیے موزوں وقت نہیں ہے۔ آپ کو اُمید کے مطابق قیمت نہ ملے گی، نیز اس بات کے امکانات بھی ہیں کہ وہ شخص آپ کے ساتھ بے ایمانی کی کوشش کرے۔

17تا24فروری

کاروباری افراد کے لیے یہ عرصہ کام کے حوالے سے پریشانی لے کر آ رہا ہے۔ انہیں کاروبار میں نقصان کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اگر آپ قرضہ لے کر بھی کاروبار میں پیسے لگاتے ہیں تو وہ ضائع ہی ہوں گے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ انعام حاصل کرنے میں کامیاب رہیں گے۔ جس کی وجہ سے آپ کے مالی حالات میں بہتری آئے گی۔ یار دوستوں کے ساتھ ملنا جلنا کم رہے گا۔ رواں دنوں میں آپ کو گھریلو سکون میسر رہے گا۔ علاوہ ازیں والدہ بھی آپ سے خوش رہیں گی۔ آپ کی اولاد بھی مختلف کاموں میں آپ کا ہاتھ بٹائے گی اور آپ کی پریشانیوں کو کم کرنے کی کوشش کرے گی۔ آپ کی اکثر خواہشات پوری

ہوتی نظر آرہی ہیں۔

25 تا 28 فروری

اندرون ملک سفر کے بارے میں سوچ رہے ہیں تو سفر ممکن اور آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ نیز بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا بھی رہے گا۔ ملازمین سے وابستہ کام حل ہو جائیں گے۔ ذاتی اور شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا۔ بیرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں تو اس دوران کامیابی ملتی نظر نہیں آرہی۔ حکومتی اداروں اور عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام کے حل میں چند ایک مشکلات کا سامنا ہوگا۔ لیکن اگر آپ اپنی کوشش کو جاری رکھیں تو کام حل ہو جائیں گے۔ صحت کے حوالے سے پریشانی کا سامنا ہے تو صحت میں بہتری آتی نظر آرہی ہے۔

سعد تاریخیں	3-26
نحس تاریخیں	6-14-15
لکی نمبر	2-5-9

عرصہ حکومت	23 نومبر تا 21 دسمبر
منسوبی کوکب	مشتری
منسوبی حرف	ف
خوش قسمت اعداد	5'3'1
خوش قسمت پتھر	پکھراج، پنا، روبی
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، اتوار
خوش قسمت رنگ	پیلا، ہلکا زرد

یکم تا 8 فروری

آپ کو بچوں کی طرف سے سکون ملے گا اور اس کے علاوہ آسان ذرائع سے روپے بھی حاصل ہوں گے۔ دعوت وغیرہ پر جانے کا اتفاق ہوگا اور اس وجہ سے بھی لوگوں سے تعلقات میں اضافہ ہوگا۔ ذاتی سواری کے استعمال میں احتیاط کریں۔ دوران استعمال حادثہ کا امکان ہے۔ اس کی وجہ سے آپ کو اور سواری دونوں کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ خفیہ دشمن آپ کو نقصان پہنچانے کی ناکام کوشش کریں گے جو کہ اُلٹا آپ کو فائدہ دے گی۔ آپ اپنی خواہشات کو پورا کرنے کی کوشش کریں گے، لیکن کوششیں ناکامیاب ثابت ہوں گی۔ کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ آپ تفریحی اُمور انجام دینے کی طرف مائل رہیں گے۔

9 تا 16 فروری

شریک حیات کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ غیر ضروری سفر کرنے سے گریز کریں، کیونکہ دوران سفر آپ کو مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اُمیدوں کو عملی شکل دینے کے لیے بہترین وقت ہے۔ آپ کے پاس ایسے مواقع آئیں گے کہ آپ اپنی اُمیدوں کو سچ کی شکل دے دیں۔ چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔ آپ کو برے خواب آئیں گے۔ دال صدقے کے طور پر دیں۔ شراکتی بنیادوں پر کیے گئے کام آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ قانونی معاملات کا شکار ہیں تو جتنا ہو سکے ان سے بچیں کیونکہ یہ آپ کو پریشانی کے سوا کچھ نہ دیں گے۔ یار دوستوں کے ساتھ کھانے پینے کے لیے جائیں گے۔

17 تا 24 فروری

یہ دن کاروبار سے وابستہ افراد کے لیے پریشانی لے کر آرہے ہیں۔ کاروبار میں بہتری لانے کے لیے آپ کی کوششیں بھی کارآمد ثابت نہ ہو پائیں گی۔ شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کو اپنے شریک کار کی طرف سے بھی منفی رویے کا سامنا رہے گا۔ گھریلو حالات بہتر رکھنے کے لیے قرضہ لینا چاہتے ہیں تو ملتا نظر آرہا ہے۔ چھوٹے بہن بھائیوں کا رویہ آپ کے ساتھ بہتر رہے گا۔ ان سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ بھی حل ہو جائیں گے۔ خاندانی زمینیں یا جائداد کا فیصلہ اگر مل بیٹھ کر کیا گیا تو یہ آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ قانونی نوعیت کے مسائل درپیش ہیں تو ان کا فیصلہ آپ کی مخالفت میں آئے گا۔

25 تا 28 فروری

قانونی نوعیت کے درپیش مسائل ہیں تو کوشش کریں وہ آسانی سے حل ہو جائیں گے۔ اس سلسلے میں بہن بھائیوں سے مدد لینا بھی فائدہ مند رہے گا۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ ضرورت کے عین مطابق رہے گا۔ جس کی وجہ سے آپ کے لوگوں سے وابستہ اکثر کام حل ہوتے نظر آرہے ہیں۔ قرضہ لینے کی کوششیں کر رہے ہیں تو آپ کی کوششیں رنگ لاتی نظر نہیں آرہی ہیں۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات بہتر ہو جائیں گے۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو وہ حل ہوتا نظر نہیں آرہا اور اگر ہو بھی گیا تو اس کا فیصلہ آپ کے حق میں نہ ہوگا۔ آپ کو صحت کے حوالے سے احتیاط کی ضرورت ہے۔ ورنہ پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

سعد تاریخیں	1-5-14-15-19-20-28
نحس تاریخیں	6-17
لکی نمبر	7-8-1

عرصہ حکومت	22 دسمبر تا 19 جنوری
منسوبی کوکب	زحل
منسوبی حروف	خ، ج، گ
خوش قسمت اعداد	8'6'5
خوش قسمت پتھر	نیلم، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، سفید، سبز

یکم تا 8 فروری

وہ لوگ جو ملٹی نیشنل فرموں کے ساتھ منسلک ہیں ان کو اس ہفتہ فوائد کا حصول ہوگا۔ آسان ذرائع سے آمدنی حاصل کرنے والوں کو اس ہفتہ میں حسب منشاء فائدہ نہ ہو سکے گا۔ اس عرصہ میں آپ کی توجہ ادھر اُدھر سے ہٹ کر گھر کے معاملات پر مبذول ہو جائے گی اور آپ کو اپنے گھر وقت دینا پڑے گا۔ جہاں کہیں گھر میں کوئی سرگرمی نہ تھی وہاں ایک دم بہت سے کام شروع ہو جائیں گے ۔ آپ کے اخراجات کام کی چیزوں میں کم اور بے کار کی چیزوں میں زیادہ ہوں گے۔ سیر و تفریح اور کھیل کود کے پلان بنائیں گے لیکن عملی شکل نہ دے پائیں گے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ کو تعلیمی حوالے سے اپنے دوستوں اور بڑے بہن بھائیوں سے مدد درکار ہے تو وہ آپ کی مدد ضرور کریں گے اور اس حوالے سے بہتر راہنمائی اور مشورے بھی دیں گے۔

9 تا 16 فروری

مالی معاملات میں اونچ نیچ آتی رہے گی۔ قرضہ لینے کی کوششیں کر رہے ہیں تو وہ ملنے کی اُمید ہے۔ کاروباری افراد کے کام میں تیز رہے گی، لیکن وہ بہت زیادہ فائدہ حاصل نہ کر پائیں گے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو فائدہ حاصل نہ کر پائیں گے۔ افسران اعلیٰ سے وابستہ کام کے حل کے لیے بہترین وقت ہے یہ آپ کے کام آسان سے حل کر دیں گے۔ غیر ضروری اخراجات پر قابو پاتے نظر آ رہے ہیں۔ قانونی معاملات کا شکار ہیں تو ان کا فیصلہ رواں دنوں میں آپ کے لیے خوشی کا باعث رہے گا۔ بیماری کا شکار ہیں تو طوالت اختیار کر لے گی۔ آپ کا انداز گفتگو تلخ رہے گا۔

17 تا 24 فروری

ذہنی پریشانی کا شکار تھے تو وہ دور ہوتی نظر آ رہی ہے۔ جسمانی بیماری دور ہوتی نظر نہیں آ رہی۔ اس کی ایک وجہ پرہیز نہ کرنا بھی ہوگا۔ گھریلو حالات بہتر رہیں گے۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں کے ساتھ ملنا جلنا بھی ہوگا۔ اپنے سے کم درجے کے ملازمین کی وجہ سے آپ کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ وراثتی اُمور کا فیصلہ رواں دنوں میں ہوتا نظر نہیں آتا۔ لڑائی جھگڑے جیسے کاموں سے دور رہیں، آپ کو چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔ اگر قانونی کاروائی ہوئی تو وہ بھی آپ کے خلاف ہوگی۔ آپ کے غیر ضروری اخراجات میں کمی آئے گی اور مالی حالات بہتر رہیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر رہے گا۔ جس کی وجہ سے آپ کے اکثر کام حل ہو جائیں گے۔

25 تا 28 فروری

آپ کے اخراجات میں کمی آتی نظر آ رہی ہے۔ جس کی وجہ سے آپ اپنے مالی حالات میں بہتری محسوس کریں گے۔ اگر کوئی شخص آپ کا مقروض ہے تو وہ رقم یا اشیاء واپس مل سکتی ہیں۔ کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ کاروبار سے حاصل ہونے والی آمدن میں بھی اضافہ ہوگا۔ کسی خطرناک بیماری کا شکار ہیں یا تھے تو اس بیماری کی وجہ سے دوبارہ پریشانی کا سامنا ہوگا۔ آپ کی اپنے شریک حیات کے ساتھ تھوڑی بہت اَن بَن ہوگی۔ اندرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں تو آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے فائدہ آپ کی اُمید کے مطابق نہ ہوگا۔ آپکی چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔

سعد تاریخیں	3-21
نحس تاریخیں	5-12-19-20
لکی نمبر	3-4-1

عرصہ حکومت	20 جنوری تا 18 فروری
منسوبی کواکب	زحل، یورانس
منسوبی حروف	س، ش، ث، ص
خوش قسمت اعداد	8,6,3
خوش قسمت پتھر	نیلم، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، گلابی، ہرا

یکم تا 8 فروری

اس ہفتہ میں آپ کو روپے پیسے کے مسائل کا سامنا رہے گا۔ وہ لوگ جنہوں نے بینکوں سے قرضہ لینے کے لیے اپلائی کیا ہوا ہے ان کو اسی دوران پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کے تعلقات چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ بہتر رہیں گے اور آپ کو ان کے ساتھ وقت گزارنے کا موقع ملے گا۔ سسرالی رشتے داروں کی وجہ سے آپ کے گھر کا ماحول خراب رہے گا۔ والدہ کا مزاج سرد مہری کا حامل رہے گا اور ان سے لگائی ہوئی توقعات پوری نہ ہو پائیں گی۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ تلخ رہے گا، جس کی وجہ سے آپ کے اکثر کام حل نہ ہو سکیں گے۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو نئے آرڈر ملیں گے، لیکن محنت پوری طرح نہ کرنے کی وجہ سے بہتر فائدہ حاصل نہ کر پائیں گے۔

9 تا 16 فروری

گھریلو معاملات خراب رہیں گے نیز کسی بھی شخص کو اپنے نجی اور ذاتی معاملات میں دخل اندازی نہ کرنے دیں۔ معاملات میں مزید خرابی پیدا ہوگی۔ کاروباری افراد کو کام کے حوالے سے پریشانی کا سامنا رہے گا۔ انعامی سکیمیں کھیلتے ہیں تو مالی فائدہ حاصل ہوگا۔ سفر کے حوالے سے موثر وقت ہے نیز اللہ کی مہربانی سے آپ اپنے مقصد میں کامیابی ملے گی اور کام آسانی سے حل ہو جائیں گے۔ عمر میں بڑے لوگوں کے ساتھ آپ کا رویہ درست نہ ہوگا۔ ڈرائیونگ کرتے وقت یا لڑائی جھگڑا کرتے وقت آپ کو چوٹ لگنے کا خدشہ ہے۔ ہمسایوں اور رشتے داروں سے میل جول زیادہ رہے گا۔

17 تا 24 فروری

رواں دنوں میں شریک حیات کے

ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ یہ وقت منگنی یا نکاح کرنے کے لیے بھی سعد نہیں ہے۔ آپ کی چند ایک خواہشات اور تمنائیں پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ انعامی سکیمیں یا لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو خاص انعام حاصل نہ کر سکیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر رہے گا اور لوگ آپ سے متاثر بھی ہوں گے۔ رواں دنوں میں آپ اپنی ذات پر زیادہ توجہ دیں گے۔ یار دوستوں سے ملنا جلنا ہوگا۔ سیر و تفریح کے پلان بنائیں گے۔ لیکن جا نہ پائیں گے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو یہ وقت بہتر نہیں ہے۔ صحت کے حوالے سے احتیاط کریں۔ مالی حالات بہتر رہیں گے۔

25 تا 28 فروری

بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ آپ کے فضول اخراجات میں کمی ہوگی۔ انعامی سکیمیں، بانڈ، لاٹری بیچ وغیرہ ہیں تو یہ آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ اولاد کے ساتھ ناراضگی ہے تو اب تعلقات استوار ہوں گے۔ کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چھوٹے موٹے مسائل کا سامنا رہے گا۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل کا فیصلہ پوری طرح آپ کے حق میں ہوتا نظر نہیں آ رہا۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی ہو گی، لیکن جلد صلح بھی ہو جائے گی۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کاموں کے حل میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ساس ہیں تو بہو کے ساتھ تعلقات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔

سعد تاریخیں	5-9-10-19-20-24
نحس تاریخیں	6-12
لکی نمبر	1-7-8

عرصہ حکومت	19 فروری تا 20 مارچ
منسوبی کواکب	مشتری تا چون

منسوبی حروف	چ، د
خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	پکھراج، مرجان، موتگا
خوش قسمت دن	منگل، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	ہلکا براؤن، لال، نارنجی

یکم تا 8 فروری

وہ افراد جنہوں نے کسی کو قرضہ دے رکھا ہے ان کو وہ رقم یا چیز واپس ملتی نظر آ رہی ہے۔ معاشرے میں عزت و مقام رکھنے والے لوگوں سے ملنا جلنا ہوگا اور ان کی وجہ سے آپ کے کئی ایک کام بھی ہو جائیں گے۔ بینکوں سے وابستہ کام مقررہ وقت پر حل نہ ہو سکیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو تلخ رہے گا۔ اندرون شہر پیدل سفر کریں گے۔ خوراک کی طرف بھی آپ خاص توجہ رکھیں گے۔ گھر کی تزئین و آرائش کی طرف آپ کوئی خاص توجہ نہ دیں گے۔ ذاتی کاروبار سے وابستہ افراد کے لیے کام کے حوالے سے یہ مناسب وقت ہے۔ ساس کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔

9 تا 16 فروری

اعلیٰ افسران اور صاحب حیثیت لوگوں سے آپ کسی مدد کے منتظر ہیں تو وہ آپ کے کام ضرور آئیں گے۔ سفر کرنے سے گریز کریں کیونکہ سفر کے دوران آپ کو پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ غیر ضروری اخراجات میں بھی کافی حد تک قابو پا لیں گے۔ صحت میں خرابی آئے گی۔ ڈاکٹر سے رجوع کریں جلد صحت یاب ہو جائیں گے۔ انٹرویو اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علم جن کو نتائج کا انتظار ہے ان کے لیے خوشخبری ہے کہ ان کے نتائج بہتر آئیں گے۔ لوگوں کے ساتھ بات چیت زیادہ کریں گے اور نئے دوست بھی بنائیں گے۔

17 تا 24 فروری

وہ افراد جو شراکتی کاروبار شروع کرنا چاہتے ہیں ان کو چاہیے کہ کسی سعد وقت کا انتظار کریں۔ رواں دنوں میں آپ دشمنوں پر حاوی رہیں گے۔ ان کی طرف سے حملہ سازش ہوتا ہے تو آپ اس کا منہ توڑ جواب دینے کی حالت میں ہیں۔ کسی ذہنی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ دور ہو جائے گی اور آپ اپنے اندر خوش مزاجی محسوس کریں گے۔ سواری خریدنا یا بیچنا آپ کے لیے نقصان دے رہے گا۔ میٹرک میں زیر تعلیم طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔ ملازمت پیشہ افراد کو اپنے سے کم درجے کے ملازمین کی وجہ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائیں گے۔ آپ اپنا مال رفاہی کاموں میں خرچ کرتے نظر آ رہے ہیں۔

25 تا 28 فروری

بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ ناراضگی ہے تو اب تعلقات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے لیکن چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تھوڑی بہت ان بن رہے گی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے فائدہ ہوتا نظر نہیں آ رہا ہے۔ آپ کی خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا، لیکن مسائل جلد حل ہو جائیں گے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں آپ کو ملتا نظر آ رہا ہے۔ نیز اس سلسلے میں اپنے یار دوستوں اور بہن بھائیوں سے رابطہ کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو کامیابی نہ مل سکے گی۔ سیر و تفریح کے پلان بنائیں گے لیکن جا نہ سکیں گے۔

سعد تاریخیں	21-26
نحس تاریخیں	9-10-17
لکی نمبر	5-3-8

☆☆☆

850 روپے
میں گھر بیٹھے 12 ماہ تک راہنمائے عملیات کا شمارہ بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک حاصل کریں۔

آپ کا زائچہ کیا کہتا ہے؟

ایک بہترین اور راہنماء نجومی رپورٹ

ہماری یہ نجومی رپورٹ اس بات کو مدنظر رکھ کر بنائی گئی ہے کہ آپ کم سے کم رقم خرچ کر کے زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل کر سکیں۔ یہ رپورٹ اپنے اندر کیا کچھ لیے ہوتی ہے اس کا مکمل اظہار کے لیے ذیل میں مختصر طور پر اُن معاملات کو بیان کیا گیا ہے جو اس رپورٹ میں زیر بحث آئیں گے۔ یہ رپورٹ آپ صرف اپنے لیے ہی نہیں' اپنے بچوں اور اپنے عزیز و اقارب کے لیے بھی بنوا سکتے ہیں۔ بالیقین یہ ایک جامع' دلچسپ اور فائدہ مند رپورٹ ثابت ہوگی۔

1 آپ کا مزاج و کردار
2 زندگی میں خوشیوں اور تکمیل خواہشات
3 محبت و رومانس کے معاملات
4 دلچسپیاں اور مشاغل
5 معاملات صحت
6 مالی و مادی معاملات
7 آپ کی زندگی اور طریق زندگی
8 کیریئر/ معاشی معاملات
9 روزگار کے معاملات
10 آپ کا ذاتی برج
11 آپ کا ذاتی ستارہ
12 خوش قسمتی کا پتھر/ جواہر
13 خوش قسمت دن
14 خوش قسمت رنگ
15 خوش قسمت دھات
16 خوش قسمت عدد/ فگر
17 حاجات و مسائل کے حل کے لیے اسم الٰہی
18 کواکب کا شرف و ہبوط اور سعد و نحس کا بیان
19 رد بلا کے صدقہ اور اوقات
20 قمری لحاظ سے آپ کا برج اور ستارہ
21 شمسی لحاظ سے آپ کا برج اور ستارہ
22 طالع کے لحاظ سے آپ کا برج اور ستارہ
23 پیدائشی زائچہ بمعہ کواکبی نظرات' کواکب در گھر' کوکب در بروج' کواکبی درجات' طالع عاشر اور دیگر تکنیکی معلومات۔

زندگی کے 23 اہم اُمور

پر دلچسپ اور طاقت ور احکام لیے ایک خصوصی رپورٹ

تسخیرات و عملیات کی روحانی دنیا

تحریر: حکیم محمد نعیم الحسن، مانگا منڈی۔

السلام علیکم قارئین کرام راہنمائے عملیات کے لیے خاص اعمال لے کر حاضر خدمت ہوں اور دعا گو ہوں آپ تمام دوستوں کو کامیابی و کامرانی نصیب ہو۔ تمام پڑھنے والوں کے لیے 100 فی صد مجرب اعمال لے کر حاضر ہوں۔ اصل مقصد کی طرف آتا ہوں۔

روحانی قوت بیدار کرنے کا عمل:۔

ہر عامل کے لیے ضروری ہے کہ ہمزاد موکل کے اعمال اور حاضرات کے اعمال کرنے سے پہلے اپنے اندر روحانی قوت بیدار کرنے کی جدوجہد کرے۔ اس کا آسان طریقہ یہ ہے کہ روزانہ 505 مرتبہ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ دفعہ پڑھیں۔ انشاء اللہ ان اسماء مبارکہ سے عامل کے اندر زبردست روحانی قوت بیدار ہوگی اور حاضرات و تسخیرات کے عملیات اس ورد کے بعد انشاء اللہ 100% کامیابی سے ہمکنار ہوں گے۔ یہ عمل قیصر احمد بی اے کی کتاب سے نقل کیا ہے۔ یہ عمل ان کا اپنا نہیں ہے۔ یہ عمل کرشمات حاضرات موکل برہان ہمزات سے ہے۔ عمل حاضر ہے۔

یا ھادی یا خبیر یا متین یا علام الغیوب

جن کو مسخر کرنے کا روحانی عمل:۔

اس عمل کو نصف رات کے وقت مسجد میں جا کر تنہائی میں بیٹھ کر کریں۔ چالیس دنوں میں اس عمل کو تین ہزار ایک سو پچاسی (3185) مرتبہ پڑھیں۔ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ عمل روزانہ وقت مقررہ پر جگہ بھی ایک ہو عمل باحصار۔ آیت الکرسی چاروں قل شریف حصار کر کے پڑھیں۔ پرہیز جلالی و جمالی گوشت ہمہ قسم کا مچھلی انڈا کچا پیاز لہسن، بدبودار اشیاء، جماع سے کریں۔ عمل کے آخری دن تین جنات ہوں گے۔ ان سے مطیع و مسخر ہونے کے لیے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قسم دے۔ جس کام کا حکم کریں گے بجالائیں گے۔ ناجائز کام ہرگز نہ لیں ورنہ نقصان ہوگا۔ پڑھنے والی عمل عبارت یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم عزمت علیکم واقسمت علیکم یا عند الصمد الرحمن یا عبد الواحد حاضر شو حاضر شو بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔

آپ دوستوں سے التماس ہے کہ عمل کو بغیر اجازت ہرگز نہ کریں۔ اجازت و راہنمائی جناب بانی ادارہ خالد اسحاق راٹھور صاحب سے طلب کریں۔

عمل تسخیر سنگدل محبوب کے لیے:۔

یہ عمل میرے سینے کا راز ہے۔ جو آج علم پھیلانے کے مشن سے عیاں کر دیا۔ عوام کی امانت ہے۔ اس عمل کو آپ باآسانی تسخیر المحب کے لیے کر سکتے ہیں۔ اپنے روٹھے دوست، روٹھی ہوئی بیوی کو حاضر کرنا یا سنگدل محبوب کو تابعدار کرنا۔ اس عمل سے بیوی، دوست، سنگدل معشوق بلا واسطہ حاضر کر سکتے ہیں۔ اس عمل سے محبوب کو بے قرار کر کے حاضر کرنا۔ عمل کو نوچندی جمعرات یا نوچندی منگل سے شروع کریں۔ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ کے ساتھ عمل کی پڑھائی کریں۔ عمل باحصار کر کے پھر گیارہ یوم تک عمل پڑھنا ہے اور بعد پڑھائی نقش پر دم کر کے باندھ لیں۔ نقش زعفران گلاب کی سیاہی سے تیار کریں۔

تمام لوازمات کے ساتھ باوضو ہو کر کریں۔ دائرہ کھینچ لیں۔ پھر شروع کریں۔ عمل جائز حلال طریقہ سے کریں۔ ورنہ نقصان کے خود ذمہ دار ہیں۔ عمل یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا جبرائیل

یا اسرافیل	۱۶	۱۱	۱۸
کھیعص	۱۷	۱۵	۱۳
حمعسق	۱۲	۱۹	۱۴

یا میکائیل

بسم اللہ الرحمن الرحیم یحبونھم یا جبرائیل حراک کعب اللہ یا میکائیل مارک، والذین امنوا یا اسرافیل انرک اسد اللہ یا جبرائیل فلاں بن فلاں حاضر کرو۔

☆☆☆

قسط نمبر:۔3

تسخیر جنات

مصنف کتاب:۔مولوی سید علی۔

باب چہارم

بیان تاریخ ہائے نحس متعلقہ بروج معہ دائرہ تثلیث و اسمائے ثانی سیارگان واسمائے موکلان معہ سمت اور ایام

بیان تاریخ ہائے نحس متعلق بروج

رسالہ ہذا کے اس باب میں میں ان تاریخ ہائے نحس کا تذکرہ کرنا ضروری سمجھتا ہوں جو بروج (طالع انسانی) سے تعلق رکھتی ہیں اور ان تاریخوں میں صاحب طالع کو کوئی کام نہ کرنا چاہیے ورنہ کسی عنوان سے انجام بہتر نہ ہوگا۔

حمل:۔

اس طالع کے انسان کے حق میں تیسری اور چھٹی، گیارہویں اور اٹھائیسویں تاریخ قطعاً نحس ہے۔اس کو ان تواریخ میں کوئی کار جدید نہ کرنا چاہیے۔

ثور:۔

اس طالع والے انسان کے لیے چوبیسویں، پچیسویں اور اٹھائیسویں تاریخیں نحس ہیں۔اس کو ان تاریخوں میں کوئی نیا کام نہ کرنا چاہیے۔

جوزا:۔

ہر ماہ ایک کتاب

قارئین راہنمائے عملیات کی مسلسل خواہش کو مدنظر رکھتے ہوئے ادارہ راہنمائے عملیات ہر ماہ ایک مکمل کتاب ماہنامہ میں شائع کرے گا۔اس طرح ماہنامہ راہنمائے عملیات کے ساتھ ساتھ آپ کے پاس قدیم کتب کا ذخیرہ بھی جمع ہوتا رہے گا۔ایک بات کی وضاحت کردوں کہ چھوٹی کتاب تو ایک ماہ میں مکمل ہوجائے گی لیکن بڑی کتاب ایک سے زائد اقساط میں مکمل کی جائے گی۔

امید ہے یہ منصوبہ قارئین کے وسیع تر مفاد میں بہتر ثابت ہوگا۔آپ کی آراء کا منتظر۔

عبدالباسط راٹھور(ایڈیٹر)

اس طالع کے انسان کے حق میں چوتھی، بارہویں، تیرہویں اور سترہویں تاریخیں ہر کام کے لیے نحس ہیں۔ ایسے آدمی کو ان تاریخوں میں کوئی نیا کام نہ کرنا چاہیے۔

سرطان:۔

اس طالع والے انسان کے حق میں بارہویں، سترہویں، اٹھارویں اور بائیسویں تاریخیں ہر ماہ کی مفید نہیں ہیں جو کوئی کار جدید ان تاریخوں میں کرے گا۔ انجام بہتر نہ ہوگا۔

اسد:۔

اس طالع کے انسان کے حق میں چھٹی، تیرہویں، سولہویں اکیسویں اور پچیسویں تاریخیں ہر ماہ کی نحس ہیں۔ کبھی کار جدید بہتر صورت اختیار نہ کرے گا۔

سنبلہ:۔

اس طالع کے انسان کے لیے دوسری اور چوتھی، ساتویں، آٹھویں اور پہلی تاریخیں ہر ماہ کی نحس ہیں۔ یہ تاریخیں اس کے حق میں کبھی بہتر ثابت نہ ہوں گی۔ لہذا ان تاریخوں کی نحوست سے پرہیز کرے اور کوئی کار جدید نہ کرے۔

میزان:۔

تاریخیں پہلی، ساتویں اور آٹھویں ایسے طالع والے انسان کے لیے نحس ہیں۔ ان تاریخوں میں ہر کار جدید کی ابتداء نقصان کا باعث ہوتی ہے۔

عقرب:۔

ایسے طالع والے انسانوں کے لیے تاریخ نویں، سترہویں، بائیسویں، تیئسویں اور اٹھائیسویں نحس ہیں کوئی کام نہ کرے ورنہ انجام بہتر نہ ہوگا۔

قوس:۔

اس طالع والے انسانوں کے حق میں ساتویں، تیرہویں، پندرہویں، چوبیسویں اور اٹھائیسویں تاریخیں ہر ماہ کی قطعاً موافق نہ آئیں گی۔ لہذا صاحب طالع کو ان تواریخ میں کوئی کار جدید نہ کرنا چاہیے۔

جدی:۔

زندگی کی رکاوٹیں اور پریشانیاں

بلڈ سٹون

وہ جو زندگی کے مختلف مسائل میں گھرے ہوئے ہیں اور ہر قدم پر کوئی نہ کوئی رکاوٹ یا پریشانی آ کھڑی ہوتی ہے اِن کو بلڈ سٹون کا استعمال کرنا چاہیے۔ زندگی میں پیش آمدہ مسائل کے حل کے لیے زبردست سحری خواص کا حامل جوہر ہے۔

اس طالع والے انسان کے لیے سترہویں، بائیسویں، چوبیسویں اور اٹھائیسویں تاریخیں قطعاً نحس ہیں۔ اس کو ان تواریخ میں کوئی کار جدید نہ کرنا چاہیے۔

دلو:۔

پہلی، بارہویں، سترہویں اور تئیسویں کی تاریخیں ایسے طالع والے انسان کے لیے نحس ہیں۔

حوت:۔

اٹھائیسویں، انتیسویں اور تیسویں تاریخیں ایسے طالع والے انسانوں کے لیے نحس ہیں۔

تفصیل دائرہ تثلیث:۔

تثلیث و تربیع وغیرہ کے بارے میں عاملین کا مگاریوں رقمطراز ہیں کہ عامل کو اس کیفیت سے بھی پوری طرح آگاہ ہونا چاہیے۔ اس لیے کہ اس دائرے کی واقفیت سے ستاروں کی چال اور ایک دوسرے سے محبت اور نفرت نیز تفاوت بروج وغیرہ کا پتہ بہ آسانی چلتا ہے اور عمل خوانی وغیرہ میں ان سیارگان کی طرف سے کوئی بات دریافت طلب باقی نہیں رہتی۔ عاملین نے سیارگان کے باہمی ان فاصلوں کو حسب ذیل ناموں سے منسوب کیا ہے۔ جو درج ذیل ہیں۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶
تثلیث	تربیع	مقابلہ	تسدیس	ساقط	مقارنہ

مثال:۔

اس دائرے کی مثال اس طور پر ہے کہ اگر ستارہ مشتری ایک

برج میں ہے اور ستارہ زہرہ، مشتری سے تیسرے درجے میں اس برج کے یا پھر دوسرے یا پانچویں یا نویں برجوں میں سے کسی برج میں ہوگا تو اس کو تثلیث کہتے ہیں۔

تربیع:۔

اسی طرح سے اگر ایک ستارہ جو ایک دوسرے سے چوتھے میں ہو تربیع ہے۔

تسدیس:۔

اور ایک دوسرے سے چھٹے میں ہے تو تسدیس ہے اور اگر ساتویں میں ہے تو مقابلہ ہے اور ایک سے دوسرے میں ہو تو مقارنہ ہے اور آٹھویں سے بارہویں میں ہو تو ساقط ہے۔ اس کا دائرہ آپ آگے ملاحظہ فرمائیے۔ یہ حساب ثابت کنندہ کرانے لوح وغیرہ کے خصوصاً کام میں آتا ہے اگر ضرورت سمجھی تو چند نسخے اس کے بھی پیش کروں گا۔

دائرہ تثلیث

تثلیث	تربیع	مقابلہ
طالع ۱ سے طالع ۹ تک	طالع ۴ سے طالع ۱۰ تک	طالع سات
تسدیس	ساقط	مقارنہ
طالع ۶ تا ۱۲ مقابلہ سے	طالع ۸ تا ۱۲ مقابلہ سے	طالع ۲۔۱

اسمائے ثانی سیارگان معہ صفات:۔

میں اس جگہ پر سیارگان کے اسمائے ثانی کا ذکر کرنا بھی اس لیے ضروری سمجھتا ہوں کہ یہ نام ستاروں کے سب کام کے لیے مجرب ہیں۔ خصوصاً عداوت اور بغض کے پیدا کرانے میں بھی کام آتے ہیں اور کارنیک و تسخیر وغیرہ کی عمل خوانی میں بھی ان سے مدد لی جاتی ہے۔ بغض و عداوت کا طریقہ یہ ہے کہ ان کو لکھ کر یہودی، نصرانی یا مجوسی کی قبر میں دفن کرے اثر آن واحد میں ظاہر ہوگا۔ یہ معلوم ہونا چاہیے کہ ستاروں کے یہ نام ایک روحانی ہیں اور دوسرے جسمانی۔ اب کارنیک و عمل تسخیر میں ان کی مخالفت کو روکنے اور ان سے امداد حاصل کرنے کا طریقہ ہے کہ پہلے ان کی زکوٰۃ ادا کرے سو اس کا طریقہ یہ ہے کہ ہر ایک نام کو بموجب خاکہ ہذا 3125 لکھ کر آٹے میں گولی بنا کر نذر دریا کرے اور چالیسویں روز جب کہ تعداد سوا لاکھ کی پوری ہو رہی ہو ستاروں کی اغذیہ کا سامان مہیا کرے اور ستاروں کے موکلین متعلقہ کی نذر دے کر معہ گولیوں کے ان کو نذر آب کرے اب گویا نحوست سیارگان کے اثرات کے حائل ہونے کا خطرہ جاتا رہا پھر کار متعلقہ کو انجام دے انشاء اللہ انجام بخیر ہوگا۔ اسمائے سیارگان یہ ہیں۔

زحل	بدھاسن طوسی خروش میوش درنوش طاعبش وزدش طاہنطروش۔
مشتری	ذھاہوش درماش ہنطش مطش اذرش ہمپطش فردش دہنداش و غدلوش ھاد یغیش عندوش بیمر اش اور درعوش بید یعنیش مہراش وہند عاشق۔
شمس	بنولوش متدلاش دہنقاش دہنعاش اطمیعاش فعتوش عادیش طسمعادیش۔
زہرہ	ادھرش دہطارش ایاش شہورش غنفاش انفاش۔
عطارد	ترہوناش امیراش ہطش شاہیش ذرانیش ملبش وہوش ملعودیش انش۔
قمر	غذلوش ھاذلیش مردنوش ہیطاش طیمارش رانابنش میانوش زغانوش۔

اسمائے موکلات ایام ہفتہ:۔

عامل کو ایام ہفتہ کے موکلین خصوصی سے بھی آگاہ ہونا چاہیے لہذا معلوم ہو کہ امام غزالی نے کتاب سر المضون و جواہر المکنون میں لکھا ہے کہ عامل کو چاہیے کہ وہ ساتوں دنوں کے موکلوں کو بھی دریافت کرے کہ یکشنبہ کا موکل کون ہے اور دوشنبہ وغیرہ کا موکل کون ہے اور ان کے اسماء کیا ہیں۔ اس سلسلہ میں یہ بتانا ضروری ہے کہ جس روز عمل شروع کرنے پر ارادہ تو اس روز کے موکل کی شیرینی پر نذر کرے اور موکل کا نام باادب لیوے اور ان سے استعانت اور امداد چاہے تاکہ مقصد دلی کے حاصل ہونے میں دیر نہ ہو بعد نذر و التجائے امداد وغیرہ کے عمل خوانی شروع کرے۔ معلوم ہونا چاہیے کہ ہر ایک دن میں دو فرشتہ موکل ہیں ایک علوی سماوی، دوسرا سفلی ارضی۔

چنانچہ اسماء ان کے یہ ہیں جو بہ لحاظ یوم تحریر کیے جا رہے ہیں۔

بہ روز یکشنبہ ملک علوی روفیائیل اور ملک سفلی ابوعبداللہ مذہب ہے۔

بہ روز دوشنبہ ملک علوی جبرائیل اور جبرائیل کا خادم شمکائیل اور ملک سفلی ارضی ابوعبداللہ الحارث ہے۔

بہ روز سہ شنبہ ملک علوی سلکائیل اور ملک سفلی ارضی الاھمر ہے۔

بہ روز چہار شنبہ ملک علوی میکائیل اور میکائیل کا ایک خادم نوائیل ہے اور ملک سفلی کے دو نام ہیں ایک دوبعر اور دوسرا یرقان ہے۔

بہ روز پنجشنبہ ملک علوی صوفیا ئیل اور ملک سفلی السید شمھو دس
بہ روز جمعہ ملک علوی عینا ئیل ملک سفلی عبد الرحمن لقب اس کا ابیض ہے۔
بہ روز شنبہ ملک علوی حصفیا ئیل۔ ملک سفلی ابونوح میمون السبحان

تذکرہ موکلین ہر چہار سمت

عامل کو قبل شروع عمل یہ بھی دریافت کرنا ضروری ہے کہ مغرب و مشرق اور جنوب وشمار کے کون کون سے موکلین ہیں۔ اس لیے کہ عامل جس وقت کہ جس رخ پر بیٹھ کر عمل کرے گا اگر اس سمت کے موکل سے آگاہ نہ ہوگا تو زکوۃ بھی نہ ادا کر سکے گا اور نہ استمداد ہی حاصل ہو سکے گی۔ لہذا اسمائے موکلات معہ سمت حسب ذیل ہیں۔

مشرق مشرق کا موکل دنیا ئیل ہے اور اعوان ان کے در حمائیل اور حموقائیل اور سمعیا ئیل ہیں۔
مغرب مغرب کا موکل دردیا ئیل ہے اور اعوان جیریقیل اور قصما ئیل اور شویا ئیل ہیں۔
قبلہ موکل قبلہ کا انیا ئیل ہے اور اعوان فرغوئیل اور طاحیل دالملول ہیں۔
جنوب جنوب کا موکل صرفا ئیل ہے اور اعوان ان کے قمیا ئیل اور مرحبا ئیل اور حومکا ئیل ہیں۔
شمال موکل سمت شمال کا اسیا ئیل ہے اور اعوان فرعریئل اور طا ئیل ہیں۔

باب پنجم

تذکرہ اسمائے حسنیٰ وخواص حروف تہجی

سب سے پہلے میں اسمائے حسنیٰ کا تذکرہ کرنا اس لیے بہتر سمجھتا ہوں کہ مبتدی حضرات کو ذہن نشین کرادوں کہ یہی اسم ہائے مبارکہ تمام عالمین کی روح رواں ہیں اور انہیں سے ہر کائنات کا نظام مرتب ومزین ہے۔ عملیاتی دنیا میں یہی اسماء پاک جو اس خالق جز وکل کے ہیں۔ جس نے سارے جہاں کو ایک لفظ کن سے پیدا کیا۔ جس کی ذات وحدہ لاشریک لہ ہے اور جس کے قبضہ قدرت میں سب کچھ ہے۔ یہی اسماء مبارکہ کلید عملیات ہیں۔ بغیر ان کے ورد کے عامل اس دنیا سے پر پشہ برابر بھی کچھ حاصل نہیں کر سکتا چاہے جس قدر بھی دماغ سوزی کرے اور یہی اسمائے پاک عامل کے محافظ جان بھی ہیں بشرطیکہ اس نے قبل شروع عمل ان اسمائے مبارکہ کی باضابطہ زکوۃ ادا کردی ہو۔ اس لیے بہتر ہے کہ عامل سب سے پہلے اس طرف متوجہ ہو اور عمل شروع کرنے سے پہلے ان اسماء مبارکہ کی زکوۃ ادا کرے کہ تاثیر عمل جلد ظاہر ہوگی اور عامل رجعت سے بھی محفوظ رہے گا۔ طریقے زکوۃ اسمائے حسنی کے بہت ہیں لیکن سب سے سہل اور آسان طریقہ یہ ہے کہ ہر روز اسماء مبارکہ۔ ۹۹ بار ۹۹ روز تک بلاناغہ بہ خلوص نیت بہ تعیین وقت اور مقام بعد سلگانے بخورات پڑھے اور ہر اسم مبارک کے پہلے لفظ "یا" کا اضافہ کرے۔ درمیان ورد پرہیز جلالی اور جمالی کا پابند رہے۔

اسمائے حسنیٰ

الف اللہ اعداد ۶۶۔ بمعنی خدا۔ خاصیت جلالی۔ ورد ۱۰۰ بار۔
نتائج۔ مودت۔ طباع۔ گرم۔ بخور۔ عود سیاہ۔۔۔۔
برج عمل۔ منازل شرطین۔ کوکب، زحل۔ جن نیو بوش موکل، اسرافیل۔

ب باقی اعداد، ۱۱۳، بمعنی ہمیشہ سے ہے۔ خاصیت جمالی۔
ورد ۱۰۰ بار، نتائج محبت، طباع، رطب۔ بخور، شکر۔
برج جوزا۔ منزل بطمین کوکب، مشتری۔ جن، ردلوش۔ موکل، جرائیل۔

آپ کے پاس بھی قدیم کتب اور رسائل موجود ہوں تو آپ بھی انہیں ماہنامہ "راہنمائے عملیات" میں شائع کروا سکتے ہیں۔

ج **جامع** اعداد، ۱۱۴، بمعنی جمع کرنے والا۔ خاصیت، مشترک ورد ۲۰۰ بار نتائج، محبت۔ طبائع، یابس۔ بخور، دار چینی۔ برج، سرطان۔ منزل ثریا۔ کوکب، مریخ۔ جن، نونوش۔ موکل۔ کلکائیل۔

و **دیان** اعداد، ۶۵۔ بمعنی، معاف کرنیوالا۔ خاصیت، جلالی۔ ورد، ۷۲ بار۔ نتائج، عداوت۔ طباع گرم بارد۔ بخور، صندل سفید۔ برج، ثور۔ منزل، مقعہ۔ کوکب، شمس۔ جن، ہوبش۔۔ موکل، دردائیل۔

ہ **ہادی** اعداد، ۲۰۔ بمعنی راہ دکھانے والا۔ خاصیت، جمالی۔ ورد، ۱۰۰ بار۔ نتائج، عداوت۔ طبائع، گرم۔ بخور صندل سفید۔ برج، حمل۔ منزل، مقعہ۔ کوکب زہرہ۔ جن، ہویش۔ موکل، دریائیل۔

و **ولی** اعداد، ۴۶۔ بمعنی، مددگار۔ خاصیت، جمالی۔ ورد، ۲۰۰، نتائج، محبت۔ طباع، رطب۔ بخور، کافور۔ برج، جوزا۔ منزل، مقعہ۔ کوکب، عطارد۔ جن، یوبوش۔ موکل اقمائیل۔

ز **زکی** اعداد، ۳۷، بمعنی پاک کرنے والے۔ خاصیت، مشترک۔ ورد، ۷۱ بار۔ نتائج، محبت۔ طباع، خشک۔ بخور، شہد۔ برج، سرطان۔ منزل، زاغ۔ کوکب، قمر۔ جن، یوبوش۔ موکل، شرقائیل۔

ح **حق** اعداد، ۱۰۸۔ بمعنی خداوند سزادار۔ خاصیت، مشترک۔ ورد، ۳۰۰ بار۔ نتائج، بغض۔ طباع، تر۔ بخور، زعفران۔ برج، جدی۔ منزل، نثرہ۔ کوکب، زحل۔ جن، کایوش۔ موکل، مکفیل۔

ط **طاہر** اعداد، ۲۱۵۔ بمعنی پاک کرنیوالا۔ خاصیت، جلالی۔ ورد، ۴ بار۔ نتائج، عقد شہوت۔ طباع، گرم۔ بخور، مشک۔ برج حمل۔ منزل، طرفہ۔ کوکب، مشتری۔ جن، عبوش۔ موکل تنکفیل۔

ی **یمین** اعداد، ۱۳۰۔ بمعنی، بزرگ۔ خاصیت، جمالی۔ ورد، ۱۰۰۰۔ نتائج، فتح رجل۔ طباع، تر۔ بخور، گل سرخ۔ برج، میزان۔ منزل، علبیہ۔ کوکب، مریخ۔ جن، بدیوش، موکل، اسمائیل۔

ک **کافی** اعدا، ۱۱۱۔ بمعنی، تحقیقات کرنے والا۔ خاصیت، جمالی نتائج، محبت۔ طباع، خشک۔ بخور، گل سفید۔ برج عقرب۔ منزل، زہرہ۔ کوکب، شمس۔ جن، مہوش۔ موکل، پراکائیل۔ ورد، ۲۰۰۔

ل **لطیف** اعداد، ۱۲۹۔ بمعنی، باریک بین۔ خاصیت، جمالی نتائج، جدائی۔ ورد، ۷۲۔ طباع، بارد، بخور، پوست، غیب۔ برج، ثور۔ منزل، عرقہ۔ کوکب، زہرہ۔ جن، قدنوش۔ موکل، ترودائیل۔

م **ملک** اعداد، ۹۰۔ بمعنی بادشاہ حقیقی۔ خاصیت، جلالی۔ تعداد ورد، ۹۰۔ نتائج، محبت۔ طباع، گرم۔ بخور، آبی۔ برج، اسد۔ منزل، اعوار۔ کوکب، عطارد۔ جن، عدیوش۔ موکل، رویائیل۔

ن **نور** اعداد، ۲۵۶۔ بمعنی، روشن کرنیوالا۔ خاصیت، جلالی۔ تعداد ورد، ۷۲۔ نتائج، بغض۔ طباع، تر۔ بخور، سنبل۔ برج، میزان۔ منزل، ساک۔ کوکب، قمر۔ جن، کیسوش۔ موکل، جولائیل۔

س **سمیع** اعداد، ۱۸۰۔ بمعنی، سننے والا۔ خاصیت، مشترک۔ تعداد ورد ۵۰۰۔ نتائج، عقد شہوت۔ طباع، خشک۔ بخور، خوشبو سے مرکب۔ برج، قوس۔ منزل، غفرا۔ کوکب، زحل۔ جن، خیوش۔ موکل، ہموائیل۔

ع **علی** اعداد، ۱۱۰۔ بمعنی، بلند مرتبہ، خاصیت، جلالی۔ ورد ۲۰۰۔ نتائج، تونگری۔ طباع، سرد۔ بخور، فلفل سفید۔ برج، سنبلہ۔ منزل، ربانا۔ کوکب، مشتری۔ جن، فینوس۔ موکل، سرحمائیل۔

ف **فتاح** اعداد، ۴۷۹۔ بمعنی کھولنے والا۔ خاصیت، جمالی۔ ورد، ۷۲ بار۔ نتائج، عداوت۔ طباع، گرم۔ بخور، جوز۔ برج، اسد۔ منزل، اکلیل۔ کوکب، مریخ۔ جن، یعطیوس۔ موکل، جمائیل۔

ص **صمد** اعداد، ۱۳۴۔ بمعنی، بے پرواہ۔ خاصیت، جلالی۔ ورد، ۲۰۰ بار۔ نتائج، الفت۔ طباع، تر۔ بخور، زعفران۔ ورد، بالا۔ برج، میزان۔ منزل، قلب۔ کوکب، شمس۔ جن، فلاپوس۔ موکل، عطرائیل۔

ق قادر اعداد، ۳۰۵۔ بمعنی، قدرت والا۔ خاصیت، مشترک۔ ورد، ۳۰۰ بار۔ نتائج، عقد شہوت۔ طباع، خشک۔ بخور، ترنج۔ برج، حوت۔ منزل، شعلہ۔ کوکب، زہرہ۔ جن، شمیوس۔ موکل، عطرائیل۔

ر رب اعداد، ۲۰۲۔ بمعنی، پروردگار۔ خاصیت، جلالی۔ ورد، ۷۲ بار۔ نتائج، مودت۔ طباع، سرد۔ بخور، گلاب۔ برج، سنبلہ۔ منزل، لابد۔ کوکب، عطارد۔ جن، مرہوش۔ موکل، اموا کیل۔

ش شفیع اعداد، ۴۶۰۔ بمعنی، شفاعت قبول کرنے والا۔ خاصیت، جلالی۔ تعداد ورد، ۲۰۰۔ نتائج، عداوت۔ طباع، گرم۔ بخور، عود سفید۔ برج، عقرب۔ منزل، بدھ۔ کوکب، قمر۔ جن، تشویش۔ موکل، ہمرائیل۔

ت تواب اعداد، ۴۰۹۔ بمعنی، توبہ قبول کرنے والا۔ خاصیت، جمالی۔ تعداد ورد، ۳۰۰ بار۔ نتائج، عقد نوم۔ طباع، تر۔ بخور، عنبر۔ برج، دلو۔ منزل، مدانج۔ کوکب، زحل۔ جن، اہلیوش۔ موکل، عزرائیل۔

ث ثابت اعداد، ۹۰۳۔ بمعنی، قیوم۔ خاصیت، جلالی۔ تعداد ورد، ۴۰۰ بار۔ نتائج، بغض۔ طباع، خشک۔ بخور، عود سفید۔ برج، حوت۔ منزل، معد بلخ۔ کوکب مشتری۔ جن، ملحیوش۔ موکل، میکائیل۔

خ خالق اعداد، ۷۳۱۔ بمعنی، پیدا کرنے والا۔ خاصیت، مشترک۔ تعداد ورد، ۷۰۰۔ نتائج، محبت۔ طباع، سرد۔ بخور، بنفشہ۔ برج، جدی۔ منزل، سعد المسعود۔ کوکب مریخ۔ جن، دلایوش۔ موکل، مہکائیل۔

ذ ذاکر اعداد، ۹۲۱۔ بمعنی، یاد کرنے والا۔ خاصیت، مشترک۔ ورد، ۷۹ بار۔ نتائج، ابغض۔ طباع، گرم۔ بخور، ریحان۔ برج، قوس۔ منزل، ماقیہ۔ کوکب، شمس۔ جن، للکایوش۔ موکل، ہرطائیل۔

ض ضار اعداد، ۱۰۰۔ بمعنی، ضرر رساں۔ خاصیت، جلالی۔ ورد، ۷۲ بار۔ نتائج، بغض۔ طباع، گرم۔ بخور، گل ارغون۔ برج، دلو۔ منزل، مقدم۔ کوکب، زہرہ۔ جن، غایوش۔ موکل، عطکائیل۔

ظ ظاہر اعداد، ۱۱۰۶۔ بمعنی آشکارا۔ خاصیت، جلالی۔ ورد، ۴۵ بار۔ نتائج، عداوت۔ طباع، گرم وخشک۔ بخور، گل نسرین۔ برج، حوت۔ منزل، موخر۔ کوکب، عطارد۔ جن، عفویوش۔ موکل، لوزائیل۔

غ غفور اعداد، ۱۲۸۶۔ بمعنی، بخشنے والا۔ خاصیت، جمالی۔ ورد، ۲۰۰ بار۔ نتائج، امراض صحت۔ طباع، خشک۔ بخور، قرنفل۔ برج، حوت۔ منزل، رسا۔ کوکب، قمر۔ جن، عرفویوش۔ موکل، لوخائیل۔

بعد اختتام اسمائے حسنہ، اس دائرے میں ان تمام باتوں اور اسمائے اجنہ سے بھی ہر کس وناکس کو روشناس کرایا جاچکا ہے۔ جس عنوان کے تحت یہ کتاب لکھی جارہی ہے۔ اسی ضمن میں بہتر معلوم ہوتا ہے کہ حروف نورانی اور حروف ظلمانی کا تذکرہ معہ دیگر کوائف ضروری کے بھی کردوں۔ جن کا تعلق آئندہ چل کر اس کتاب کے نفس مضمون سے ایک ضروری انداز میں پڑے گا اور جن سے واقف ہونا اس کتاب کے ناظرہ اور اس عمل کے شائق کے لیے ضروری ہے۔

حروف نورانی اور ظلمانی کی تشریح

شائقین عملیات سے یہ بات بھی پوشیدہ نہ رہے کہ علمائے جفر وغیرہم نے ان انھائیس حروف تہجی کے دو حصے کرتے ہوئے ایک حصہ کو حروف نورانی اور دوسرے حصہ کو حروف ظلمانی قرار دیا ہے۔ پہلے حروف کو لیجیے کہ یہی حروف مقطعات قرآنی ہیں اور بہت بڑی فضیلت کے مالک ہیں۔ ان حروف مبارکہ کو اگر تقدم اور تاخر کرکے گردش دی جائے تو ان کو بلا کسی تکلف اور پس وپیش کے یہ جامع عبارت بنتی ہے۔

"صراط علی حق نمسکہ"

اور انہی حروف نورانی کو حروف عالیات بھی کہتے ہیں۔ مطلب عبارت متعلقہ سے صاف ظاہر ہے۔ یہ میرا ایمان ہے کہ اگر اس عبارت کو باقاعدہ کتابی صورت میں کچھ صفحات مقررہ اور قاعدہ مروجہ کے اندر گردش دی جائے تو پوری کتاب میں چودہ جگہ پر اسم اعظم آئے گا۔ اس کتاب کے کیا اوصاف ہوں گے۔ اپنی کوششوں سے جو مجھے معلوم ہوئے ہیں۔ تحریر کررہا ہوں۔

1۔ یہ کتاب اگر ویرانے میں لکھی جائے گی تو خلاق عالم بہ برکت اس کتاب کے اس جگہ ویران کو آبادی سے پر کردے گا۔

2۔ اور اگر قصبہ میں لکھی جائے گی تو گاؤں قصبہ، قصبہ، شہر کی صورت میں اور اگر شہر میں لکھی گئی تو وہ شہر مرکزیت اختیار کر لے گا۔

3۔ سب سے بڑی خصوصیت اس کتاب کی یہ ہے کہ جس گھر میں یہ کتاب ہوگی۔ ہر شب پنجشنبہ کو ارواح انبیاء اس کتاب کی زیارت کے لیے آیا کریں گی۔

نوٹ:۔

یہ کتاب قلمی ہوتی ہے۔ چھاپی نہیں جاتی لہذا آپ کہیں ناشر کو نہ پریشان کرنے لگیں۔

یہ سطور محض حروف نورانی کی اہمیت اور فضیلت کے باب میں ظاہر کیے گئے ہیں اور وہ حروف نورانی یہ ہیں۔

ا ل م ص ر ک ہ ی ع ط س ح ن ق

اسی طرح سے دوسرے حصہ کے چودہ حروف۔ حروف ظلمانی کہے جاتے ہیں۔ جن کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

ب ج د و ز ف ش ت خ ذ ض ظ غ

ان دو اقسام حروف میں سے کوئی حرف ایسا نہیں ہے جو اسمائے حسنیٰ سے متعلق نہ ہو۔ پس جب ان کا تعلق اسمائے حسنیٰ سے ہے تو ان حروف کے تحت بہ لحاظ اسمائے مبارکہ حق تعالیٰ موکلین بھی ہیں۔ کواکب بھی اور اجنہ بھی۔ پس جاننا چاہیے کہ چودہ حروف نورانی۔ متعلقہ اسمائے الٰہیہ کے تحت بارہ موکلین، سات ستارے اور چودہ اجنہ ہیں۔ جو رات دن اپنے مالک کی حمد وثناء میں مصروف رہتے ہیں۔ پس اگر پرہیز جلالی اور جمالی کا لحاظ نیز قواعد اور ضوابط کی پوری پابندی کرتے سیارگان کی حرکت کو ملحوظ رکھ کر عامل صراط علی حق نمسکہ کا عمل چلہ کشی کے ساتھ بہ پابندی وقت اور مکان وغیرہ جیسا کہ تحریر کیا جا چکا ہے۔ اپنے طالع اور ستارہ نیز ایام و ساعات سعد و نحس کا خیال رکھتے ہوئے کرے اور اس عمل میں پورا اتر جائے تو میرا یہ دعویٰ ہے کہ پھر اس کو عمل تسخیرات یا اور کسی دوسرے عمل کے کرنے کی ضرورت پیش نہ آئے گی۔ اس لیے کہ اس عمل کے عامل سے سات ستارے، چودہ اجنہ اور بارہ موکلین دوستی کا دم بھرنے لگیں گے۔ اس عمل کے عامل کے لیے سب سے ضروری شرائط یہ ہیں کہ زمانہ سن بلوغیت سے اس وقت تک جس وقت کہ اس کے دل میں اس عمل کے کرنے کا شوق پیدا ہوا ہو۔ نماز پنجگانہ میں سے کسی وقت کی نماز بغیر عذر شرعی کے قضا نہ کی ہو اور نہ اب قضا کر رہا ہو۔ صوم کے بجالانے کا بھی پابند ہو۔ زانی نہ ہو۔ کوئی فعل خلاف وضع فطری کا مرتکب نہ ہوا ہو۔ جھوٹا نہ ہو۔ حسد سے پرہیز رکھتا ہو۔ اشیاء حرام استعمال نہ کی ہو۔ متقی اور پرہیز گار ہو باوضو رہنے کی عادت ہو۔ حقوق والدین، اعزہ اور پڑوسی کی ادائیگی میں غفلت نہ برتی ہو۔ مستحق سائل کے سوال کو رد نہ کیا ہو۔ ناچ و گانا اور سینما بینی سے پرہیز رکھتا ہو۔ خوش غذا اور کثیر خوراک استعمال کرنے کا عادی نہ ہو۔ لباس شرعی استعمال کرتا ہو۔ تب ایسا شخص اس عمل کو کر کے اس سے فیض جائز حاصل کر سکتا ہے۔

جاری ہے۔۔۔

روحانی مشورے

اب تک اس کتاب کے تین ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ ہر گھر میں اس کتاب کا ہونا مفید ثابت ہوگا۔ یہ کتاب آپ کو بازاری عاملوں سے بچانے، بہتر اور درست راہنمائی کرنے کا باعث ہوگی۔ اس کتاب میں انسانی زندگی سے متعلق قریباً ایک ہزار امور و مسائل کے حل کے بارے میں اسماء الحسنیٰ کے حوالے سے آسان اور مجرب اعمال کا ذکر کیا گیا ہے۔ یہ اعمال ایسے ہیں کہ علم عملیات کے بنیادی اصولوں سے نابلد فرد بھی توجہ دینے سے ان سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

یہ کتاب درج ذیل حصوں پر مشتمل ہے۔

1) روحانی مشورے و اعمال
2) برکات بسم اللہ
3) حروف کی روحانی و عملیات تفسیر و تاثیر
4) بخاری اور ترمذی سے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعائیں اور روحانی علاج
5) استخارے اور اسم اعظم جیسے امور بھی اس کتاب میں زیر بحث آئے ہیں۔

تحریر: امتیاز علی۔

برجِ حوت

خواتین اور ازدواجی زندگی

حوت بارہواں برج ہے۔ اس کے حاکم سیارے مچھون اور مشتری ہیں۔ عنصر پانی ہے۔ اس برج کا نشان مخالف سمتوں میں تیرتی مچھلیاں ہیں۔

اس برج کے حاکم سیارے دو ہیں۔ مشتری خوش قسمتی، صحت اور کامیابی کی علامت ہے۔ یہ ذہانت، علم اور خوشحالی کا سیارہ ہے۔ مچھون ایک شدید احساس ذمہ داری کی علامت ہے۔ یہ حقیقت سے فرار کی بھی علامت ہے لیکن فنون لطیفہ کا بھی اس سیارے سے گہرا تعلق ہے۔

حوت کا نشان دو مچھلیاں ہیں۔ ایک دوسرے کی مخالفت سمیت میں تیرتی مچھلیاں، اسی طرح حوت افراد کی شخصیت کے بھی دو روپ ہوتے ہیں۔ ان میں کسی بھی لمحے اپنے رویئے، نکتہ نظر اور اپنے آپ کو بدلنے کی حیرت انگیز صلاحیت ہوتی ہے۔ ان کے اندر چھپی دوسری شخصیت کبھی بھی ان پر غالب آسکتی ہے۔

19 فروری تا 20 مارچ کے درمیان پیدا ہونے والوں کا برج

یہ ذہنی، جسمانی اور جذباتی کسی قسم کی تبدیلی قبول نہیں کرتے۔ ایسی صورت میں یہ بے چینی محسوس کرنے لگتے ہیں۔ جس طرح مچھلی گہرے پانی کی بجائے اگر کنوئیں یا حوض میں تیر رہی ہو تو پریشان رہتی ہے۔ مچھلی کو کم پانی میں مقید کرنا گویا پرندے کو پنجرے میں بند کرنے کے مترادف ہے۔

پانی اس برج کا عنصر ہے۔ سرطان اور عقرب کی طرح حوت بھی خاموشی اور پراسراریت رکھتا ہے جیسے سمندر۔

برج حوت منطقہ البروج کا بارہواں او آخری برج ہے۔ اس سے تعلق رکھنے والے افراد عموماً خوابوں کی دنیا میں رہنا پسند کرتے ہیں۔ حساس فطرت کے مالک اور ذہین ہوتے ہیں۔ مگر یہ کم گو اور شرمیلے بھی ہوتے ہیں۔ نہ یہ اپنی خوبیوں کا اظہار کرتے اور نہ دوسروں سے ان کا تذکرہ سننا پسند کرتے ہیں۔

انہیں سست الوجود اور کاہل سمجھا جاتا ہے۔ مگر یہ اپنی گھریلو اور دفتری ذمہ داریوں سے کبھی فرار نہیں چاہتے۔ انہیں ہمیشہ پوری کرتے ہیں۔

یہ خود کو صورت حال کے مطابق ڈھالنا جانتے ہیں۔ یہ دوسروں کی مدد کرتے ہیں اور یہ مدد کسی خاص مقصد یا خاص لوگوں کے لیے محدود نہیں ہوتی۔ یہ صرف مدد کے جذبے کے تحت ہر شخص سے ہمدردی رکھتے ہیں۔ بہت سے لوگ ان کی اس عادت اور نرم روئی سے ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں اور حوت افراد یہ جاننے کے باوجود بھی ان سے اختلاف نہیں کرتے۔

یہ مہربان، ہمدرد اور ذمہ دار ہوتے ہیں۔ اس لیے لوگ مشکل حالات میں انہی سے رجوع کرتے ہیں۔

حوت افراد آرٹسٹ فطرت رکھتے ہیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ ان کے رویے میں شرم اور جھجک ہوتی ہے۔ یہ غیر حقیقت پسند بھی ہوتے ہیں۔ ان کے متعلق مشہور ہے کہ یہ دنیا کہ رنگین شیشوں کی عینک لگا کر دیکھتے ہیں اور اسے پھولوں کی سیج سمجھتے ہیں۔

یہ ہمیشہ پر امید رہتے ہیں۔ بدترین حالات میں بھی ضبط کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑتے۔ انجانے اندیشے اور مستقبل کا خوف انہیں پریشان نہیں کرسکتا۔

یہ ماضی کی خوشگوار یادوں سے مسرور اور مستقبل سے بے خبر حال میں زندگی گزارتے ہیں۔

یہ خوابوں کی دنیا کے باسی ہوتے ہیں۔ چلتے پھرتے بھی خواب دیکھتے ہیں۔ لیکن یہ امکان ہر وقت موجود رہتا ہے کہ یہ اپنی تمام تر خامیوں کے باوجود سنہری کارنامے انجام دے کر شہرت اور کامیابی حاصل کرسکتے ہیں۔

یہ لڑائی جھگڑے سے بھاگتے ہیں ان کے مزاج میں ایک خاص قسم کا ٹھہراؤ اور دھیما پن ہوتا ہے۔ اگر کبھی لڑائی کا موقع آ بھی جائے تو یہ بحث و مباحثے یا جھگڑے کو بڑھانے کی بجائے مفاہمت کی راہ اختیار کرتے ہیں۔

یہ دوسروں سے ہمدردانہ اور مخلصانہ سلوک کرتے ہیں۔

ان میں زبردست تخلیقی صلاحیت ہوتی ہے۔ اگر یہ اپنی صلاحیتیں ایک جانب مرکوز کردیں تو بڑا نام پیدا کرتے ہیں۔ ادیب، شاعر، اداکار اور فلاسفر ثابت ہوتے ہیں۔

حوت افراد میں اکثر حس مزاح زیادہ ہوتی ہے۔ یہ اپنے اردگرد کے افراد کو ہنسانے کے ماہر ہوتے ہیں۔

محبت ان افراد کے لیے بہت اہمیت رکھتی ہے۔ یہ فلرٹ نہیں کرتے۔ کسی کو دھوکہ دینا، اس کے جذبات سے کھیلنا ان کے بس کی بات نہیں۔ یہ جس سے بھی محبت کریں ٹوٹ کر کرتے ہیں۔ محبت کو ایک مقدس فریضے کی طرح سمجھتے ہیں۔

محبت ان کی کمزور سمجھی جاتی ہے۔ جب کوئی شاہرہ محبت پر ان کی طرف بڑھتا ہے تو یہ بغیر کسی مزاحمت کے اس کے ساتھ چل پڑتے ہیں اور جلد ہی خود کو ایسی محبت میں مبتلا پاتے ہیں۔ جسے پانے کی انہوں نے کبھی آرزو نہیں کی ہوتی۔

محبت میں یہ کبھی بہت خوش اور کبھی اداس اور مایوسی کا شکار ہوتے ہیں۔ یہ ضروری نہیں کہ ان کے موڈ کی تبدیلی کی کوئی وجہ ہو۔

دوسرے برجوں کے افراد میں ان کے تعلقات سرطان اور عقرب کے ساتھ بہت اچھے، جدی، دلو، حمل اور ثور کے ساتھ اچھے۔ قوس، سنبلہ اور جوزا کے ساتھ غیر یقینی اسد اور میزان کے ساتھ غیر جانبدارانہ رہتے ہیں۔

حوت افراد کی خوش قسمتی کا عدد ۷ ہے۔ نیلے اور سبز رنگ کے تمام شیڈ اور سفید رنگ ان کے لیے موافق ہے۔

☆ زمرد ان کے لیے سعد پتھر ہے۔

اس برج کی چند اہم شخصیات یہ ہیں۔

☆ ڈاکٹر ہیوگو (نامور ادیب۔ ہنچ بیک آف نوٹرے ڈیم کا خالق)

☆ مائیکل اینجلو (نامور مصور)

☆ الزبتھ ٹیلر (مشہور اداکارہ)

☆ جیری لوئیس (نامور مزاحیہ اداکار)

☆ البرٹ آئن سٹائن (مشہور سائنس دان، نظریہ اضافیت دریافت کرنے والا)

☆ جارج واشنگٹن (امریکہ کا پہلا صدر)

☆ الیگزینڈر گراہم بل (ٹیلیفون کا موجد)

حوت خواتین

حوت خواتین سحر انگیز شخصیت کی مالک ہوتی ہیں۔ ان کے حسن میں بلا کی کشش اور پراسراریت ہوتی ہے۔ آپ کسی حوت عورت کی آنکھوں کے جادو سے نہیں بچ سکتے۔ انہیں آنکھوں آنکھوں میں بات کرنے میں کمال حاصل ہوتا ہے۔

کسی حساس ریڈار کی مانند دوسرے کی قلبی کیفیت کا فوراً اندازہ لگا لیتی ہے۔

یہ متلون مزاج ہوتی ہے۔ اس کی زندگی میں سکوت نہیں ہوتا۔ پل میں تولہ پل میں ماشہ کے مصداق ان کا موڈ تیزی سے بدلتا ہے۔

یہ مفاد پرست، خودغرض یا لالچی نہیں ہوتی۔ بلکہ دوسروں کے لیے ایثار کرنے والی اور ان کے کام آنے والی ہوتی ہے۔ دوسروں کے جذبات سمجھنے کی اہلیت رکھتی ہے۔ دوسروں کی بے لوث خدمت کرکے اسے لطف محسوس ہوتا ہے۔

حوت عورت کو غصہ بہت کم آتا ہے اور آتا بھی ہے تو یہ اس کا اظہار کم ہی

کرتی ہے۔ اس کا غصہ برف کی مانند ہوتا ہے جو تھوڑی دیر میں پگھل جاتی ہے۔ لیکن اس کی محبت تیز اور چمکیلی دھوپ کی طرح ہوتی ہے جو زندگی کی علامت ہے۔

مشکل اور پیچیدہ حالات کا مقابلہ حوت عورت کے بس سے باہر ہوتا ہے۔ ایسے میں یہ فرار کی راہ اختیار کرتی ہے اور فرار کی یہ راہ عموماً نشہ آور اشیاء میں پوشیدہ ہوتی ہے۔

وہ مقابلے کی بجائے رنگین خواب دیکھنا پسند کرتی ہے۔ یہ کم گو اور آسانی سے گھلنے ملنے والی نہیں ہوتی۔ حالانکہ برج شناس ماہرین حوت عورت کو مشورہ دیتے ہیں کہ وہ لوگوں سے روابط بڑھائے اور متحرک رہے اور منفی سوچ کو ذہن سے نکالنے کی بھرپور کوشش کرے کیونکہ یہ حوت عورت کی بڑی خامیوں میں سے ایک ہے کہ وہ اپنے آپ پر یقین نہیں رکھتی اور اپنے نکتہ نظر کو غلط خیال کرتی ہے۔

حوت عورت اچھی بیوی ثابت ہوتی ہے۔ یہ وفادار اور حساس ہوتی ہے اور اپنے شریک حیات کو معاشی اور دیگر پریشانیوں سے بچانے کی پوری کوشش کرتی ہے لیکن اس میں ایک سے زائد شادیاں کرنے کا عموماً رجحان پایا جاتا ہے۔

کیونکہ اس کی فطرت میں گاہے بگاہے تبدیلی ہوتی رہتی ہے۔ جنہیں ان کا شوہر سمجھ نہیں پاتا اور غلط فہمی جنم لیتی ہے۔

یہ عالم نوجوانی میں شادی کرتی ہے اور جب اس کا شعور مکمل طور پر بیدار ہوتا ہے تو اسے یہ احساس ہونے لگتا ہے کہ اس کا انتخاب صحیح نہیں تھا۔

یہ جس کو چاہتی ہے تو اس کی روح تک میں سما جانے کی خواہش کرتی ہے۔ ایسے میں شریک حیات کی بے حسی اور جذباتی کمزوری سے اس سے علیحدگی پر مائل کرتی ہے۔

نامور اداکارہ الزبتھ ٹیلر اس برج سے تعلق رکھتی ہے اور اب تک ۸ شادیاں کر چکی ہے۔

علم فلکیات کے مطابق وہ حوت عورتوں کے اس گروہ سے تعلق رکھتی ہے جو غیر معمولی طور پر خوبصورت ہوتی ہیں۔ مگر ہمیشہ اپنے لیے نامناسب شریک حیات چنتی ہیں۔

محبت کے معاملے میں حوت عورت اکثر فریب دہی کا نشانہ بن جاتی ہے۔ وہ مرد کے ظاہر و باطن کو سمجھنے میں عموماً غلطی کرتی ہے اور نتیجہ گہرے صدمات کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے۔

حوت وعورت آرام دہ گھریلو ماحول پسند کرتی ہے۔ وہ اپنے گھر کو پر سکون بنانے کی خواہش مند ہوتی ہے۔

وہ گھریلو زندگی کے لیے مناسب رہتی ہے۔

ماہرین کہتے ہیں کہ حوت عورت کو ہمیشہ دوسروں کی ضرورتوں اور خواہشوں کا خیال ہی نہیں رکھنا چاہیے۔

اور اپنے مسائل کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔ بلکہ اسے ان معاملات میں تھوڑا سا خود غرض بننا چاہیے اور اپنی ذات سے بھی محبت کرنا چاہیے۔ اپنے دوستوں اور عزیزوں کے غم میں ہی پاگل نہیں ہونا چاہیے۔

حوت خواتین کے لیے کس برج کے افراد اچھے شریک حیات ثابت ہوں گے۔ اس بارے میں ماہرین کی آراء کی روشنی میں ایک مختصر جائزہ پیش خدمت ہے۔

حوت عورت اور حوت مرد

یہ پارٹنرشپ بالعموم کامیاب ثابت ہوتی ہے۔

حوت مرد اور حوت عورت طبعاً محبت میں ایک دوسرے سے وفادار ہوتے ہیں۔ دونوں زیادہ عرصہ تک ایک دوسرے سے خفا نہیں رہ سکتے۔ ان کے درمیان گہرا جذباتی تعلق قائم ہوتا ہے۔

لیکن یہ دونوں ہی فیصلے کی قوت سے محروم ہوتے ہیں۔ اس شعبے میں کوئی تیسرا شخص ان کی مدد کرتا ہے۔

مجموعی طور پر دونوں اچھی زندگی بسر کرتے ہیں۔

حوت عورت اور عقرب مرد

دونوں اچھے شریک حیات ثابت ہوتے ہیں۔

دونوں کا بنیادی عنصر پانی ہے۔

حوت عورت کا مزاج گھریلو قسم کا ہوتا ہے اور عقرب مرد اس بات کو پسند کرتا ہے۔ دونوں میں بہت کم جھگڑا ہوتا ہے۔ دونوں خوشگوار زندگی گزارتے ہیں۔

حوت عورت اور سرطان مرد

یہ رفاقت کامیاب رہتی ہے۔

دونوں کا تعلق پانی سے ہے۔ دونوں موڈی ہوتے ہیں۔ سرطان مرد کا مزاج پل پل بدلتا رہتا ہے۔

اور حوت عورت بھی ایسی ہی ہوتی ہے۔ دونوں فنون لطیفہ سے دلچسپی رکھتے ہیں۔ زندگی کے بارے میں دونوں کا نظریہ یہ ہوتا ہے کہ زندگی محبت کے لیے ہوتی ہے۔ دونوں میں معمولی اختلافات تو ہوتے ہیں۔ مگر مجموعی طور پر یہ اچھے ہمسفر ثابت ہوتے ہیں۔

☆ _____ ☆

حب کا ایک زوداثر عمل

(مجربات دامانیہ)

تحریر: سائیں عبداللطیف دامانی، اسلام آباد۔

تثلیث زہرہ مشتری

28 فروری 2018 بوقت 22 بجکر 25 منٹ پر ابتداء ہوگی۔ یکم مارچ 2018 بوقت 16 بجکر 57 منٹ پر مکمل ہوگی۔ 2 مارچ 2018 بوقت 11 بجکر 35 منٹ پر خاتمہ ہوگا۔

حب کا ایک زوداثر عمل

اکثر لوگوں کا اصرار ہوتا ہے یا جن حضرات کے گاہے بہ گاہے مجھے فون آتے رہتے ہیں کہ جناب کوئی سفلی عمل بتادیں یا پھر ایسے عامل کا پتہ دے دیں جو سفلی عمل کا ماہر ہو۔ جس سے ہماری پریشانی دور ہو سکے۔ مجھے ایسے لوگوں پر ترس آتا ہے کہ ان لوگوں کو دین، مذہب اور ایمان کا ذرہ بھر احساس نہیں۔ یاد رکھیں کالے جادو میں شرک ہے اور نفی اسلام ہے۔ ہمیں اتنا کچھ معلوم ہونے کے باوجود بھی ہم اس طرح کے اعمال کی طرف بھاگتے ہیں۔ اکثر لوگوں کا کہنا ہے کہ سفلی اعمال میں اثرات جلد ظاہر ہوتے ہیں اور عمل کا اثر دنوں میں نہیں بلکہ گھنٹوں میں ہو جاتا ہے۔ جبکہ نوری عمل میں اثر ہول تو ہوتا نہیں اگر ہوتا ہے تو ایک عرصہ لگ جاتا ہے۔ ظاہر ہے ایسی باتیں سن کر ایک انسان کا دل خون کے آنسو روئے گا۔ حقیقت یہ ہے کہ سفلی عمل کا اثر چند روزہ ہوتا ہے جب کہ نوری اعمال کا اثر دیرپا ہوتا ہے۔ میرا مشاہدہ ہے کہ اکثر عاملین اپنے اعمال کسی کو نہیں بتاتے بلکہ قبر میں چلے گئے ہیں۔ اپنے شاگرد تو کیا اپنی اولاد کو بھی نہیں بتا کر گئے۔ یہی وجہ ہے کہ آج بے یقینی کی کیفیت ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ آج کے عامل میں اکل حلال صدق مقال کی کمی ہے۔ اکثر قوائد عملیات سے واقف تک نہیں بہت سے ایسے لوگ ہیں۔ جن کا سرے سے کوئی استاد نہیں بس بازار سے خریدی گئی کتاب انکا سب کچھ ہے۔ علم الاعداد، ہندسہ، بروج و کواکب، طلوع و غروب، شرف و ہبوط، رجعت و استقامت، عروج و زوال وغیرہ جیسی اساس سے عاملین کی ایک خاص تعداد ناواقف ہے۔ اسی طرح اعمال میں بخورات پرہیز، زکاۃ کا بڑا عمل دخل ہے۔ جن سے آج کا عامل دور بھاگتا ہے۔ ظاہر ہے پہلے عاملین یہ سب کچھ کرتے تھے اور پھر ہاتھوں پر سرسوں جما دکھا دیتے۔

محترم قارئین! کسی دو ہستیوں کو بغیر دیکھے ایک دوسرے پر فریفتہ کر دینا یا ان دونوں کے درمیان ایسی عداوت پیدا کر دینا جن کی لوگ مثالیں دیتے ہیں۔ کیا اتنا آسان ہے، نہیں ہرگز نہیں۔ ایسے اعمال کے لیے جوئے شیر لانے کے مترادف محنت کی ضرورت ہوتی ہے۔

"حب کا ایک زوداثر عمل" تحریر کر رہا ہوں جن حضرات کو پوری عمر روحانی و جفری اعمال سے شکوہ رہا ہو انشاء اللہ سب شکوے و شکایات دور ہو جائیں گی۔ اس سال 2018 زہرہ مشتری تثلیث 28 فروری 2018 کی مناسبت سے یہ خاص عمل آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ اس دوران 23 تکسیراتی کاپیاں سفید کاغذ پر تیار کریں دوران عمل ہر دو ستاروں کے بخورات برابر جلاتے رہیں۔ مکمل یکسوئی اور کامل تصور کے ساتھ قوائد عملیات کو مدنظر رکھتے ہوئے تکسیر کی نقل علیحدہ علیحدہ اتاریں۔ ایک تکسیر موم جامہ کر کے طالب بازو پر باندھے جس میں تمام تکسیر کے اعداد و نقش مربع آتشی بھی مرتب ہوگا دوسری تکسیر موم جامہ کر کے محبوب کے گھر، دہلیز، یا راہ گزر میں دفن کر دیں جبکہ دیگر تکسیرات کی روزانہ ایک بتی بعد صلوۃ مغرب شہد اور خالص گھی میں جلائی جائیں۔ چراغ کا منہ مطلوب کی طرف ہو اور طالب کو چاہیے کہ چراغ کے سامنے بیٹھ کر درج ذیل عمل کرے:۔

یا مقلب القلوب قلب قلب نام مطلوب معہ والدہ الحب نام طالب معہ والدہ بحق یا ودود یا بدوح یا بدوح یا بدوح پڑھتا رہے۔

تصور مطلوب میں اس طرح ڈوبے گویا پاس کھڑا ہے اور درج ذیل عزیمت 313 بار پڑھے۔ انشاء اللہ اگلے یوم میں مطلوب چاہے ہزاروں کوس کے فاصلہ پر ہو ضرور حاضر ہوگا۔

طالب کو چاہیے کہ عمل کی معیاد پوری کرے چاہے دوران عمل ہی مطلوب کیوں نہ حاضر ہو۔ اس عمل میں تکسیر سے مدد لی جاتی ہے۔ مختصر ایک مثال سمجھا دیتا ہوں۔

طالب	محمد بن سکینہ بیگم
مطلوب	بشریٰ بنت زبیدہ

تکسیر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ طالب کے نام کا پہلا حرف اول تکسیر کی سطر کے آخر میں جبکہ مطلوب کے نام کا حرف اول تکسیر کی سطر کے شروع میں آئے گا۔ دیگر طالب و مطلوب کے ناموں کے حروف کو گردش دی جائے گی۔ مثلاً محمد اور بشریٰ کی تکسیر یوں ہوگی۔

ب ح م ش ر ی م	سطر اول
ب ی ح ر م ش د م	
ب د ی ش ح م ر م	
ب ر د م ی ح ش م	
ب ش ر ح د ی م م	
ب م ش ی ر د ح م	
ب ح م د ش ر ی م	سطر آخر

سطر آخر کو چھوڑ دینا ہے۔ باقی تمام تکسیر کی 23 نقول اتار لینی ہیں۔ اس طرح کل تکسیر کے اعداد حاصل کر کے ایک عدد نقش مربع آتشی طالب والی تکسیر کے نیچے تیار کرنا ہے۔

مثلاً کل تکسیر کے اعداد

898 = 4-3594 = 30-3624 کسر 2

چال نقش آتشی

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

مثالی نقش

۹۰۵	۹۰۹	۹۱۲	۸۹۸
۹۱۱	۸۹۹	۹۰۴	۹۱۰
۹۰۰	۹۱۴	۹۰۷	۹۰۳
۹۰۸	۹۰۲	۹۰۱	۹۱۳

مثال میں صرف نام لیا گیا ہے۔ اس طرح اعداد بھی فرضی ہیں۔ طالب اور مطلوب کے پورے نام معہ والدہ لیں اور اعداد کی عمل جانچ پڑتال کر کے نقش بھریں۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ عمل خود تیار نہ کر سکیں تو ادارہ سے تیار کرائیں یا پھر مجھ سے پر رابطہ کریں۔

آخر میں ادارہ "راہنمائے عملیات" کی پوری ٹیم کی صحت سلامتی و روحانی ترقی کے لیے دعا کریں اور مجھ گنہگار سائیں عبداللطیف دامانی کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔

☆☆☆

عملیات اسمائے ربی

کتاب اس حوالے سے خاص طور پر ممتاز ہے کہ پہلی دفعہ اسمائے الحسنیٰ کے روحانی اثرات کے ساتھ ساتھ ضروری نقوش و دیگر اُمور کو کھول کر بیان کر دیا گیا ہے۔ تاکہ ہر مسلمان اِن اسمائے ربی کے روحانی و عملیاتی خواص سے فائدہ اُٹھا سکے۔ یہ کتاب چار سو صفحات پر مشتمل ہے اور اس میں کم و بیش 300 نقوش دیئے گئے ہیں، جن سے ہر فرد فائدہ اُٹھا سکتا ہے۔

قسط نمبر:4

وطب نبوی
بیماریاں اوران کا علاج

تحریر: ریحان اکرم

ذیابیطس، خون صاف کرنے اور خارش و مہاسوں کا علاج

1. تقریباً 40 نیم کی پتیاں دھوکر دو کپ پانی میں جوش دیں جب ایک کپ رہ جائے تو یہ پانی چھان کر روزانہ صبح نہار منہ پئیں کم از کم 40 دن۔
2. نیم کی چھوٹی پتیاں ترجیحاً کونپلیں پیس کر اس کا عرق اور پسی ہوئی پتیاں مہاسوں اور دانوں پر روزانہ لگائیں۔
3. سات عدد کونپلیں یا نیم کی چھوٹی پتیاں ثابت اچھی طرح دھو کر پانی کے ساتھ چبا کر کھالیں یہ شوگر کا بھی بہترین علاج ہے۔ پانی روزانہ کم از کم بارہ گلاس پئیں۔
4. ایک کلو کریلے سکھا کر ان کو پیس لیں روزانہ صبح نہار منہ پاؤ چمچہ پانی کے ساتھ کم از کم تین ماہ تک کھائیں۔ یہ سفوف شوگر کے مریضوں کے لیے بھی اللہ کریم کی ایک نعمت عظمیٰ ہے یا روزانہ ایک چمچہ صبح وشام کریلوں کا عرق پئیں شوگر کنٹرول میں رہتی ہے۔ الحمد للہ یہی علاج موٹاپا کم کرنے کے لیے بھی ہے۔ بشرطیکہ اس کے ساتھ کھانا کم کھائیں۔
5. خالص شہد چہرے پر لگائیں۔ داغ دھبے مٹاتا ہے۔

پیلو کے پھل سے علاج

حضرت جابر بن عبداللہؓ کہتے ہیں ہم لوگ آپؐ کے ساتھ پیلو کے پھل چن رہے تھے۔ آپؐ نے فرمایا:

"سیاہ رنگ کا پھل چن لو اس لیے کہ یہ سب سے عمدہ ہوتا ہے" (بخاری)

اگر پکا ہوا ہو تو یہ پھل میٹھا ہوتا ہے۔ پیلو (حکیم سے بھی مل جاتا ہے) معدہ کے لیے مقوی، ہاضمہ درس، بلغم کو خارج اور کمر کے درد کو دور کرتا ہے اگر اس کو پیس کر پیا جائے تو پیشاب لاتا ہے اور مثانہ کو صاف کرتا ہے۔ روزانہ تین تین دانے صبح وشام کھائیں۔ زیادہ سے زیادہ سات کھا سکتے ہیں۔

چار چیزوں سے روزی بڑھتی ہے

1. روزانہ نماز تہجد کی ادائیگی، آذان فجر سے ایک گھنٹہ پہلے اٹھیں یہ نماز تہجد کا بہترین وقت ہے۔ حدیث نبویؐ ہے۔

"اس وقت مانگی جانے والی دعا بہت جلد قبول ہوتی ہے" (بخاری)

تہجد کی نماز کے بعد 41 بار یا کم از کم 10 بار سورہ فاتحہ پڑھ کر دعا مانگئے۔ انشاء اللہ العزیز ضرور جلد قبول ہوگی۔ پھر نماز فجر کی تیاری کریں۔
2. صبح بکثرت اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرنا۔
3. روزانہ صدقہ کرنا، چاہے ایک پیسہ ہی کیوں نہ ہو۔
4. صبح وشام اللہ تبارک وتعالیٰ کا بار بار ذکر کرنا مثلاً:

سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ

چار چیزوں سے روزی گھٹتی ہے

1. صبح کی نماز کے بعد سونا (بغیر کسی شرعی عذر کے)

2. نماز سے غفلت (یا نماز جلدی جلدی پڑھنا)
3. دینی احکام میں سستی
4. امانت میں خیانت

انجیر سے بواسیر اور دیگر امراض کا علاج

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں انجیر کی قسم کھا کر اس کی اہمیت بیان کردی ہے۔ (95:1) عمدہ قسم کی انجیر مثانہ اور گردہ کو صاف کرتی ہے اور زہر سے محفوظ رکھتی ہے۔ اس میں تمام پھلوں سے زیادہ غذائیت پائی جاتی ہے۔ (کھجور کے ساتھ نہ کھائیں۔ کم از کم تین گھنٹے کا وقفہ کریں) انجیر کھانسی کا علاج اور پیشاب آور ہے جگر و تلی کے سدوں کو کھولتی ہے۔ حلق سانس اور سینے کی نالی کو صاف کرتی ہے۔ دل کے مریض روزانہ ایک انجیر ہر کھانے کے بعد کھائیں۔ یہ بواسیر کو بھی ختم کرتی ہے۔

بچوں کے گلے کی سوجن کا علاج

1. حضورؐ نے فرمایا:

"اے عورتو! تمہارے لیے افسوس کی بات ہے۔ تم اپنی اولاد کو قتل نہ کیا کرو کسی بچے کے گلے میں سوجن یا سر میں درد ہو تو قسط ہندی کو پانی کے ساتھ رگڑ لو پھر اسے بچے کو چٹا دو" چنانچہ حضرت عائشہؓ نے انہی ہدایات کے مطابق (ایک) بچے کے لیے یہ نسخہ تیار کروایا اور وہ بچہ تندرست ہوگیا۔ (مسلم)

2. ابلتے پانی میں ایک بڑا چمچہ شہد کا ملا کر نیم گرم صبح و شام پلائیں۔
3. مہندی کے پتے ابال کر چھان لیں دو ہفتے تک صبح و شام غرارے کریں۔

خوشبو اور پھولوں سے علاج

1. عمدہ خوشبو روح کی غذا ہے۔ خوشبو لگانا سنت بھی ہے۔ دل و دماغ اور تمام اعضاء کو نفع پہنچاتی ہے دل کو فرحت ملتی ہے نفس خوش ہوتا ہے۔ نبی کریمؐ نے فرمایا:

"ہر نوجوان پر جمعہ کے دن کا غسل کرنا ضروری ہے اور اگر اسے خوشبو میسر ہو تو لگائے" (بخاری)

2. حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کبھی خوشبو رد نہیں فرماتے تھے۔ (بخاری) آپؐ نے فرمایا جس کسی کو خوشبو پیش کی جائے وہ اسے واپس نہ کرے۔ (مسلم)
3. روح کی ایک اور اہم غذا ذکر اللہ ہے۔ مثلاً تلاوت قرآن اور سبحان اللہ، الحمد للہ، اللہ اکبر بار بار لیتے، بیٹھے اور چلتے پھرتے پڑھتے ہی رہیے۔

4. دیسی گلاب:

علاج کے لیے سب سے بہترین گلابی رنگ کا اور اس کے بعد لال رنگ کا دیسی گلاب ہوتا ہے۔ ایک تازہ گلاب کی پتیاں گرائینڈر میں پانی کے ساتھ پیس کر (یا دانتوں سے باریک چبا کر) صبح نہار منہ کھانے سے دل، آنکھوں، جگر اور معدہ کے امراض، درد شقیقہ، قبض، دردسر سے آدمی محفوظ رہتا ہے۔ خالص عرق گلاب آنکھ میں ڈالنے سے آنکھ کی بیماریاں ختم ہو جاتی ہیں۔ گلاب کو پیس کر پیشانی پر لیپ کرنے سے سر کا درد جاتا رہتا ہے۔ تین گلاب دھو کر دو گلاس پانی میں ابالیے جب ایک گلاس پانی رہ جائے تو ایک بڑا چمچہ شہد ملا کر آدھے گلاس سے غرارے کریں اور آدھا گلاس پئیں خشک کھانسی اور گلے کی تمام بیماریوں اور قبض کے لیے مفید ہے۔ گلاب کا لیپ بغلوں میں لگانے سے خارش اور بدبو ختم ہو جاتی ہے۔ زخم پر خشک گلاب کا سفوف لگانے سے فائدہ ہوتا ہے۔ اس کا عطر سونگھنے سے دل اور دماغ کو قوت حاصل ہوتی ہے۔ خالص عرق گلاب میں گیارہ دانے کشمش رات کو بھگو دیں۔ صبح نہار منہ کھانے

مفتاح الرموز و اسرار الکنوز

امام جعفرؒ سے منسوب یہ کتاب علم جفر کی ایک قدیم کتاب ہے۔ جسے اُردو ترجمہ کے بعد شائع کیا ہے۔ تمام عربی عبارت کے ساتھ اعراب لگا دیے گئے ہیں تاکہ غلطی کا احتمال نہ رہے۔

بقول مصنف یہ کتاب علم الحفر اور اعداد کے مخفی خزانوں میں سے ایک ہے جسے جابر بن حیان نے مدلل اور مختصر صورت میں امام جعفرؒ سے نقل کیا ہے۔ امام صاحب نے اس میں اٹھائیس حروف تہجی متعلقات مراتب ایام املاک اور خاص طور پر امہات الجامعہ کا ذکر کیا ہے جو کہ علم ہذا کا منبع ہے۔ مختصر بات یہ ہے کہ علم جفر کے موضوع پر اس کے مقابلے کی کتاب آپ کو اردو زبان میں نہ ملے گی۔ یہ ایک حقیقت ہے۔ صاحب کتاب خود کتاب کا تعارف ہے۔

لوحِ شرف مریخ

دشمن سے حفاظت، انسانی ذہن کو طاقت اور ہمت دینے، مخالفین پر غلبہ حاصل کرنے، دشمنوں کو شکست دینے، اِن کی تکلیفوں سے محفوظ رہنے، مقدمہ یا لڑائی میں کامیابی، صحت، سحری و آسیبی امراض سے بچاؤ، تحفظ اور قوت جسمانی جیسے فوائد حاصل کرنے کے لیے لوحِ شرف مریخ استعمال ہوتی ہے۔ اس کے استعمال سے آپ ایک خاص قسم کا روحانی تحفظ حاصل کریں گے۔ مختلف مردانہ امراض، مسائل اور ازدواجی و جسمانی مسائل کے حل، مردانہ طاقت، صحت، جسمانی حالت کی بہتری کے ساتھ ساتھ آسیب اور سحر وغیرہ سے بچاؤ کے لیے لوحِ شرف مریخ لاجواب ہے۔ کالا جادو ہو یا کالے جادو سے آپ متاثر ہوں یہ لوح آپ کو کالے جادو سے نجات دے گی، کسی بھی قسم کا کالا جادو ہو اس سے تحفظ اور کالے جادو کے اثرات کا خاتمہ ہوتا ہے۔

اور اس کا پانی پینے سے دل کے مریضوں کو انشاء اللہ دل کا دورہ نہیں پڑیگا۔ بشرطیکہ وہ وزن کم رکھیں (تفصیل حصہ چہارم) روغن گلاب کی سر پر مالش کرنے سے دماغ اور بالوں کو قوت ملتی ہے۔ کان میں ڈالنے سے درد کو آرام ملتا ہے۔ گلاب کی پتیاں جھڑ جائیں تو سینٹر میں جو دانے بچتے ہیں انہیں گلاب کا پھل کہتے ہیں۔ ان کو پیس کر دانتوں پر ملنے سے مسوڑھے مضبوط اور بدبو ختم ہو جاتی ہے اور زخم پر چھڑکنے سے زخم جلد خشک ہو جاتا ہے۔

5. گیندے کا پھول:۔

اس کے پتوں کو پیس کر لیپ کرنے سے کنٹھ مالا (گلے کا مرض جس میں گلٹیاں ہوتی ہیں) ختم ہو جاتا ہے اور گلٹیاں اندر ہی اندر ختم ہو جاتی ہیں۔ اس کے پتوں کا عرق کان کے درد کے لیے مفید ہے۔

اس کے بیجوں کا سفوف آدھا چمچہ روزانہ صبح و شام کھانا کنٹھ مالا کا بہترین علاج ہے اس کی خوشبو دماغی بیماریوں کے لیے مفید ہے۔ خشکی، داد اور چنبل پر اس کے پتوں کا رس لگانا مفید ہے۔ اس کے پتوں کا عرق بواسیر اور یرقان کے لیے بھی اکسیر ہے۔ خوراک ایک چمچہ دن میں تین بار۔

6. سدا بہار پھول:۔

روزانہ سفید سدا بہار پھول صبح و شام کھانے سے شوگر کنٹرول میں رہتی ہے۔ یہ پھول کینسر کا بھی بہترین علاج ہے (باذن اللہ)۔

7. پودینہ

پودینہ کی خوشبو یا پیپرمنٹ (Papermint) سونگھنے سے تازگی و فرحت حاصل ہوتی ہے۔ یہ دماغ و اعصاب کی صحت کے لیے بہترین ہے۔ سالن میں ڈالنے سے خوشبو آتی ہے اور یہ ہاضم بھی ہے۔

8. نرگس

خالص عطر مثلاً عطر نرگس (نرگس کے پھول)، Lavender، صندل (Sandalwood) وغیرہ سے بھی دل و دماغ کو فرحت حاصل ہوتی ہے اور امراض دور رہتے ہیں۔ سر درد کے لیے مفید اور دل و دماغ کے لیے مقوی ہے۔ عطر کو رومال پر لگا کر آگے والی جیب میں رکھیے یا اپنی قمیص کے کالر پر لگائیے تاکہ آپ کو زیادہ سے زیادہ خوشبو آتی رہے۔ بیمار آدمی صبح و شام عطر لگائے تو بہت اچھا ہے۔ تکیہ پر بھی عطر لگا لیں تو بہتر ہے۔

نوٹ:۔ جس میں الکوحل (Alcohol) نہ ہو ادارہ سے بھی مل جاتا ہے۔

9. Eucalyptus Oil

سفیدہ کے درخت کے پتے رگڑ کر یا ماتھے پر لگائیں اور سونگھیں (اس درخت کے پتوں یا اس تیل کو کھولتے ہوئے پانی میں ڈال کر اس کی بھاپ سونگھئے) نزلہ، سر کے بھاری پن اور بند ناک کا بہترین علاج ہے۔

چنا۔۔۔غذا بھی اور دواء بھی

چنا بدن کو صرف غذائیت ہی نہیں پہنچاتا بلکہ بہت سے دوسرے دوائی فائدے بھی رکھتا ہے۔ ایک چھٹانک چنوں کو رات کو تین کپ پانی میں بھگو دیں اور صبح یہ پانی پئیں اس سے جسمانی قوت میں اضافہ اور پیشاب کی جلن دور ہوتی ہے۔ پیشاب کھل کر آتا ہے۔ چنے کے بیسن میں ہلدی اور سرسوں کا تیل اور پانی ملا کر چہرے اور بدن پر لگانے سے رنگ نکھرتا ہے۔ (بشرطیکہ وزن کم رکھیں)۔ روزانہ دو مٹھی بھنے ہوئے چنے کھائیں۔ پانی ایک گھنٹہ تک نہ پئیں۔ اس سے جسم کی چربی کم ہو کر وزن کم ہونا شروع ہوگا بشرطیکہ کھانا کم کھائیں۔ یہ بادشاہوں کی غذا ہے جب شاہ جہاں کو اس کے بیٹے اورنگزیب نے قید کیا تو کہلوایا: "جیل میں صرف ایک اناج اور ایک کام پسند کرلیں"۔ باپ نے جواب بھیجا "اناج میں چنا اور کام میں بچوں کو قرآن پڑھانا"۔ بیٹے نے کہا بادشاہت کی خو بو ابھی نہیں گئی۔ اب وہ طلبا پر حکومت کریں گے۔ آپؐ نے فرمایا: "تم میں سے بہترین وہ ہے جو قرآن پڑھتا اور

پڑھاتا ہے" (بخاری) آپ بھی روزانہ قرآن پڑھیے اور پڑھائیے۔

بہی (Quince) سے علاج

دل کو تقویت دیتی ہے دل کے دورہ سے بچنے کا بہترین علاج ہے، سانس کو خوشگوار اور سینے کی گھٹن دور کرتی ہے، سوزاک اور جریان کا بہترین علاج ہے، قے کو روکتی ہے، پیشاب آور ہے، آنتوں کے زخم کے لیے نافع ہے، ہیضہ اور متلی میں مفید ہے۔ قوت باہ میں اضافہ کرتی ہے۔ روزانہ اس کا ایک پھل کھائیے زیادہ نہیں۔ روزانہ دل کے مریض ضرور کھائیں۔

ہڑ سے علاج

ہڑ کھانا کھانے سے پہلے استعمال کریں تو بھوک بڑھاتی ہے۔ اگر بعد میں کھائی جائے تو کھانے کو جلد ہضم کرتی ہے، ذہن اور حافظے کو تیز، قبض کو دور کر کے معدے اور آنتوں کو قوت پہنچاتی ہے۔ کچھ مدت پابندی کے ساتھ کھائی جائے تو بالوں کو قبل از وقت سفید ہونے سے روکتی ہے۔ کھانسی، دمہ، کوڑھ، بواسیر، ہر قسم کی سوجن، امراض چشم، پرانے بخار، یرقان، کان کے امراض، تلی کا ورم، ہر قسم کے زخم، خون کی خرابی، پیشاب کی جلن اور کھجلی وغیرہ میں فائدہ دیتی ہے۔ ہڑ جسمانی قوت کو بڑھاتی اور جسم کے ہر قسم کے نقائص کو دور کرتی ہے۔ پیٹ میں ابھارے، ہچکی، قے، امراض قلب وجگر اور جلد کی تمام بیماریوں میں نہایت مفید ہے۔

خوراک:۔

پسی ہوئی ہڑ آدھا (چائے کا) چمچہ پانی کے ساتھ روزانہ۔ کم از کم چار ماہ تک لیں۔ ہڑ کا مربہ اور اس کا منجن بھی بے حد مفید ہے آزمائیے۔

ہلدی اور السی سے علاج

1. ہلدی آگ پر بھون کر باریک پیس لیں۔ پاؤ چمچہ نیم گرم پانی کیساتھ کھائیں تو بلغمی کھانسی ختم ہو جاتی ہے۔ ہلدی سوجن کو دور کرتی ہے۔ چوٹ اندرونی یا بیرونی ہلدی پیس کر ایک چٹکی گرم دودھ کے ساتھ کھائیں۔ ہلدی پیٹ کے کیڑوں کو بھی مارتی ہے۔ جب زکام میں رطوبت بہتی ہو تو ہلدی کا دھواں ناک اور حلق میں پہنچانے سے پانی بہنا بند ہو جاتا ہے۔
2. السی ایک قدرتی پودا ہے۔ السی کے بیج کھانسی اور دمہ میں مفید ہیں۔ بلغم کو آسانی سے نکال دیتے ہیں۔ اس فائدے کے لیے اس کا جوشاندہ بنا کر پلاتے ہیں۔ السی مقوی جسم ہے، درد کمر کو دور کرتی ہے۔ السی ورم کو تحلیل کرتی ہے اور مریض کو تسکین دیتی ہے۔ السی کا لیپ بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ پچاس گرام السی باریک پیس کر ایک کپ پانی میں پکائیں اور پیسٹ بننے کے بعد ایک کپڑے پر پھیلا کر ورم، پھوڑے، پھنسی کی جگہ پر لگائیں۔ سینے کے درد اور پھیپھڑے کی جھلی کے ورم میں نہایت مفید ہے۔ السی کا تیل بھی ورم کو دور کرتا اور درد کو تسکین دیتا ہے۔ گٹھیا اور دوسرے درد میں السی کے تیل کی مالش بہترین علاج ہے۔ السی کا تیل جلی ہوئی جگہ پر لگانے سے ٹھنڈک پیدا کرتا ہے اور زخموں کو خشک کر دیتا ہے۔

آنتوں کے کیڑوں کا علاج

1. اس مرض کا علاج غذا اور پرہیز سے کریں۔ تین دن تک صرف تازہ پھل کھائیں۔ اس کے بعد پھلوں، سبزیوں، دودھ اور بغیر چھنے آٹے سے پکی ہوئی چپاتیوں پر مشتمل، متوازن غذا کھائیں۔ مرغن چیزوں (مکھن، بالائی اور گھی) اور ہر قسم کے گوشت سے کم از کم دس دن پرہیز کریں۔
2. تازہ ناریل کوٹ کر پیس لیجیے۔ ایک چمچہ ناشتے کے وقت کھا لیجیے اور اس کے تین گھنٹے بعد کیسٹر آئل ایک چمچہ پانچ دن پئیں۔
3. ایک گاجر روزانہ ناشتہ میں کھائیں۔
4. کچا پپیتا بھی اس کے لیے مفید ہے اس کا رس نکال کر ایک چائے کا چمچہ روزانہ پئیں۔

☆☆☆

حصول طاقت وتوانائی

وہ جو کمزوری کا شکار ہیں اور صحت وتوانائی کے متلاشی ہیں اِن کو بہتر صحت اور طاقت ور جسم کے حصول کے لیے بلڈ سٹون استعمال کرنا چاہیے۔ اس کو قدیم زمانے سے تحفظ اور طاقت سے منسوب کیا جاتا ہے۔ گو زیادہ قیمتی نہیں ہے لیکن اصل دستیاب کم ہوتا ہے۔

تحریر: حافظ عمران حمید اشرفی، لاہور۔

الحمد شریف

سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے اور درود وسلام ہو خاتم الانبیاء جناب رسول خدا حضرت محمد مصطفیٰ اور آپ کی آل اور آپ کے صحابہ کرامؓ پر۔

قارئین کرام فی زمانہ تقریباً ہر شخص ہی کسی نہ کسی مسئلے سے دوچار ہے۔ وہ مسئلہ خواہ ترقی کاروبار، صحت، تعلیم، تنگی رزق، ادائیگی قرض، ترقی، سحر، نظر بد، بچیوں یا بچوں کی شادی سے متعلق ہو یا ان کے علاوہ ہو۔ آپ کے ہر ایک مسئلہ کا حل قرآن وحدیث میں موجود ہے۔ اللہ جل شانہ کا ارشاد گرامی ہے۔

"اور ہم قرآن میں سے ایمان والوں کے واسطے شفا (جس سے مرض دور ہوں) اور رحمت اتارتے ہیں"

معلوم ہوا کہ قرآن مجید ایمان والوں کے لیے نعمت ہونے کے ساتھ ساتھ ان کی ظاہری، باطنی، روحانی اور جسمانی بیماریوں کے لیے شفاء بھی ہے۔ ایک اور مقام پر اللہ رب العزت کا فرمان ہے۔

"اگر ہم یہ قرآن ایک پہاڑ پر اتارتے تو تو دیکھ لیتا کہ وہ اللہ کے ڈر سے دب جاتا، پھٹ جاتا اور یہ مثالیں ہم لوگوں کو سناتے ہیں تاکہ وہ غور کریں" (سورہ الحشر: 21)

ناممکن ہے کہ کلام پاک کا انسان کے قلب پر اثر نہ ہو کیونکہ قرآن مجید، فرقان حمید کی تاثیر اتنی زبردست ہے کہ اگر وہ پہاڑ جیسی مضبوط اور قوی مخلوق پر نازل کیا جاتا اور اس میں سمجھنے کی صلاحیت ہوتی تو وہ بھی خالق کائنات خدائے بزرگ و برتر کی عظمت و بزرگی کے سامنے اس کے ڈر سے دب جاتا اور پھٹ جاتا۔

آپ کے یہ ایک مسئلہ کا حل اللہ تعالیٰ کے پاک کلام میں موجود ہے۔ کیونکہ ارشاد خداوندی ہے کہ "اور نہ کوئی ہری چیز اور نہ کوئی سوکھی چیز مگر وہ سب کتاب مبین میں ہے" (الانعام: 59)۔

جب یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ ہمارے ہر مسئلہ کا حل قرآن مجید، فرقان حمید میں موجود ہے تو کیوں نہ ہم اس سے راہنمائی اور مدد حاصل کریں۔ ذیل میں استغفار، ترقی، رزق اور مقاصد کے حصول کے لیے چند قرآنی اعمال پیش خدمت ہیں۔ قارئین کرام اگر ان سے متمتع ہوں تو احقر کے لیے دعائے خیر فرمائیں۔ پورے خشوع وخضوع، مکمل آداب اور پوری ترکیب کے ساتھ اگر عمل کریں گے۔ تو انشاء اللہ العزیز خدائے وحدہ لاشریک کے لافانی کلام کا اثر لازمی ہے۔

عمل استغفار

ربنا ظلمنا انفسنا وان لم تغفرلنا و ترحمنا لنکونن من الخسرین. (پ 8 سورہ الاعراف : آیت 23)

"اے ہمارے رب ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور اگر تو ہم کو نہ بخشے اور ہم پر رحم نہ فرمائے تو ہم ضرور خسارہ پانے والوں میں سے ہو جائیں گے"

دلیل:۔

یہ عمل ابوالبشر حضرت آدم اور ام البشر حضرت حوا کا مجرب ہے۔ جب اللہ تعالیٰ نے ان دونوں بزرگ ہستیوں کو جنت میں متمکن فرما کر اطمینان سے رہنے کا اذن دیا نیز فرمایا کہ جو چاہو کھاؤ پیو سوائے خاص درخت کے۔ مگر شیطان کے ورغلانے پر دونوں نے شجر ممنوعہ کا پھل کھالیا۔ جس پر اللہ تعالیٰ نے ناراض ہو کر دونوں کو زمین پر اتار دیا۔ حضرت آدم علیہ السلام عرصہ دراز تک اپنی خطا پر لغزش پر آنسو بہاتے رہے آخر رحمن ورحیم کو رحم آ گیا

اوران کو مذکورہ بالا دعا سکھائی انہوں نے جب اپنے دل کی گہرائیوں سے اسے پڑھا تو غفور الرحیم نے ان کی خطا کو بخش دیا۔

تاثیر:۔

قرآن مجید کی اس آیت مبارکہ کی تاثیر یہ ہے کہ گناہوں کی مغفرت طلب کرنے کے لیے خاص اثر رکھتی ہے۔

طریقہ:۔

پورے خشوع وخضوع وطہارت کاملہ کے ساتھ بکثرت اس کا ورد کیا جائے اگر معین جگہ اور وقت کی پابندی کی جائے تو نور علی نور ہے۔

غیب سے روزی ملنے کا عمل

رب انی لما انزلت الی من خیر فقیر

"اے میرے پروردگار تو جو اچھی چیز میرے طرف اتارے، میں اس کا محتاج ہوں"۔(پارہ 20 سورہ القصص:24)

دلیل:۔

یہ حضرت موسیٰؑ کا مجرب عمل ہے۔ جب وہ قبطی کے قتل کے بعد مصر سے نکلے تو مدین جا کے ٹھہرے وہاں فرعون کی حکومت نہ تھی مگر ان کے پاس کوئی توشہ نہ تھا اسی وقت آپ نے اس وظیفہ کا ورد شروع کیا تو رب رزاق نے آپ کو خزانہ غیب سے روزی عطاء فرمائی۔

تاثیر:۔

کلام پاک کی یہ آیت مبارکہ روزی طلب کرنے کے لیے سریع الاثر ہے۔

طریقہ:۔

پہلے عمل میں ملاحظہ فرمائیں۔

عمل حل المقاصد

نماز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سورۃ فاتحہ اکتالیس مرتبہ مع بسم اللہ پڑھیں مگر پڑھتے وقت درج ذیل چار باتوں کا خیال رکھیں۔

1. بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی آخری "میم" کو الحمد کے لام سے ملا کر اس طرح مل حمد پڑھیں۔
2. رب العالمین کے بعد الرحمٰن الرحیم تین مرتبہ ہر بار پڑھیں۔
3. ایاک نعبد و ایاک نستعین پڑھتے وقت اپنے مقصد کا تصور کریں۔
